تصدیق شدہ اشاعت
گجرات، گوجرانوالہ، لاہور، اسلام آباد، خیبر پختونخوا کا واحد ترجمان منفرد روزنامہ اخبار
DAILY POWER OF PAKISTAN ISLAMABAD
★★★ ہر خبر آپ تک ★★★
روزنامہ
پاور آف پاکستان
اسلام آباد
Power of Pakistan News Agency
چیف ایڈیٹر: مرزا احمد علی
powerofpakistannewsagency.online
جلد نمبر 02 | منگل 02 دسمبر 2025، 10 جمادی الثانی 1447ھ | صفحات 08 قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 109

اسلام آباد: صدر آصف علی زرداری نے مصر کے وزیر خارجہ، ہجرت اور تارکین وطن ڈاکٹر بدر احمد محمد عبدلطی کی قیادت میں مصری وفد سے ایوان صدر میں ملاقات کی۔

پاکستان اور مصر کے بھائی چارے کا تعلق دنیا بھر میں معروف ہے

پاکستان اور مصر کے بھائی چارے کا تعلق دنیا بھر میں معروف ہے، ہم دونوں پر ذمہ داری ہے کہ اپنے ممالک کے سفارتی، اقتصادی، تجارتی، کاروباری، سیکورٹی اور دفاعی تعلقات کو بہت بلند سطح تک لے جائیں، پاکستانی وزیر خارجہ

اقتصادی، سیاسی اور سیکیورٹی کے شعبوں میں مشترکہ چیلنجز ہمیں مل کر کام کرنے کی ترغیب دیتے ہیں، ہم چاہتے ہیں کہ اپنے تعلقات کو تزویراتی سطح تک بلند کریں، ہماری شراکت داری کی کوئی حد نہیں، مصری وزیر خارجہ بدر

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان دوطرفہ تجارتی تعلقات کو فروغ دینے کے لیے 250 کاروباری اداروں کی (بقیہ نمبر 1)

لاہور: سپیکر ملک محمد احمد خان پنجاب اسمبلی کے تاریخی پرانے ایوان میں سپیکر اور عوام کے عنوان سے اہم عوامی شمولیتی سیشن میں شریک ہیں۔

دہشتگردی، انتشار کیخلاف ریاست اور عوام ایک ساتھ متحد رہیں گے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو نے (بقیہ نمبر 2)

راستہ تبدیل نہیں ہوگا، ضرورت پڑی تو اسلام آباد کا رخ کریں گے، مولانا فضل الرحمان



مردان (این این آئی) جمعیت علما اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے ایک بار پھر (بقیہ نمبر 3)

دہشتگردی اور سرحد کی صورتحال کے باعث کے پی میں گورنر راج پر غور کیا جا رہا ہے، بیرسٹر عقیل ملک

خیبر پختونخوا میں ایسا انتظامی ڈھانچہ ہو جو کچھ فائدہ تو دے، وزیر مملکت

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے قانون بیرسٹر عقیل ملک نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں گورنر راج سے متعلق معاملہ زیر غور ہے۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر عقیل ملک نے کہا کہ دہشتگردی اور سرحد کی صورتحال کو دیکھتے ہوئے گورنر راج لگانے (بقیہ نمبر 4)

پاکستانیوں کیلئے امارات کے ویزوں کی بندش سے متعلق خبروں کی تردید

کراچی (این این آئی) متحدہ عرب امارات کے قونصل جنرل بخیت عتیق الرویتی (بقیہ نمبر 5)

خیبر پختونخواہ میں سیاست، دہشتگردوں، جرائم پیشہ افراد کا گٹھ جوڑ ہے: عطا تارڑ

بانی پی ٹی آئی کی بہنیں بھارتی، افغانستان کے ٹی وی چینلز پر جا کر انٹرویوز دیتی ہیں، بھارتی چینلز پر جا کر یہ لوگ ملک کو بدنام کر رہے ہیں

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ خیبر پختونخواہ میں سیاست، دہشتگردوں اور جرائم پیشہ افراد کا گٹھ جوڑ ہے، منشیات اور غیر قانونی کاروبار کا سارا پیسہ دہشتگردی میں استعمال ہو رہا ہے، بانی پی ٹی آئی کی بہنیں بھارتی اور افغانستان کے ٹی وی چینلز پر جا کر انٹرویوز دیتی ہیں، بھارتی چینلز پر جا کر یہ لوگ ملک کو بدنام کر رہے ہیں، انہیں چلو بھر پانی میں ڈوب مرنا چاہیے، ان کا بھارت اور (بقیہ نمبر 6)

خیبر پختونخواہ کے لوگ، کھنڈر ہسپتال اور سکولز وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کے منتظر ہیں' مریم اورنگزیب

مریم اورنگزیب نے مشورہ دیا کہ فیملی ری یونین زمان پارک میں کرلیا کریں، عوام کو تکلیف نہ دیں

لاہور (این این آئی) ویب ڈیسک: پنجاب کی سینئر وزیر مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ خیبر پختونخواہ کے لوگ، کھنڈر ہسپتال اور سکولز وزیر اعلیٰ خیبر پختونخواہ کے منتظر ہیں، تحریک انصاف کو پشاور اور خیبر پختونخواہ جانے کا اعلان کرنا چاہیے۔ سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے اپنے (بقیہ نمبر 7)

خیبر پختونخوا میں خواجہ سرا افراد کی رجسٹریشن کیلئے نیا فارم متعارف

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا میں خواجہ سرا افراد کی باقاعدہ رجسٹریشن کے لئے سماجی بہبود محکمہ نے ایک نیا رجسٹریشن (بقیہ نمبر 8)



عوامی صحت کیلئے ایڈز جیسے بڑے خطروں کا خاتمہ کرینگے

لاہور: وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف لاہور ڈویلپمنٹ فیز ٹو سے متعلق اجلاس میں ہدایات جاری کررہی ہیں۔

معاشرے میں اس بیماری سے وابستہ بدنامی اور متاثرہ افراد سے امتیازی سلوک کے خاتمے کیلئے اجتماعی کاوش وقت کی اہم ضرورت ہے

اجتماعی قومی وسیاسی عزم، شعبہ جاتی باہمی تعاون، اور مشترکہ ذمہ داری کے ذریعے ہی پاکستان کی موجودہ رکاوٹوں پر قابو پا کر ہی ایڈز کے خاتمے کی جانب پیش رفت کو تیز کیا جا سکتا ہے، شہباز شریف کا ایڈز کے عالمی دن کے موقع پر پیغام

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے واضح کیا ہے کہ عوامی صحت کیلئے ایڈز جیسے بڑے خطروں کا خاتمہ کرینگے، بیماری سے خلاف تحفظ کو سب تک پہنچایا جائیگا، معاشرے میں اس بیماری سے وابستہ بدنامی اور متاثرہ افراد سے امتیازی سلوک کے خاتمے کیلئے اجتماعی کاوش وقت کی اہم ضرورت ہے، اجتماعی قومی وسیاسی عزم، شعبہ جاتی باہمی تعاون، اور مشترکہ ذمہ داری کے ذریعے ہی پاکستان کی موجودہ رکاوٹوں پر قابو پا کر ہی ایڈز کے خاتمے کی جانب پیش رفت کو تیز کیا جا سکتا ہے۔ ایڈز کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں شہباز شریف نے کہا کہ (بقیہ نمبر 10)

بھارت کے 7 جہاز گرا کر بہادر افواج نے دنیا بھر میں پاکستان کا نام روشن کیا ہے، بلاول بھٹو

افغانستان اور پاکستان میں دوریاں اور دہشت گردی پاکستان کے لیے خطرہ ہیں

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ بھارت کے 7 جہاز گرا کر بہادر افواج نے دنیا بھر میں پاکستان کا نام روشن کیا ہے، شکست خوردہ دشمن بھارت آج بھی پاکستان کے سازشیں کر رہا ہے، افغانستان اور پاکستان (بقیہ نمبر 9)

وفاقی حکومت نے ترقیاتی سکیموں میں خیبر پختونخوا کو مکمل طور پر نظرانداز کر دیا، مزمل اسلم



پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کے مشیر برائے خزانہ مزمل اسلم نے وفاقی حکومت کی جانب (بقیہ نمبر 11)

بین الاقوامی میڈیا سے بانی سے متعلق تشویش ناک خبریں آ رہی ہیں، وزیر اعلیٰ کے پی

پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختون خوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ 4 نومبر سے بانی پی ٹی آئی کو (بقیہ نمبر 12)

گورنر خیبر پختونخوا فیصل کنڈی کو تبدیل کیے جانے کا امکان

اسلام آباد (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کو تبدیل کیے جانے کا امکان ہے۔ (بقیہ نمبر 13)

خصوصی افراد معاشرے کا اہم حصہ، انہیں نظرانداز نہیں کیا جاسکتا: احسن اقبال

حکومت معذور افراد کی مشکلات سے آگاہ ہے، حقوق کے تحفظ کے لیے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے، وفاقی وزیر منصوبہ بندی

نارووال (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی ترقی وخصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ حکومت معذور افراد کی مشکلات سے آگاہ ہے اور ان کے حقوق کے تحفظ کے لیے اپنے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے محکمہ سوشل ویلفیئر (بقیہ نمبر 14)

مردان، سیاسی شخصیت کی سگریٹ فیکٹری پر چھاپہ، مقدمہ درج

فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے غیر قانونی سگریٹ کے 62 کارٹن ضبط کر لئے

مردان (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے مردان میں سگریٹ کی فیکٹری پر چھاپہ مار کر غیر قانونی سگریٹ کے 62 کارٹن ضبط کر لیے۔ ذرائع کے مطابق فیکٹری پر چھاپہ ایف بی آر ان لینڈ ریونیو نے مارا، ضبط شدہ سگریٹ پر ٹیکسز ادا نہیں کیے گئے تھے جس پر فیکٹری کو سیل کر کے مالکان پر مقدمہ درج کر لیا گیا۔ مقامی ذرائع نے بتایا کہ یہ فیکٹری سینیٹر دلاور خان کی ہے اور ان کے دباؤ کے باوجود کارروائی عمل میں لائی گئی۔ ایف بی آر ذرائع کے مطابق (بقیہ نمبر 15)

امریکی ریاست ٹیکساس میں بم بنانے کا دعویدار افغان شہری گرفتار

آسٹن (این این آئی) امریکا کی ریاست ٹیکساس میں بم بنانے کا دعویٰ کرنے والے افغانستان کے شہری کو گرفتار کر لیا گیا۔ امریکی میڈیا کے مطابق گرفتار ہونے والے افغان شہری کی شناخت محمد داؤد الوک زئی کے نام سے ہوئی ہے، افغان شہری نے بم بنانے سے (بقیہ نمبر 16)

غزہ میں جنگ بندی معاہدہ تنقید کا نشانہ بنایا جا رہا ہے: خواجہ آصف

مقصد امن لانا تھا مگر اسرائیل کی کارروائیوں نے معاہدے پر عمل درآمد کی نیت پر سوالات اٹھا دیئے ہیں، ایکس پر بیان

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ غزہ میں جنگ بندی معاہدے کو یکطرفہ قرار دیتے ہوئے تنقید کا نشانہ بنایا جا رہا ہے کیونکہ اسرائیلی افواج جنگ بندی کی خلاف ورزی جاری رکھے ہوئے ہیں اور فلسطینیوں کو مار رہی ہے، جن میں بچے بھی شامل ہیں۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر خواجہ آصف نے اپنے پیغام میں کہا کہ 10 اکتوبر کو جنگ بندی نافذ ہونے کے بعد سے 352 (بقیہ نمبر 28)

پاکستان نے اقوام متحدہ کے ہائی کمشنر برائے انسانی حقوق کے بے بنیاد بیان کو مسترد کر دیا

آئینی ترامیم عوام کے منتخب نمائندوں کا مکمل اختیار ہے، دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے اقوام متحدہ کے ہائی کمشنر برائے انسانی حقوق کے بے بنیاد بیان کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کی پارلیمنٹ کی منظور کردہ 27ویں آئینی ترمیم پر اقوام متحدہ کی بیجا تشویش ناقابل فہم ہے، آئینی ترامیم عوام کے منتخب نمائندوں کا مکمل اختیار ہے، جمہوری طریقہ کار کا احترام ہونا چاہیے۔ دفتر خارجہ کے ترجمان نے اپنے بیان میں کہا کہ پاکستان انسانی حقوق، انسانی وقار، بنیادی آزادیوں، قانون کی حکمرانی کے تحفظ کے (بقیہ نمبر 17)

رواں سال پاکستان اور چین کے درمیان اعلیٰ سطحی روابط میں نمایاں اضافہ ہوا، ژاؤ شیرین

سی پیک کے تحت 25.93 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری آئی، 2 لاکھ 61 ہزار روزگار کے مواقع پیدا ہوئے، چینی قونصل جنرل

اسلام آباد (این این آئی) چینی قونصل جنرل ژاؤ شیرین نے کہا ہے کہ رواں سال پاکستان اور چین کے درمیان اعلیٰ سطحی روابط میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، سی پیک کے تحت 93.25 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری آئی، 2 لاکھ 61 ہزار روزگار کے مواقع پیدا ہوئے۔ گوادر پرو کے مطابق پاکستان کے خارجہ تعلقات، بالخصوص چین اور امریکہ کے ساتھ روابط پر مرکوز ایک اہم اور اعلیٰ سطحی فورم منعقد ہوا، جس میں چینی قونصل جنرل ژاؤ شیرین، امور خارجہ کے ماہر محمد مہدی، سابق قومی سلامتی (بقیہ نمبر 18)

لاہور: صوبائی وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین واسا ہیڈ آفس میں تربیتی پروگرام کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں۔

فلسطینیوں کی جدوجہد آزادی میں پاکستان ساتھ کھڑا رہے گا: دفتر خارجہ

اسرائیلی مظالم نے انسانی ضمیر کو جھنجھوڑ دیا، یہ بربریت برداشت نہیں کی جاسکتی، جنگی جرائم اور نسل کشی پر جوابدہی ناگزیر ہے، ترجمان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے فلسطینی عوام سے اظہار یکجہتی کے عالمی دن پر ان کی غیر متزلزل سفارتی حمایت کا اعادہ کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ اسرائیلی مظالم نے انسانی ضمیر کو جھنجھوڑ دیا، یہ بربریت برداشت نہیں کی جاسکتی، جنگی جرائم اور نسل کشی پر جوابدہی ناگزیر ہے۔ دفتر خارجہ نے جاری کردہ بیان میں کہا کہ فلسطینی عوام نسلوں سے جارحیت، محرومی اور بدترین انسانی بحران کا سامنا کر رہے ہیں۔ ترجمان نے کہا کہ اسرائیلی

نارووال: وفاقی وزیر منصوبہ بندی ترقی احسن اقبال معذور افراد میں ویل چیئرز تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

سپریم کورٹ میں 36 سال پرانی آئینی درخواستوں پر سماعت پانچ دسمبر کو ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان میں مروجہ انتخابی نظام کو غیر اسلامی قرار دینے، حدود آرڈیننس میں زنا کے جرم اور شہادتوں متعلق دائر تقریباً 36 سال پرانی آئینی درخواستوں کی سماعت 5 دسمبر کو ہوگی، وفاقی حکومت نے شرعی عدالت کے فیصلوں کیخلاف 89ء میں اپیلیں دائر کی تھیں جن کی سماعت کیلئے (بقیہ نمبر 29)

آئی ایم ایف کے ساتھ اسٹاف لیول معاہدہ ہو چکا ہے، حکومت ڈھانچہ جاتی اصلاحات پر عمل پیرا ہے، وزیر خزانہ

کلائمیٹ فنانسنگ بہت اہم ہے، مینوفیکچرنگ کے شعبے میں بہتری خوش آئند ہے، پائیدار ترقی کے لیے ادائیگی کا توازن اور کرنٹ اکاؤنٹ اہم ہیں، مجموعی طور پر برآمدات میں پانچ فیصد اضافہ ہوا ہے، معاشی بہتری کے تسلسل کو برقرار رکھنا ہے، آئی ٹی شعبے میں ماہانہ بنیادوں پر بہتری دیکھی جا رہی ہے، پالیسی ریٹ کم ہونے کا قرض ادائیگی پر مثبت اثر مرتب ہوا، پانڈا بانڈ کا جلد (بقیہ نمبر 30)

کراچی: موسمیاتی تبدیلی اور تعمیر شدہ ماحول پر آئی جی ایچ ڈی کی سالانہ کانفرنس سے بانی ڈائریکٹر پروفیسر ذوالفقار بھٹہ خطاب کر رہے ہیں۔

جدہ میں قونصل جنرل خالد مجید کے اعزاز میں شاندار الوداعی تقریب

سعودی عرب میں چھ سالہ دورانیہ پاکستانی کمیونٹی کی خدمت کے نام رہا، امید ہے یہ رشتہ ہمیشہ مضبوط رہے گا، قونصل جنرل

لاہور (این این آئی) قونصل جنرل پاکستان جدہ خالد مجید کے اعزاز میں پروقار اور شاندار الوداعی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں پاکستان اور سیز کمیشن پنجاب کے وائس چیئرمین بیرسٹر امجد ملک نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ تقریب کا اہتمام ممتاز شخصیات مسعود احمد پوری، چوہدری اکرم گجر اور شیخ سعید احمد نے کیا۔ تقریب میں سعودی عرب کے مختلف شہروں الریاض، مدینہ منورہ، مکہ مکرمہ، ابھا، الطائف سے تعلق رکھنے والی پاکستانی کمیونٹی کی سیاسی، سماجی، کاروباری، ادبی، (بقیہ نمبر 31)

غزہ میں امداد روکی گئی تو دنیا خاموش نہیں رہے گی، یو این سیکرٹری جنرل کی وارننگ

تمام فریق حالیہ جنگ بندی پر مکمل عمل کریں، انتونیو گوتریس نے مطالبہ کر دیا

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے فلسطینی عوام سے یکجہتی کے عالمی دن کے موقع پر کہا ہے کہ مقبوضہ علاقوں میں اسرائیلی فوجی کارروائیاں مسلسل جاری ہیں، جو انتہائی تشویشناک ہیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے مغربی کنارے میں فلسطینیوں کے قتل عام، بار بار بے گھری اور انسانی امداد میں رکاوٹ کو "ناقابل قبول" قرار دیا۔ انتونیو گوتریس نے مطالبہ کیا کہ تمام فریق حالیہ جنگ بندی پر مکمل عمل کریں اور غزہ میں بڑے پیمانے پر انسانی امداد (بقیہ نمبر 19)

سعودی عرب میں مویشیوں کی چوری کے الزام میں 13 پاکستانی گرفتار

ریاض (این این آئی) سعودی عرب میں مویشیوں کی چوری کے الزام میں پولیس نے 13 پاکستانی شہریوں کو گرفتار کر لیا۔ سعودی میڈیا کے مطابق مویشیوں (بھیڑوں) کی چوری کے الزام میں 13 پاکستانیوں کو طائف میں گرفتار کیا گیا۔ سعودی اخبار کے مطابق (بقیہ نمبر 22)

سعودی عرب میں مویشیوں کی چوری کے الزام میں 13 پاکستانی گرفتار

ریاض (این این آئی) سعودی عرب میں مویشیوں کی چوری کے الزام میں پولیس نے 13 پاکستانی شہریوں کو گرفتار کر لیا۔ سعودی میڈیا کے مطابق مویشیوں (بھیڑوں) کی چوری کے الزام میں 13 پاکستانیوں کو طائف میں گرفتار کیا گیا ہے۔ سعودی اخبار کے مطابق ملزمان مویشی چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث ہیں۔ پولیس نے ملزمان کو ضروری قانونی (بقیہ نمبر 21)

کرم، پولیس سٹیشن چنارک پر دہشتگردوں کا حملہ

2 پولیس اہلکار شہید، 4 حملہ آور جوابی فائرنگ میں مارے گئے

کوہاٹ (این این آئی) قبائلی ضلع کرم کی وسطی تحصیل میں واقع پولیس سٹیشن چنارک پر دہشت گردوں نے حملہ کر دیا جس کے نتیجے میں 2 پولیس اہلکار شہید ہوگئے، جبکہ پولیس نے دلیرانہ اور بھرپور جوابی کارروائی کرتے ہوئے 4 حملہ آوروں کو مارا، 6 دیگر زخمی بھی ہوگئے۔ باخبر ذرائع اور مقامی میڈیا سے موصولہ ابتدائی اطلاعات کے مطابق اتوار کی شام وسطی (بقیہ نمبر 23)

مردان: جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان جامعہ اسلامیہ میں تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

آئینی عدالت کا قیام کارکردگی میں بہتری لانے میں مدد دیگا: ملک احمد خان

27 ترمیم ادارہ جاتی اصلاحات کے لئے ناگزیر تھی' سپیکر پنجاب اسمبلی کا طلبہ کے ساتھ انٹرایکٹو سیشن میں تفصیلی مکالمہ

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی نے تاریخی پرانے ایوان میں سپیکر اور عوام کے عنوان سے ایک اہم عوامی شمولیتی سیشن کا انعقاد کیا جس کی میزبانی سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کی۔ سپیکر نے سیشن کا آغاز ان سوالات کے جوابات سے کیا جو شہریوں نے واٹس ایپ کے ذریعے سپیکر اور عوام کے سرکاری نمبر پر بھیجے تھے جس سے عوام کو صوبائی مقننہ کے اعلیٰ ترین منصب تک براہ راست رسائی حاصل ہوئی۔ سیشن کے (بقیہ نمبر 32)

ٹی آئی پی لائسنس ہولڈرز کیلئے سخت رول آؤٹ تقاضے متعارف کرانے کا فیصلہ

پی ٹی اے نے اسٹیک ہولڈرز سے ان کی رائے اور متبادل تجاویز بھی طلب کر لیں

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی ٹیلی کمیونیکیشن انفرا اسٹرکچر پرووائیڈرز لائسنس ہولڈرز کی ناقص کارکردگی پر سخت نگرانی کا فیصلہ کر لیا ہے۔ ٹیلی کمیونیکیشن انفرا اسٹرکچر پرووائیڈر لائسنس ہولڈرز کی ناقص کارکردگی کا نوٹس لے لیا، زیادہ تر لائسنس ہولڈرز بنیادی تقاضے پورے کرنے میں ناکام رہے، ٹی آئی پی لائسنس ہولڈرز کیلئے سخت رول (بقیہ نمبر 27)

اسلام آباد سمیت مختلف شہروں میں موسم شدید سرد رہنے کا امکان

اسلام آباد (این این آئی) محکمہ موسمیات نے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد سمیت ملک کے مختلف شہروں میں شدید سردی کی پیشگوئی کر دی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق اسلام آباد اور گردونواح میں موسم سرد اور خشک رہے گا، (بقیہ نمبر 20)

امیر مقام نے عمرہ کی سعادت حاصل کی، ملک وقوم کی سلامتی کیلئے خصوصی دعائیں

مکہ مکرمہ (این این آئی) وفاقی وزیر برائے امور کشمیر و گلگت بلتستان اور سیفران و صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) خیبر پختونخوا انجینئر امیر مقام نے عمرہ کی سعادت حاصل کی۔ اتوار کو وزارت امور کشمیر و گلگت بلتستان اور سیفران کی جانب سے جاری بیان کے مطابق وفاقی وزیر (بقیہ نمبر 25)

لاہور: چیئرمین پرائم منسٹر یوتھ پروگرام رانا مشہود خان وزیر اعظم یوتھ پروگرام ٹیلنٹ ہنٹ کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

ایف سی ہیڈکوارٹر خودکش دھماکا، حملہ آور افغان شہری تھے، نادرا نے تصدیق کر دی

حملے کے دن خودکش حملہ آوروں کے زیر استعمال کوئی موبائل فون نہیں تھا، تفتیشی حکام

پشاور (این این آئی) فیڈرل کانسٹیبلری (ایف سی) ہیڈکوارٹر پر خودکش دھماکے سے متعلق تفتیش میں حملہ آوروں کے افغان شہری ہونے کی تصدیق ہوگئی۔ تفتیشی حکام کے مطابق نادرا نے تینوں حملہ آوروں کی افغان شہریت کی تصدیق کر دی ہے، تاہم نادرا کو حملہ آوروں کی مزید تفصیلات تاحال موصول نہیں ہوئیں۔ دھماکے سے متعلق اب تک 100 سے زیادہ مشتبہ افراد (بقیہ نمبر 33)

ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر 3195 شہری گرفتار، 6 کروڑ سے زائد کے جرمانے

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے جدید ٹریفک سسٹم اور اصلاحات کے نفاذ کا حکم دے دیا۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق لاہور سمیت صوبہ بھر میں ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں پر کریک ڈاؤن جاری ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران (بقیہ نمبر 34)

وزیر اعلیٰ پنجاب کا جدید ٹریفک سسٹم، اصلاحات کے نفاذ کا حکم

پنجاب پولیس کا لاہور سمیت صوبہ بھر میں ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں پر کریک ڈاؤن جاری

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق جدید ٹریفک سسٹم اور اصلاحات کے نفاذ کے لیے جاری اقدامات کے تحت پنجاب پولیس نے لاہور سمیت صوبہ بھر میں ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں پر بھرپور کریک ڈاؤن جاری رکھا ہوا ہے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ 24 گھنٹوں کے دوران صوبے بھر میں ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر 3195 افراد گرفتار جبکہ 3215 مقدمات درج کیے گئے۔ کارروائیوں (بقیہ نمبر 24)

وزیر اعلیٰ پنجاب کے وژن کے تحت واسا لاہور کے زیر اہتمام تربیتی پروگرام کا انعقاد

صوبائی وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین کا واسا ہیڈ آفس میں تربیتی پروگرام کے شرکاء سے خطاب

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے تحت واسا لاہور کے زیر اہتمام تربیتی پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ صوبائی وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین نے واسا ہیڈ آفس میں تربیتی پروگرام کے شرکاء سے خطاب کیا۔ واسا لاہور کے زیر اہتمام جاری تربیتی پروگرام میں شریک (بقیہ نمبر 36)

نارووال، موٹر سائیکلوں کے ٹکرانے سے ایک شخص جاں بحق، دوسرا زخمی

نارووال (این این آئی) مدو کا ہلواں روڈ پر دو تیز رفتار موٹر سائیکل ٹکرانے سے ایک شخص جاں بحق اور دوسرا زخمی ہو گیا۔ بتایا گیا ہے (بقیہ نمبر 35)

چنیوٹ: وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری بورڈ قیصر احمد شیخ چنیوٹ کے سیلاب سے متاثرہ علاقے میں فری میڈیکل کیمپ کے دورے کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں۔

قرض پروگرام ختم ہوتے ہی بجلی کی قیمتیں نیچے آئیں گی: رانا تنویر

بھارت کو پاکستان کے ہاتھوں تاریخی شکست ہوئی، سات جنگی جہازوں کے تباہ ہونے کی وجہ سے اسے چین نہیں آ رہا

مریدکے (این این آئی) وفاقی وزیر فوڈ سیکیورٹی رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ موجودہ حالات میں آئی ایم ایف کی وجہ سے سپیس نہیں مل رہی، قرض پروگرام ختم ہوتے ہی وزیر اعظم بجلی کی قیمتیں بہت نیچے لے آئیں گے۔ رکن پنجاب اسمبلی پیر اشرف رسول، سٹی پریس کلب مریدکے کے صدر رانا جعفر، ممتاز سماجی شخصیت حافظ دانش محمود، ٹی ایچ کیو ہسپتال مریدکے کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر احمد عمار اور زرعی سائنس دان (بقیہ نمبر 26)

جب تک بلاول بھٹو وزیراعظم نہیں بنیں گے، چین سے نہیں بیٹھوں گا: گورنر پنجاب

لوگ پیپلز پارٹی کو آنے والے الیکشن میں ووٹ کے ذریعے بھرپور نمائندگی دینگے' سردار سلیم حیدر خان

جلالپور جٹاں (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا ہے کہ جب تک بلاول بھٹو وزیراعظم نہیں بنیں گے چین سے نہیں بیٹھوں گا، وہ وقت دور نہیں جب پنجاب کی ہر چھت پر پیپلز پارٹی کا جھنڈا لہرائے گا۔ پیپلز پارٹی کے یوم تاسیس کے موقع پر کارکنوں کی کثیر تعداد نے گورنر پنجاب کا استقبال کیا، ڈھول کی تھاپ اور آتش بازی کا شاندار مظاہرہ کیا گیا۔ بلاول بھٹو زرداری نے سفارتی سطح پر پاکستان کا کامیاب مقدمہ جیت کر عوام کے دلوں پر چھاپ چھوڑ دی۔

30 سال سے زائد عمر کی ایک کروڑ سے زائد بچیاں شادی کے انتظار میں ہیں

بیوہ اور مطلقہ خواتین کو بھی شادیوں میں مشکلات کا سامنا ہے' میرج کنسلٹنٹ ویلفیئر ایسوسی ایشن

لاہور (این این آئی) ملک میں معاشی مسائل اور دیگر وجوہات کی بناء پر 30 سال سے زائد عمر کی ایک کروڑ سے زائد بچیاں شادی کے انتظار میں ہیں، بیوہ اور مطلقہ خواتین کو بھی شادیوں میں مشکلات کا سامنا ہے ۔ یہ اعداد و شمار میرج کنسلٹنٹ ویلفیئر ایسوسی ایشن کی جانب سے منعقدہ تقریب میں بتائے گئے ۔ تقریب میں سی ای او ارم سلیم، ویمن ونگ پنجاب کی صدر مصباح وکیل، سیکرٹری جنرل نذیر خان اور صدر پنجاب علی حسین شاہ سمیت دیگر نے شرکت کی ۔ مقررین نے کہا کہ سوشل میڈیا کی وجہ سے لڑکے اور لڑکی دونوں گھرانوں کے خیالات اونچے ہونے کی وجہ سے مطالبات بہت بڑھ چکے ہیں، برابر کا یا بہت اچھا رشتہ ملنے کے انتظار میں لڑکیوں کی شادی کی عمر نکل رہی ہے، معاشی مسائل بھی بڑی وجہ ہیں، ایک محتاط اندازے کے مطابق مختلف وجوہات کی بناء پر 30 سال سے زائد عمر کی ایک کروڑ سے زائد بچیاں شادی کے انتظار میں ہیں۔

نوجوانوں کے پاس روشن مستقبل کیلئے کوئی نہ کوئی لائحہ عمل ہونا چاہیے، پروفیسر ہارون الرشید تبسم

سرگودھا (این این آئی) ماہر تعلیم پروفیسر ہارون الرشید تبسم نے کہا کہ نوجوانوں کے پاس روشن مستقبل کے لیے کوئی نہ کوئی لائحہ عمل ہونا چاہیے۔ جو قوم فکر سے عاری ہو وہ کبھی ترقی نہیں کرسکتی۔ عصر حاضر میں نوجوانوں کی خصوصی تربیت بہت ضروری ہے یہاں کی پاکستانی طالبات نے اپنی صلاحیتوں کا بھرپور مظاہرہ کیا اور ثابت کیا کہ تعلیم کے ساتھ تربیت کا بہت ضروری ہے۔

لاہور: پی سی ایم ای اے کے چیئرمین میاں عتیق الرحمن کی قیادت میں وفد ہاتھ سے بنے قالینوں کی صنعت کو درپیش مسائل کے حوالے سے لاہور چیمبر کے صدر فہیم الرحمن سہگل سے ملاقات کر رہا ہے۔

فیصل آباد/تاندلیانوالہ: سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان، صدر تاندلیانوالہ بار مہر سخاوت علی فتیانہ کے صاحبزادے کی دعوت ولیمہ میں شریک ہیں۔

دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کے خلاف سخت جرمانے، پاک ای پی اے نے اسلام آباد میں نگرانی مزید سخت کردی

دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کو کسی صورت اسلام آباد میں چلنے کی اجازت نہیں دی جائے گی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان انوائرنمنٹل پروٹیکشن ایجنسی اسلام آباد (پاک ای پی اے اسلام آباد)، وزارتِ موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی کے تحت، نے وفاقی دارالحکومت میں دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کے مالکان کو سخت کارروائی کی تنبیہ جاری کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ زیادہ اخراج کرنے والی گاڑیوں کے خلاف فوری اور سخت تعزیری اقدامات کیے جائیں گے۔ اتوار کو جاری اپنے بیان میں پاک ای پی اے کی ڈائریکٹر جنرل نازیہ ذیب علی نے کہا کہ ایجنسی نے گاڑیوں سے سے نکلنے والے دھویں کے تدارک کے لئے اپنے انسفورسمنٹ آپریشنز میں شدت پیدا کر دی ہے، جو اسلام آباد میں بگڑتی فضائی کوالٹی اور بار بار پیدا ہونے والے اسموگ کے بڑے اسباب میں شمار ہوتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ نفاذِ قانون کی ٹیمیں شہر کی بڑی شاہراہوں، چوراہوں اور زیادہ ٹریفک والے مقامات پر باقاعدہ معائنہ کر رہی ہیں تا کہ دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کی نشاندہی کی جا سکے۔

کراچی، نشے کا عادی شوہر 6ماہ کی حاملہ بیوی کو قتل کر کے فرار

پولیس نے واقعے کا مقدمہ درج کرلیا،جس کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جارہے ہیں

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے 1605 علاقے شاہ فیصل کالونی میں نشے کے عادی شوہر نے 6 ماہ کی حاملہ بیوی کو بہیمانہ تشدد کے بعد جان سے مار دیا۔ رپورٹ کے مطابق کراچی میں نشے کا عادی شوہر 6 ماہ کی حاملہ بیوی کو قتل کر کے فرار ہوگیا۔ مقتولہ کے والدین نے بتایا کہ بیٹی پر اس کے ظالم شوہر نے تشدد کیا اور گلا دبا کر مار ڈالا، پولیس نے مقدمہ درج کر کے ملزم کی تلاش شروع کردی ہے۔ شاہ فیصل کالونی کے رہائشی کاشف حسین کی 20 سالہ بیٹی انوشہ شوہر کے ظلم کا شکار ہو کر اپنے میکے کے بعد اس دنیا سے بھی رخصت ہوگئی۔ انوشہ کے غمزدہ والد نے میڈیا کو بتایا کہ ڈھائی سال قبل بیٹی کی شادی ارزم ہوئی تھی۔ داماد نشے کا عادی تھا، 24 نومبر کو جب وہ بیٹی کے گھر پہنچے تو اس کی حالت غیر تھی، انتہائی تشویشناک حالت میں اسپتال منتقل کیا جہاں وہ دوران علاج دم توڑ گئی۔ مقتولہ کے والد نے کہا کہ ان کی بیٹی کے جسم پر تشدد کے واضح نشانات موجود تھے اسے گلا دبا کر قتل کرنے سے قبل تشدد بھی کیا گیا تھا۔

بعض عناصر این اے 18 ہری پور کو متنازع بنانے کیلئے بے بنیاد الزامات لگا رہے ہیں: الیکشن کمیشن

اگر ریٹرننگ آفیسر نے کوئی درخواست وصول کرنے سے انکار کیا تھا تو متعلقہ فریق کو الیکشن کمیشن سے رجوع کرنا چاہیے تھا ایسا نہیں کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے کہا ہے کہ بعض عناصر این اے 18 ہری پور کو متنازع بنانے کیلئے بے بنیاد الزامات لگا رہے ہیں، ڈی آر او اور آر او کی تعیناتی کو سازش قرار دینا ایسے دعوے حقائق کے سراسر منافی ہیں، اگر ریٹرننگ آفیسر نے کوئی درخواست وصول کرنے سے انکار کیا تھا تو متعلقہ فریق کو الیکشن کمیشن سے رجوع کرنا چاہیے تھا ایسا نہیں کیا گیا، فارم 45 کے پہلے سے تیار ہونے کا الزام بھی غلط ہے۔

روہڑی میں فائرنگ سے پولیس اہلکار کی شہادت پر وزیر داخلہ سندھ نے نوٹس لے لیا

کراچی (این این آئی) روہڑی میں نامعلوم ملزمان کی فائرنگ سے پولیس اہلکار شہید ہوگیا، واقعے نے پورے علاقے میں افسردگی اور تشویش کی فضا پیدا کر دی ہے۔ فائرنگ کے اس المناک واقعے پر وزیر داخلہ سندھ ضیا الحسن لنجار نے سخت نوٹس لیتے ہوئے ایس ایس پی سکھر سے فوری رپورٹ طلب کرلی۔ وزیر داخلہ سندھ نے واقعے کو قابلِ مذمت قرار دیتے ہوئے کہا کہ دہشتگردی اور پولیس پر حملے ناقابلِ برداشت ہیں۔

عالمی سطح پر آرگینک خوراک کی قیمتیں 25 سے 30 فیصد زیادہ ملتی ہیں' نجم مزاری

موجودہ رفتار برقرار رہی تو صرف گوشت کی برآمدات 1 ارب ڈالر سالانہ تک پہنچ سکتی ہیں

لاہور (این این آئی) آرگینک خوراک اور مصنوعات پر ریسرچ کرنے والے ادارے کے سربراہ نجم مزاری نے کہا ہے کہ حال ہی میں آرگینک اور ویلیو ایڈڈ گوشت کے بڑے بین الاقوامی آرڈرز ملنے کے بعد پاکستان کیلئے آرگینک زراعت اور متعلقہ مصنوعات کے فروغ کے نئے دروازے کھل گئے ہیں، عالمی منڈیوں میں آرگینک خوراک کی بڑھتی مانگ پاکستان کے لیے ایک اہم موقع ہے جس سے نہ صرف زرعی برآمدات میں اضافہ ہوسکتا ہے بلکہ دیہی معیشت کو بھی مستحکم کیا جا سکتا ہے، ابتدائی مراحل میں چیلنجز بھی موجود ہیں لیکن اگر حکومت سرپرستی کرے تو انہیں آسانی سے حل کیا جا سکتا ہے۔ اپنے بیان میں نجم مزاری نے کہا کہ پاکستان کو آرگینک گوشت کے آرڈرز ملنے کے بعد اس کی برآمدات کا حجم کئی گنا بڑھنے کی توقع ہے۔

کراچی: موسمیاتی تبدیلی اور تعمیر شدہ ماحول پر آئی جی ایچ ڈی کی سالانہ کانفرنس سے ماہرین خطاب کر رہے ہیں۔

ضلع سبی میں زلزلے کے جھٹکے، شہریوں میں خوف و ہراس

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع سبی میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے جن سے شہریوں میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کی شدت 3 اور گہرائی 15 کلومیٹر ریکارڈ کی گئی، زلزلے کا مرکز سبی سے 40 کلومیٹر جنوب مغرب میں تھا۔ زلزلے کے بعد لوگ کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے گھروں سے باہر نکل آئے، زلزلے کے بعد فوری طور پر کسی قسم کے جانی و مالی نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔

گزشتہ سالوں کے مقابلہ میں 25 فیصد سے زائد تصدیق شدہ بیج کا استعمال کیا جارہا ہے

کھادوں کی مقرر کردہ نرخوں سے بھی کم قیمت پر وافر مقدار میں دستیابی ممکن بنائی گئی ہے، افتخار علی سہو

ملکوآنہ (این این آئی) سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیر صدارت ملتان میں گندم کی کاشت بارے جائزہ اجلاس منعقد ہوا جس میں انہوں نے گندم کو ملکی فوڈ سیکیورٹی کے لیے ناگزیر قرار دیتے ہوئے کہا کہ پنجاب میں گندم کی کاشت کا ہدف 1 کروڑ 65 لاکھ ایکڑ مقرر کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ رواں سیزن صوبہ میں مقرر کردہ ہدف سے زائد رقبہ پر گندم کاشت کی جائے گی۔ گندم کا تصدیق شدہ بیج 5500 روپے فی بیگ کے حساب سے مارکیٹوں میں وافر مقدار میں دستیاب ہے جبکہ گزشتہ سالوں کے مقابلہ میں 25 فیصد سے زائد تصدیق شدہ بیج کا استعمال کیا جارہا ہے۔ کھادوں کی مقرر کردہ نرخوں سے بھی کم قیمت پر وافر مقدار میں دستیابی ممکن بنائی گئی ہے۔

عوامی ریلیف کے لیے جامع حکمت عملی اپنائی جارہی ہے' چوہدری شہزاد نذیر سندھو

ترقیاتی منصوبوں میں تیزی حکومت کی سنجیدگی کا ثبوت ہے، عوام حکومت کا ساتھ دیں' مسلم لیگی رہنما

رائے ونڈ (این این آئی) چیئرمین پنجاب ٹرانسپورٹ کمپنی و مسلم لیگی رہنما چوہدری شہزاد نذیر سندھو نے کہا ہے کہ موجودہ لیگی حکومت ملک کو درپیش معاشی اور انتظامی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے سنجیدہ اور عملی اقدامات کر رہی ہے، حکومت نے قلیل مدت میں جس طرح استحکام کی طرف پیش قدمی کی ہے، وہ قابلِ تعریف ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ ترقیاتی منصوبوں پر کام تیزی سے جاری ہے، عوامی ریلیف کے لیے جامع حکمتِ عملی اپنائی جا رہی ہے اور بین الاقوامی سطح پر پاکستان کا موقف موثر انداز میں اجاگر کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک بار پھر عوام نے یہ ثابت کر دیا کہ (ن) لیگ پر ان کا اعتماد پہلے سے کہیں زیادہ بڑھ چکا ہے، کھوکھلے نعروں سے عوام متاثر نہیں ہوگی اس لیے مخالفین الزام تراشی سے نہیں بلکہ عوام کی خدمت کر کے ہمارا مقابلہ کرنا سیکھیں۔

سال 2050 میں دنیا کی آبادی 9 ارب سے تجاوز کر جائے گی

ملکوآنہ (این این آئی) جامعہ زرعیہ فیصل آباد کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ذوالفقار علی نے کہا ہے کہ سال 2050 میں دنیا کی آبادی 9 ارب سے بھی تجاوز کر جائے گی جس کی مناسبت سے غذائی ضروریات پوری کرنے کیلئے زرعی سائنسدانوں کو دستیاب زمینی و آبی وسائل سے استفادہ کرتے ہوئے زرعی اجناس کی پیداواریت کو اعلیٰ ترین اہداف تک پہنچانا ہوگا۔

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات اور پاکستان انجینئرنگ کونسل کا نمائندہ ملاقات کر رہا ہے۔

پاکستان کو موسمیاتی خطرات سے محفوظ بنانے کیلئے مربوط حکمت عملی ناگزیر ہے، مصدق ملک

بدلتے ہوئے موسمیاتی رجحانات کم آمدنی والے طبقات کے لیے سب سے بڑا چیلنج بنتے جارہے ہیں، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا ہے کہ پاکستان کو موسمیاتی خطرات سے محفوظ بنانے کے لیے سائنسی منصوبہ بندی، فوری اقدامات اور مربوط حکمت عملی ناگزیر ہے، بدلتے ہوئے موسمیاتی رجحانات کم آمدنی والے طبقات کے لیے سب سے بڑا چیلنج بنتے جارہے ہیں جن سے نمٹنے کے لیے حکومت ہنگامی بنیادوں پر جامع اقدامات کر رہی ہے۔

انڈسٹریل زون کے قیام کے مطالبے سے دستبردار نہیں ہوئے: ہمایوں اختر خان

کسان کو اجناس سٹور کرنے کی سہولت ،قرض فراہمی کے میکنزم کیلئے پیشرفت خوش آئند ہے

فیصل آباد/ تاندلیانوالہ (این این آئی) سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان نے کہا ہے کہ انڈسٹریل زون کے قیام کے مطالبے سے دستبردار نہیں ہوئے بلکہ اس کے لئے کاوشیں جاری رکھے ہوئے ہیں، عوام کے دیرینہ مسائل کے حل اور علاقے کی ترقی کیلئے عملی اقدامات کر کے ثابت کیا ہے کہ عہدے اہمیت نہیں رکھتے بلکہ اس کیلئے نیک نیتی اور عزم کا ہونا ضروری ہے۔

پاکستان پیپلز پارٹی کے 58ویں یوم تاسیس پر وزیراعلیٰ سندھ کا پیغام

جمہوریت کی بالادستی، آئین کا تحفظ اور عوامی حکومت ہمارا بنیادی مشن ہے، مراد علی شاہ

کراچی (این این آئی) ملک بھر میں 30 نومبر کو پاکستان پیپلز پارٹی کا 58 واں یومِ تاسیس منایا جوش و جذبے سے منایا گیا اور ملک کے 100 سے زائد مقامات پر اجتماعات کا انعقاد کیا گیا۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے 58 ویں یوم تاسیس پر وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوامی حقوق اور جمہوریت کے لیے جدوجہد کی ہے، جمہوریت کی بالادستی، آئین کا تحفظ اور عوامی حکومت ہمارا بنیادی مشن ہے۔ شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید محترمہ بینظیر بھٹو کے مشن پر عمل ہمارا عزم ہے۔ وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ پیپلز پارٹی کے 58 یوں تاسیس پر عوام، جیالوں اور قیادت کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ پاکستان پیپلز پارٹی کی کامیابی کا راز عوام کو طاقت کا سرچشمہ ماننا ہے۔ جمہوریت اور آئین کی بالادستی پیپلز پارٹی کی بنیادی پہچان ہے۔ سندھ حکومت عوامی خدمت اور ترقی کے ایجنڈے پر مسلسل گامزن ہے۔

کراچی، سہراب گوٹھ میں پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان مقابلہ، ایک ملزم زخمی حالت میں گرفتار، ساتھی فرار

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے علاقے سہراب گوٹھ سپر مارکیٹ کے قریب پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان مبینہ مقابلہ میں ایک ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا اور ساتھی موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا۔ پولیس کے مطابق گشت کے دوران مشکوک موٹرسائیکل سوار ملزمان کو رکنے کا اشارہ کیا گیا تو انہوں نے پولیس پارٹی پر اندھادھند فائرنگ کر دی۔ پولیس کی جانب سے فوری جوابی کارروائی کی گئی جس کے نتیجے میں ایک ملزم زخمی ہو کر گرفتار ہوا۔

لیاقت آباد میں گھروں میں ڈکیتی کی وارداتیں عام ہو گئیں

سپر مارکیٹ تھانے کی حدود میں گھر سے ملزمان تقریباً 3 لاکھ روپے نقدی لوٹ کر فرار

کراچی (این این آئی) ضلع وسطی کے علاقے لیاقت آباد سپر مارکیٹ تھانے کی حدود میں گھروں میں ڈکیتی کی وارداتیں عام ہو گئیں ۔ لیاقت آباد تھانے میں متعدد ایف آئی آر درج ہونے کے باوجود نامعلوم ملزمان قانون کی گرفت سے دور ہیں۔ ڈکیتی کی وارداتیں بڑھنے سے علاقہ مکین خوف میں مبتلا اور عدم تحفظ کا شکار رہیں ۔ سپر مارکیٹ تھانے کی حدود لیاقت آباد نمبر 3 کے مکان نمبر 448 بی تھری کے گھر میں رات کے وقت ڈکیتی کا ایک واقع پیش آیا جس میں ڈکیت 2 لاکھ 90 ہزار روپے لوٹ کر با آسانی فرار ہو گئے واقعہ رات دس بجے کے بعد اس وقت پیش آیا جب علاقہ میں لوڈشیڈنگ کی وجہ سے بجلی بند تھی اور گھر میں کوئی موجود نہیں تھا۔ مختار احمد عرف نعیم کی جانب سے سپر مارکیٹ تھانے میں درج ایف آئی آر کے مطابق ڈکیتوں نے مرکزی دروازے کا تالا کاٹ دیا تھا اور گھر میں داخل ہو کر الماری کا سامان باہر نکال کر نقدی لوٹ لی۔

بانی پی ٹی آئی عمران خان کی غیر قانونی قید بدترین سیاسی انتقام ہے' رانا جاوید عمر

آئی ایم ایف کی حالیہ رپورٹ حکومت کی مالی بدعنوانی، بدترین انتظامی ناکامی کا کھلا ثبوت ہے

رائے ونڈ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما رانا جاوید عمر نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کی غیر قانونی اور غیر آئینی قید انسانی حقوق کی سنگین ترین خلاف ورزی ہے، قوم کے مقبول ترین اور عظیم لیڈر کو مکمل تنہائی میں رکھنا بدترین سیاسی انتقام ہے جبکہ ان سے ملاقاتوں کو روکنا آئین، قانون اور عدالتی احکامات کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ بشریٰ بی بی سمیت ناحق قید کیے گئے سیاسی رہنماؤں کو بنیادی طبی سہولیات سے محروم رکھنا انسانی حقوق کی بدترین پامالی ہے۔ حکومت عدالتی احکامات پامال کر کے نہ صرف اداروں کی ساکھ مجروح کر رہی ہے بلکہ انصاف کے پورے نظام کو نقصان پہنچا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف کی حالیہ رپورٹ حکومت کی مالی بدعنوانی اور بدترین انتظامی ناکامی کا کھلا ثبوت ہے جس میں 5300 ارب روپے کی کرپشن واضح طور پر سامنے آ چکی ہے۔

گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری کی ورلڈ گولڈ بینٹم ویٹ ٹائٹل جیتنے پر محمد وسیم کو مبارکباد

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے عالمی شہرت یافتہ پاکستانی باکسر محمد وسیم کو ورلڈ گولڈ بینٹم ویٹ ٹائٹل جیتنے پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ گورنر سندھ نے کہا کہ محمد وسیم کی شاندار عالمی کامیابی پاکستان کے لیے باعثِ فخر ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ معروف باکسر نے اپنی محنت اور لگن کے ذریعے پوری دنیا میں پاکستان کا نام روشن کیا ہے۔ گورنر کامران خان ٹیسوری نے ورلڈ گولڈ بینٹم ویٹ ٹائٹل جیتنے کو ایک بڑا اعزاز قرار دیتے ہوئے محمد وسیم کو خراجِ تحسین پیش کیا۔

موسم کے رنگ بدلتے ہی گرم کپڑوں اور جوتوں کی قیمتیں بھی آسمان سے باتیں کرنے لگیں

دوکانداروں نے بھی گرم کپڑوں اور جوتوں کی قیمتوں میں 100 سے 200 فیصد اضافہ کر کے مہنگائی کا طوفان برپا کر دیا، رپورٹ

ننکانہ صاحب (این این آئی) موسم کے رنگ بدلتے ہی گرم کپڑوں اور جوتوں کی قیمتیں بھی آسمان سے باتیں کرنے لگیں۔ بازاروں میں خریداروں کا رش، گرم کپڑوں اور جوتوں کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے سے سفید پوش اور غریب طبقہ بھاؤ پوچھنے تک محدود ہو کر رہ گیا۔ تفصیلات کے مطابق ننکانہ صاحب سمیت ملک بھر میں موسم تبدیل ہوتے ہی گرم کپڑوں اور جوتوں کی مانگ میں اضافہ ہونے سے بازاروں میں خریداروں کے رش میں دن بدن اضافہ ہوتا نظر آرہا ہے۔ بہتی گنگا میں ہاتھ دھونے کیلئے دوکانداروں نے بھی گرم کپڑوں اور جوتوں کی قیمتوں میں 100 سے 200 فیصد اضافہ کر کے مہنگائی کا طوفان برپا کر رکھا ہے سروے کے دوران شہریوں نے بتایا کہ موسم سرما کا آغاز ہوتے ہی شہر کے دوکانداروں نے گرم کپڑے اور جوتوں کی قیمتوں میں من مانا اضافہ کر کے خریداروں کی جیبوں پر ڈاکہ ڈالنا شروع کر رکھا ہے۔

ایف آئی اے کی سمن آباد میں کارروائی، غیر قانونی کرنسی ایکسچینج میں ملوث تین ملزمان گرفتار

لاہور (این این آئی) ایف آئی اے کارپوریٹ کرائم سرکل نے سمن آباد کے علاقے میں کارروائی کرتے ہوئے غیر قانونی کرنسی ایکسچینج میں ملوث تین ملزمان کو گرفتار کر کے غیر ملکی کرنسی برآمد کر لی۔ گرفتار ملزمان کی شناخت مدثر، سجاد علی اور محمد خالد کے نام سے ہوئی جن سے 18 ہزار سعودی ریال، 10 ہزار امریکی ڈالر اور 5 ہزار برطانوی پاؤنڈز برآمد ہوئے۔

برآمدات بڑھانے کے لئے حکومت سنجیدہ اقدامات اٹھائے' فہیم الرحمن سہگل

پی سی ایم ای اے کے چیئرمین عتیق الرحمان کی قیادت وفد کی صدر لاہور چیمبر سے ملاقات

لاہور (این این آئی) پاکستان کارپٹ مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین میاں عتیق الرحمان کی قیادت وفد نے صدر لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری فہیم الرحمن سہگل سے ملاقات کر کے ہاتھ سے بنے قالینوں کی صنعت کو درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیلی آگاہ کیا۔ اس موقع پر لاہور چیمبر کے سینئر نائب صدر تنویر احمد شیخ اور نائب صدر خرم لودھی بھی موجود تھے۔ کارپٹ ایسوسی ایشن کی جانب سے پیٹرن انچیف عبد اللطیف ملک، چیئرپرسن کارپٹ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ اعجاز الرحمان، سینئر ممبر سعید خان، سعد اعجاز سمیت دیگر وفد میں شامل تھے۔ چیئرمین میاں عتیق الرحمن نے کہا کہ ہاتھ سے بنے قالینوں کی صنعت کو کئی طرح کے چیلنجز کا سامنا ہے جس میں افرادی قوت کی کمی، بھاری بھرکم ٹیکسز اور پیداواری لاگت سرفہرست ہیں۔

کراچی، فائرنگ کے دو الگ واقعات میں خاتون سمیت دو افراد زخمی

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں فائرنگ کے دو علیحدہ واقعات پیش آئے جن میں خاتون سمیت دو افراد زخمی ہوگئے۔ نیو کراچی کے علاقے خمیسو گوٹھ میں نامعلوم ملزمان کی فائرنگ سے ایک خاتون زخمی ہوگئیں۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو اہلکار موقع پر پہنچے اور زخمی خاتون کو فوری طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کیا۔ دوسرا واقعہ سپر ہائی وے نیو سبزی منڈی میں دعا ریسٹورنٹ کے قریب پیش آیا جہاں فائرنگ کے نتیجے میں ایک شخص زخمی ہوگیا۔

لاہور: نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ اجتماع عام میں کارکنوں کے اعزاز میں ناشتہ کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

جمعیت علمائے برطانیہ کے ترجمان حافظ محمد اکرام کا الخیر ٹرسٹ کا دورہ

قدرتی آفات سے متاثرہ خاندانوں کے لئے الخیر ٹرسٹ کی خدمات ناقابل فراموش ظہرانے سے خطاب

کراچی (این این آئی) جمعیت علمائے برطانیہ کے مرکزی ترجمان حافظ محمد اکرام نے پاکستان کے دورے کے موقع پر کراچی میں الخیر ٹرسٹ کے مرکزی سیکرٹریٹ سائٹ کا دورہ کیا اور ٹرسٹ کے چیئرمین محمد طاہر انصاری سے ملاقات کی اس موقع پر حافظ محمد اکرام کے بڑے بھائی کے انتقال پر تعزیتی اجلاس منعقد ہوا، جس میں چیئرمین محمد طاہر انصاری، انفارمیشن سیکرٹری مولانا مشتاق الرحمن زاہد، مولانا حماد اللہ شاہ، مولانا انوار الحق، مولانا عظیم اللہ عثمان، مولانا لطیف اللہ، مفتی محمد اشرف، بھائی محمد افضل اور دیگر نے شرکت کی۔ تعزیتی اجلاس میں مرحوم کیلئے فاتحہ خوانی اور درجات کی بلندی کیلئے خصوصی دعا کی گئی بعد ازاں ہیلتھ ڈپارٹمنٹ کے نگران ڈاکٹر موسیٰ اور ڈپٹی ڈاکٹر عبیداللہ نے انہیں ہیلتھ ڈپارٹمنٹ کے حوالے سے بریفنگ دی۔ اس موقع پر ان کے اعزاز میں ظہرانے کا اہتمام بھی کیا گیا۔ ظہرانے سے خطاب کرتے ہوئے حافظ محمد اکرام نے الخیر ٹرسٹ کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ الخیر ٹرسٹ بلاتفریق پچیس سال سے مستحق و سفید پوش خاندانوں کی مدد کر رہا ہے

کراچی: دی سٹیرنز فاؤنڈیشن کے سالانہ فنڈ ریزنگ اور آگاہی مہم سائیکل فار چینج میں سائیکلسٹس کا ریس سے قبل گروپ فوٹو۔

کراچی: محکمہ انسانی حقوق کے تحت اعلیٰ سطحی گول میز اجلاس میں سرکاری افسران، ترقیاتی اداروں کے نمائندگان، سول سوسائٹی کے اراکین اور ماہرین موسمیات شریک ہیں۔

کے پی حکومت کا ہری پور ضمنی انتخابات میں مبینہ دھاندلی کی انکوائری کا فیصلہ

کلاس فور سے لے کر ڈسٹرکٹ کمشنر تک تمام سطح پر انکوائری کی جائے گی اور اگر کوئی ملوث پایا گیا تو سخت سزا دی جائے گی' شفیع جان

ہری پور (این این آئی) خیبر پختونخوا حکومت نے ہری پور ضمنی انتخابات میں مبینہ دھاندلی کی انکوائری کا فیصلہ کرلیا۔ معاونِ خصوصی برائے اطلاعات خیبر پختونخوا شفیع جان نے نجی ٹی وی سے گفتگو میں بتایا کہ وزیراعلیٰ سہیل آفریدی نے ہری پور ضمنی انتخابات کی انکوائری کا حکم دیا ہے۔ شفیع جان نے کہا کہ کلاس فور سے لے کر ڈسٹرکٹ کمشنر تک تمام سطح پر انکوائری کی جائے گی اور اگر کوئی ملوث پایا گیا تو سخت سزا دی جائے گی۔

قوم کا متفقہ مطالبہ ہے ملک کی خاطر میثاق معیشت کیا جائے' اشرف بھٹی

اپوزیشن کو حکومت کی جانب مذاکرات کی پیشکش پر سنجیدگی دکھانی چاہیے' صدر انجمن تاجران پاکستان

لاہور (این این آئی) آل پاکستان انجمن تاجران کے مرکزی صدر اشرف بھٹی نے کہا ہے کہ اپوزیشن کو حکومت کی جانب مذاکرات کی پیشکش پر سنجیدگی دکھانی چاہیے، جب تک بد اعتمادی کی فضاء ختم نہیں ہو گی مذاکرات کی بیل منڈھے نہیں چڑھ سکتی اس لئے ایک دوسرے کیلئے سپیس پیدا کرنی چاہیے، معاشی اشاریے بہتری کی جانب گامزن ہیں جس کے تسلسل کے لئے سیاسی استحکام ناگزیر ہے۔ اپنے بیان میں صدر آل پاکستان انجمن تاجران اشرف بھٹی نے کہا کہ قوم کا متفقہ مطالبہ ہے کہ تمام سیاسی جماعتیں ملک کی خاطر میثاق معیشت کریں تا کہ ملک کو معاشی طور پر مضبوط بنیادیں میسر آ سکیں۔ حکومت اور اپوزیشن سے اپیل ہے کہ مذاکرات کے عمل کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لئے کھلے دل اور ذہن کے ساتھ پیشرفت کریں، کسی بھی فریق کو سیاسی مفادات کی بجائے ملک کے مفادات کو ترجیح دینی چاہیے اور اسی میں بقاء ہے۔

پنجاب میں منشیات فروشوں کیخلاف کارروائی کا آغاز

لاہور (این این آئی) کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ (سی سی ڈی) نے پنجاب میں منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کا آغاز کر دیا۔ ترجمان سی سی ڈی نے بتایا کہ پنجاب بھر سے منشیات فروشوں کے کوائف اکٹھے کیے جا چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب سے منشیات فروشی کا مکمل خاتمہ کر دیا جائے گا۔ ترجمان سی سی ڈی نے یہ بھی کہا کہ نئی نسل کو منشیات کی لعنت سے بچانے کے لیے ہر حد تک جائیں گے۔

سینیٹر مشاہد حسین ایشیا-یورپ پولیٹیکل فورم کے چیئرمین منتخب

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹر مشاہد حسین ایشیا-یورپ پولیٹیکل فورم کے چیئرمین منتخب ہو گئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق سینیٹر مشاہد حسین سید کو ایشیا-یورپ پولیٹیکل فورم (اے ای پی ایف) کے چیئرمین کے طور پر متفقہ طور پر منتخب کر لیا گیا۔ یہ انتخاب اس دو براعظمی تنظیم کے سالانہ اجلاس میں عمل میں آیا جو ہنگری کے دارالحکومت بوداپیسٹ میں منعقد ہوا اور کل اختتام پذیر ہوا۔ یہ کانفرنس ''یوریشیا میں امن اور جمہوریت'' کے عنوان کے تحت منعقد کی گئی۔

لاہور: الحمرا صوفی فیسٹول میں نامور گلوکارہ تحسین سکینہ ساتھیوں کے ہمراہ صوفیانہ کلام پیش کر رہی ہیں۔

وفاقی دارالحکومت، شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے اسلام آباد پولیس متحرک

ایس ایس پی آپریشنز قاضی علی رضا کا مختلف مقامات سمیت ناکہ جات اور گرجا گھروں کا دورہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دار الحکومت میں سکیورٹی کو یقینی بنانے اور شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے اسلام آباد پولیس متحرک ہوگئی، ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے مختلف مقامات سمیت ناکہ جات اور گرجا گھروں کا دورہ کر کے ڈیوٹی پر موجود پولیس افسران و جوانوں سے ملاقات کی اور سکیورٹی امور کا جائزہ لیا۔ تفصیلات کے مطابق سینئر سپرنٹینڈنٹ آف پولیس آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے وفاقی دارلحکومت میں مختلف مقامات سمیت ناکہ جات اور گرجا گھروں کا دورہ کیا، انہوں نے ڈیوٹی پر مامور پولیس افسران و جوانوں سے ملاقات کی اور سکیورٹی امور کا جائزہ لیا، ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد نے تمام افسران کو ہدایت کی کہ وہ ہمہ وقت الرٹ رہیں اور جرائم پیشہ عناصر پر کڑی نظر رکھی جائے، انہوں نے ناکہ جات پر سکیورٹی انتظامات مزید سخت کرنے اور مشکوک گاڑیوں و موٹر سائیکلوں کی مؤثر چیکنگ کو یقینی بنانے کیلئے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ناکہ جات پر اضافی نفری اور موبائل یونٹس تعینات کر دیئے گئے ہیں

کراچی: امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان ٹی ایم سی ماڈل کالونی کے تحت ملیر ہالٹ سے سعود آباد ریلوے لائن کے نئی سڑک کی تعمیر کا سنگ بنیاد کا افتتاح کر رہے ہیں۔

راولپنڈی پولیس کا مختلف علاقوں میں سرچ آپریشن، ایک غیر قانونی مقیم افغان باشندہ زیر حراست

سرچ آپریشنز میں 825 گھر، 698 دوکانیں، 51 ہوٹل، 5 ہاسٹل اور مجموعی طور پر 1286 افراد کے کوائف کو چیک کیا گیا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشن کے دوران ایک غیر قانونی مقیم افغان باشندے کو حراست میں لیا، جبکہ سرچ آپریشنز میں 825 گھر، 698 دوکانیں، 51 ہوٹل، 5 ہاسٹل اور مجموعی طور پر 1286 افراد کے کوائف کو چیک کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس نے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشنز کیے، سرچ آپریشنز میں 825 گھر، 698 دوکانیں، 51 ہوٹل، 5 ہاسٹل اور مجموعی طور پر 1286 افراد کے کوائف کو چیک کیا گیا، سرچ آپریشنز کے دوران 1 غیر قانونی مقیم افغان باشندے کو حراست میں لیا گیا، سرچ آپریشنز کے دوران، 21 کباڑ خانے، 7 بس/ٹرک اسٹینڈ اور کرایہ داروں کے کوائف کی بھی چیکنگ کی گئی، کوائف کرایہ داری کا اندراج نہ کروانے والے افراد کے خلاف 2 مقدمات درج کیے گئے۔

حکومت کے پاس دکھانے کو کچھ نہیں صرف کہتے ہیں کریں گے: محمد زبیر

گزشتہ تین سال کا گروتھ ریٹ دیکھ لیں ہر چیز مائنس میں ہے، سرمایہ کاری نہیں ہوگی تو روزگار کے مواقع بھی پیدا نہیں ہوں گے، سابق گورنر سندھ

کراچی (این این آئی) سابق گورنر سندھ محمد زبیر نے کہا ہے کہ حکومت کے پاس دکھانے کو کچھ نہیں صرف کہتے ہیں کریں گے۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے سابق گورنر سندھ محمد زبیر نے کہا کہ گزشتہ تین سال کا گروتھ ریٹ دیکھ لیں ہر چیز مائنس میں ہے، سرمایہ کاری نہیں ہوگی تو روزگار کے مواقع بھی پیدا نہیں ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں آبادی کے بڑھنے کے حساب سے روزگار پیدا نہیں ہو رہا۔

سوات، فضاگٹ کے پہاڑوں میں آتشزدگی، ذمہ داران کیخلاف کارروائی کا حکم

سوات (این این آئی) ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر بابوزئی طارق خان نے اسسٹنٹ کمشنر یوٹی کامران علی شاہ، سب ڈویژنل فاریسٹ آفیسر بابوزئی اور محکمہ جنگلات کے دیگر اہلکاروں کے ہمراہ فضاگٹ کے اس مقام کا معائنہ کیا جہاں گزشتہ شب جھاڑیوں اور پہاڑی میں آگ بھڑک اٹھی تھی، آگ کو ریسکیو 1122، سوات پولیس، محکمہ جنگلات اور مقامی لوگوں کی مشترکہ بروقت کوششوں سے قابو پایا گیا

ملک کے تمام مسائل کا حل صرف نظام مصطفی ﷺ ہے' جے یو آئی (س)

جے یو آئی (س) کی سیاست محض اقتدار کی دوڑ نہیں بلکہ ایک عبادت اور اسلاف کا مقدس مشن ہے

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (س) لاہور کے امیر و مرکزی سالار مولانا قاری محمد اعظم حسین، امیر مولانا پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظم اعلیٰ مولانا ایوب خان، ڈپٹی سیکرٹری پیر اکبر ساقی، لاہور کے ناظم اعلیٰ مولانا طیب عثمانی، نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی، قاری واحد بخش، قاری رحمت اللہ لاشاری، انجینئر خالد ٹیپو، عبدالحمید تونسوی، مولانا محمد ممتاز، مولانا توقیر عباس سمیت دیگر رہنماؤں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ملک کے تمام مسائل کا حل صرف نظام مصطفی ﷺ ہے، ہمارے اسلاف نے استعمار کے سامنے کلمہ حق بلند کرتے ہوئے زندانوں کی صعوبتیں برداشت کیں، جے یو آئی (س) کی سیاست محض اقتدار کی دوڑ نہیں بلکہ ایک عبادت اور اسلاف کا مقدس مشن ہے۔

سوات، تحصیل خوازہ خیلہ میں پیٹرول پمپس اور بازاروں کا معائنہ، متعدد پمپس سیل

سوات (این این آئی) ڈپٹی کمشنر سوات کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر خوازہ خیلہ لقمان خان نے اسسٹنٹ کمشنر یوٹی اور انسپکٹر ویٹس اینڈ میورمنٹ کے ہمراہ تحصیل خوازہ خیلہ کے مختلف پیٹرول پمپس کا تفصیلی معائنہ کیا، جس میں فیول گیجز، ڈسپنسر مشینیں، پیمائشی آلات اور فائر سیفٹی کے انتظامات کا جائزہ لیا گیا، معائنہ کے دوران دو پیٹرول پمپس میں شارٹ گیجنگ اور ایکسپائرڈ فائر ایکسٹینگوئشرز جیسے سنگین نقائص پائے گئے جنہیں فوری طور پر سیل کر کے متعلقہ قوانین کے تحت مقدمات درج کیے گئے۔

اسلام آباد: پاکستان انوائرنمنٹل پروٹیکشن ایجنسی اور وزارت موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی کے تحت دھواں چھوڑنے والی گاڑی چیک کی جا رہی ہے

عمران خان کو چار نومبر سے اب تک مکمل طور پر آئیسولیشن میں رکھا ہوا ہے، سہیل آفریدی

نہایت تشویشناک صورتحال ہے، خود پرسوں اڈیالہ جیل گئے اور مطالبہ کیا کہ کسی کی بھی کم از کم دو منٹ کی ملاقات کی اجازت دی جائے

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ عمران خان کو چار نومبر سے اب تک مکمل طور پر آئیسولیشن میں رکھا ہوا ہے اور کسی بھی شخص کو اُن سے ملاقات کی اجازت نہیں دی جا رہی ، یہ ایک نہایت تشویشناک صورتحال ہے، وہ خود پرسوں اڈیالہ جیل گئے اور مطالبہ کیا کہ کسی کی بھی کم از کم دو منٹ کی ملاقات کی اجازت دی جائے مگر اس جائز مطالبے کو بھی نظرانداز کر دیا گیا۔

پیپلز پارٹی کا وعدہ تھا کہ اس ملک کے عام انسان کو بھی عزت اور اختیار ملے گا: شرجیل میمن

عوامی حقِ رائے دہی کے لیے جو قربانیاں پیپلز پارٹی نے دی ہیں، وہ تاریخ میں لازوال ہیں، سینئر وزیر سندھ کا پیپلز پارٹی کے 58 ویں یومِ تاسیس پر پیغام

کراچی (این این آئی) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کا قیام عوام سے ایک وعدہ تھا کہ اس ملک کے عام انسان کو بھی عزت اور اختیار ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ آج کے دن ہم اپنے شہیدوں، کارکنوں اور قائدین کو سلام پیش کرتے ہیں جنہوں نے اس وطن کی جمہوریت کو اپنے خون سے سینچا، آج کا دن صرف ایک جماعت کی سالگرہ نہیں، ایک جدوجہد کی یاد ہے جس نے ملک میں جمہوری روایات کو زندہ رکھا۔

آذربائیجان بعد از آزادی: تعمیر و ترقی کا سفر

سیّد علی نواز گیلانی

آذربائیجان سوویت یونین سے حاصل کردہ اپنی خودمختاری کی تین دہائیوں کا جشن منا رہا ہے۔ یہ جشن درحقیقت تعمیر و ترقی کے اُس سفر کی روداد ہے جس میں ملک کی قیادت کے درست فیصلوں سے ایک نئی تاریخ رقم ہوئی ہے اُور آج کی دنیا' آذربائیجان کی سالگرہ کو ایک اہم سنگ میل کے طور پر دیکھ رہی ہے۔ ایک ایسا ملک جس نے 1991ء میں آزادی حاصل کرنے کے بعد سے انسانی ترقی کو پیش نظر رکھا اُور اِس سے خاطرخواہ فوائد حاصل کیئے ہیں جو دنیا کے کئی ممالک کے روشن دلیل بھی ہے۔

آزادی کے ابتدائی سالوں میں' آذربائیجان کو اہم چیلنجوں کا سامنا رہا۔ جن میں سیاسی عدم استحکام' معاشی جدوجہد اور ناگورنو کاراباخ کے علاقے پر پڑوسی ملک (آرمینیا) کے ساتھ تنازعہ شامل ہے۔ ان چیلنجوں کے باوجود' ملک نے قفقاز کے خطے میں خود کو ایک سرکردہ قوم

کے طور پر پیش کرتے ہوئے مختلف شعبوں میں قابل ذکر پیش رفت کی ہے۔ گزشتہ تین دہائیوں کے دوران آذربائیجان کی اہم کامیابیوں میں سے ایک اس کی ''اقتصادی ترقی'' ہے۔ یہ ملک اپنی معیشت کو متنوع بنانے میں کامیاب رہا ہے۔ تیل اور گیس پر اس کا انحصار کم ہوگیا ہے' جو نوے کی دہائی کے اوائل میں اس کی برآمدات پر حاوی تھا۔ اقتصادی تنوع اور غیر تیل کے شعبوں جیسا کہ زراعت' سیاحت اور ٹیکنالوجی کی ترقی پر حکومت کی توجہ نے آذربائیجان کو پائیدار اقتصادی ترقی حاصل کرنے کے قابل بنایا ہے۔ عالمی بینک کے مطابق

آذربائیجان کی معیشت سالانہ تین سے چھ فیصد کی اوسط سے ترقی کر رہی ہے اُور اِس بلند اقتصادی شرح نمو کی وجہ سے آذربائیجان خطے میں تیزی سے بڑھتی ہوئی معیشتوں میں سے ایک بن گیا۔

آذربائیجان کی ایک اور اہم کامیابی اس کے ہاں بنیادی ڈھانچے (انفراسٹکچر) کی ترقی ہے' جس کا راقم الحروف نے حالیہ دورے میں خود مشاہدہ کیا ہے۔ آذربائیجان نے اپنے نقل و حمل کے نیٹ ورکس کو بہتر بنانے میں غیرمعمولی سرمایہ کاری کی' جس میں نئی شاہراہوں' ریلویز اور ہوائی اڈوں کی تعمیر اور موجودہ شاہراہوں کو اپ گریڈ کرنا شامل ہے۔ ان سرمایہ کاریوں نے نہ صرف ملک کے اندر سفری رابطوں اُور سفری سہولیات کو بہتر بنایا بلکہ علاقائی تجارت اور ٹرانزٹ کے لئے اسٹریٹجک مرکز کے طور پر آذربائیجان کی پوزیشن بھی بہتر ہوئی ہے۔ آذربائیجان نے ''سماجی ترقی'' میں بھی نمایاں پیش رفت کی ہے بالخصوص صحت کی دیکھ بھال اُور تعلیم جیسے شعبوں میں اِس کی کارکردگی بہت نمایاں اُور خاص ہے۔ حکومت نے صحت کی دیکھ بھال کی جدید سہولیات کی تعمیر اُور صحت کی دیکھ بھال کی خدمات تک رسائی بڑھانے میں سرمایہ کاری کی ہے' جس کے نتیجے میں ہر خاص و عام کے لئے بہتر صحت اُور علاج معالجے کی سہولیات کی صورت بہتر نتائج سامنے آئے ہیں۔ اسی طرح آذربائیجان نے تعلیم کے شعبے میں نمایاں پیش رفت کی ہے اور ملک کی شرح خواندگی اب 99.8 فیصد ہے۔ تعلیم پر حکومت کی توجہ کے نتیجے میں اے ڈی اے یونیورسٹی اور باکو انجینئرنگ یونیورسٹی سمیت متعدد عالمی معیار کی یونیورسٹیوں کا قیام اس بات کی دلیل ہے کہ ملک کی قیادت اعلیٰ تعلیم کے شعبے کو کس قدر اہمیت دے رہی ہے اُور اِس ہدف کے حصول میں اُس نے کس قدر کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ حالیہ چند برسوں کے دوران آذربائیجان جدت طرازی اور ٹیکنالوجی میں علاقائی رہنما کے طور پر ابھر کر سامنے آیا ہے۔ آذربائیجان ہائی ٹیک پارک کے قیام اور مختلف جدت طرازی مراکز اور انکیوبیٹرز کی تخلیق کے ساتھ اپنے ٹیکنالوجی کے شعبے کی ترقی میں بھاری سرمایہ کاری کی گئی ہے۔ ان اقدامات نے آذربائیجان میں ایک متحرک اسٹارٹ اپ ایکو سسٹم کو فروغ دینے میں مدد دی ہے' جس میں متعدد کامیاب ٹیکنالوجی اسٹارٹ اپس' شامل ہیں اور آذربائیجان کے نوجوانوں کی تعداد' آئی ٹی' کے شعبے میں خود روزگار کو زیادہ اہمیت دیتے ہیں۔ قابل ذکر ہے کہ آذربائیجان نے علاقائی سلامتی اور استحکام میں بھی نہایت ہی اہم و کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ یورپ اور ایشیا کے چوراہے پر اِس ملک کے اسٹریٹجک محل وقوع نے اِسے علاقائی سیاست کا اہم کھلاڑی بنادیا ہے۔ آذربائیجان قفقاز کے خطے میں امن اور سلامتی کو فروغ دینے میں فعال طور پر شامل رہا ہے خاص طور پر ناگورنو کاراباخ تنازعے کو حل کرنے کی کوششوں میں اس کی کوششیں قابل ذکر و قابل قدر ہیں۔ سال دوہزار بیس میں' آذربائیجان نے ناگورنو کاراباخ کے علاقے کا کنٹرول دوبارہ حاصل کرنے کے لئے فوجی کاروائی کی' جس پر اُنیس سونوے کی دہائی کے اوائل سے آرمینیائی افواج نے قبضہ کر رکھا تھا۔ یہ آپریشن کامیاب رہا' جس کے نتیجے میں آذربائیجان نے علاقے کے اہم حصوں پر دوبارہ کنٹرول حاصل کیا اور دہائیوں سے جاری تنازع کا خاتمہ ہوا ہے۔ آذربائیجان میں بعد از آزادی تعمیر و ترقی کی روداد یہ ہے کہ اِس ملک میں ثقافتی تنوع کو فروغ ملا ہے اور اپنے عظیم ثقافتی ورثے کے تحفظ میں حکومت نے دلچسپی لی ہے۔ آذربائیجان

میں سیاحت باقاعدہ صنعت کی صورت پھلتی پھولتی دکھائی دیتی ہے اُور یہ ملک کے لئے زرمبادلہ کے حصول کا ذریعہ بھی ہے۔ آذربائیجان یونیسکو کی جانب سے عالمی ثقافتی ورثہ قرار دیئے گئے کئی مقامات کا گھر ہے' جن میں باکو کا پرانا شہر' گوبستان راک آرٹ ثقافتی منظرنامہ اور میڈن ٹاور شامل ہیں۔ حکومت نے سالانہ باکو انٹرنیشنل جاز فیسٹیول اور آذربائیجان کارپٹ میوزیم جیسے اقدامات کے ذریعے آذربائیجان کے ثقافتی ورثے کو فروغ دینے میں جو سرمایہ کاری کی ہے اُس کا نتیجہ یہ ہے کہ صرف مخصوص مواقعوں پر ہی نہیں بلکہ سارا سال سیاحوں کا تانتا بندھا رہتا ہے۔

آذربائیجان نے آزادی حاصل کرنے کے بعد سے تیس برس کے سفر میں اہم سنگ میل عبور کئے ہیں اُور جس معیار کی تعمیر و ترقی کی ہے' وہ ایک مثالی ہے۔ اقتصادی ترقی' بنیادی ڈھانچے کی ترقی' سماجی ترقی' جدت طرازی' ٹیکنالوجی پر انحصار' طرز حکمرانی میں اصلاحات' علاقائی سلامتی اور ثقافتی تحفظ سمیت مختلف شعبوں میں آذربائیجان کی کامیابیوں کا شمار ممکن نہیں۔ یہی کامیابیاں عوام میں خوشحالی و اطمینان کی صورت ظاہر ہو رہی ہیں جو ملک کے شاندار مستقبل کا عملی مظہر ہیں۔



افغانستان کی سِمت

ترجمان دفتر خارجہ طاہر حسین اندرابی نے ہفتہ وار بریفنگ میں افغان تجارت پر ردِعمل دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے پاس افغانستان کے ساتھ تجارت بند کرنے کے سوا کوئی آپشن نہیں تھا،اس نے یہاں کے تاجروں اور تجارت پر حملے کیے، پاکستان اپنے شہریوں کی زندگی کی قیمت پر افغانستان کے ساتھ تجارت نہیں کرسکتا، دہشت گردوں کی معاونت ختم ہونے تک تجارت بند رہے گی، سرحدی گزرگاہوں کو کھولنے میں تاخیر کی ذمہ داری افغان طالبان پر عائد ہوتی ہے، پاکستان نے ہمیشہ سکیورٹی اور تجارت کو الگ رکھنے کی کوشش کی لیکن افغانستان سے مسلسل حملے ہو رہے ہیں۔ ترکیہ کے صدر کے ثالثی وفد کا دورۂ پاکستان سے متعلق اُن کا کہنا تھا کہ اُس کے لئے ابھی تک تاریخ کا تعین نہیں کیا گیا، دورہ ترکیہ کے نائب صدر کے غیر ملکی دوروں کی وجہ سے التواء کا شکار ہوا، بہت سے ممالک نے پاک افغان ثالثی کی بات کی ہے تاہم وقت آنے پر اس پر ردِعمل دیں گے، دونوں ممالک کے سفارت خانے کام کر رہے، اِن کے مواصلاتی چینل بھی کھلے ہوئے ہیں، البتہ ابھی تک ایران کی جانب سے پاک،افغان طالبان تنازع میں ثالثی پر عملی دعوت نامہ موصول نہیں ہوا۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ افغان رہنماؤں کا چار ہزار خودکش بمبار سرحد پار بھیجنے کا اعلان پاکستانی موقف کی تصدیق ہے کہ افغان سرزمین فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے ہاتھوں دہشت گردی کے لئے استعمال ہو رہی ہے۔ دوسری جانب بین الاقوامی رپورٹس کے مطابق بھارت اور افغانستان میں تجارتی اتاشی تعینات کرنے اور مشترکہ چیمبر بنانے سمیت پانچ اہم امور پر اتفاق ہوگیا۔ بھارتی وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے امارت اسلامیہ افغانستان کے وزیر صنعت اور تجارت نورالدین عزیزی سے ملاقات کی جو اِن دِنوں پانچ روزہ بھارتی دورے پر نئی دہلی میں ہیں۔ افغانستان کی وزارتِ صنعت اور تجارت کے ترجمان اخوندزادہ عبدالسلام جواد کے مطابق ملاقات کے دوران دونوں فریقوں نے اقتصادی اور تجارتی تعاون کو وسعت دینے، چاہ بہار بندرگاہ کو مزید فعال کرنے، دوطرفہ تعلقات کو مضبوط بنانے اور عوام کے درمیان روابط بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا۔ بھارتی اور افغان وزراء کی بات چیت میں اقتصادی رابطے بہتر بنانے اور دوطرفہ تجارت کو فروغ دینے کے لئے تجارتی اتاشی مقرر کرنے کے منصوبے بھی شامل تھے۔ افغان میڈیا کے مطابق جے شنکر نے زور دے کر کہا کہ بھارت افغان عوام کی ترقی اور خوشحالی کی حمایت کرتا ہے۔ بھارتی وزارتِ خارجہ کے جوائنٹ سیکرٹری کے مطابق کابل کے فضائی راستے دہلی اور شمالی بھارت کے شہر امرتسر کے ساتھ فعال کر دیئے گئے اور ایئر کارگو کے لئے پروازیں بہت جلد اِن راستوں پر آپریٹ کریں گی۔ اُن کا مزید کہنا تھا کہ بھارت کی طرف سے تمام رسمی کارروائیاں مکمل ہوچکی ہیں، وہ افغانستان کی جانب سے دستاویزات کا انتظار کر رہے ہیں جو جیسے ہی مکمل ہوں گی، ایئر کارگو سروس شروع ہوجائے گی۔

میڈیا رپورٹس کے مطابق بھارت چار اہم شعبوں (بجلی، ٹیکنالوجی، پانی اور تجارتی پیداوار) میں افغانستان کے ساتھ کام کرے گا جبکہ بدلے میں اسے تازہ اور خشک میوہ جات برآمد کرنے کا موقع ملے گا۔ افغان تجزیہ نگاروں کے نزدیک یہ دورہ مستقبل کے اقتصادی تعلقات پر مثبت اثر ڈال سکتا ہے اور بھارت، افغان سیاسی، اقتصادی اور سماجی تعلقات کو مضبوط کرنے کے ساتھ ساتھ دونوں ملکوں کے تعلقات میں ایک نئے باب کا آغاز کرسکتا ہے۔ یہ ملاقات ایسے حالات میں ہوئی جب افغانستان اپنے ٹرانزٹ روٹس کو بڑھانے اور پاکستان پر اپنا تجارتی انحصار کم کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ افغان ایئر لائن نے فضائی راہداریوں کو وسعت دینے اور تجارتی سامان کی نقل و حمل کو آسان بنانے کے لئے جلد ہی کارگو طیارے خریدنے اور چارٹر پروازیں چلانے کے منصوبے کا اعلان بھی کر دیا ہے۔ پاکستان کے ساتھ اہم تجارتی گزرگاہوں کی بندش کے بعد افغان ایئر لائن نے بھارت کے لئے شپنگ اخراجات میں نمایاں کمی کا اعلان کیا تھا تاہم تاجر دہلی روٹ پر مزید کمی کے خواہشمند ہیں۔ افغان اقتصادی ماہرین کے مطابق فضائی کارگو ٹرانزٹ کو وسعت دینے سے زمینی راستوں پر افغانستان کا انحصار کم ہوسکتا ہے، اِس سے نہ صرف علاقائی اور عالمی منڈیوں تک براہِ راست رسائی حاصل کی جاسکتی ہے بلکہ اخراجات میں کمی لانا بھی ممکن ہوگا۔ یہاں یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ افغان وزیر صنعت اور تجارت کے دورے سے قبل افغان وزیر خارجہ امیر متقی نے بھارت کا دورہ کیا تھا جس میں اِس سے سرمایہ کاری، تجارت اور ترسیلات کی خبریں سامنے آئی تھیں۔ افغان طالبان حکومتِ پاکستان کی طرف سے تجارتی راستوں کی بندش کے بعد متبادل راستوں کے حصول کے لئے کوشاں ہے، پہلے بھی پاک۔افغان جھڑپ کے دوران افغان وزیر خارجہ کے دورے سے یہ پیغام دینے کی کوشش کی گئی تھی کہ وہ پاکستان کے مطالبے پر عملدرآمد کے لئے تیار نہیں اور اب بھی ایسا ہی کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ افغانستان کو یہ بات سمجھنی چاہئے کہ وہ جب تک وہ اپنی سرزمین کو دہشت گردوں سے پاک نہیں کرے گا تب تک اس کے آگے بڑھنے کے راستے میں رکاوٹیں کھڑی رہیں گی۔ صرف بھارت کے ساتھ تعلقات بہتر بنا کر ترقی کا خواب دھندلا ہی رہے گا۔ چند روز قبل ڈنمارک نے اقوامِ متحدہ کی ایک کمیٹی کے چیئرمین کے طور پر دنیا کو باور کرایا تھا کہ تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) وسطی اور جنوبی ایشیاء کے لئے خطرہ ہے، یہ دہشت گرد گروہ افغانستان کے عبوری حکام سے لاجسٹک اور مالی معاونت حاصل کر رہا ہے، اِس نے افغان سرزمین سے پاکستان میں متعدد بڑے حملے کیے ہیں جن میں بعض میں بڑی تعداد میں ہلاکتیں بھی ہوئیں۔ پاکستان بات چیت اور سفارت کاری کے ذریعے معاملات حل کرنا چاہتا ہے، اِسی لئے مذاکرات ناکام ہونے بعد سب کچھ جانتے بوجھتے بھی پاکستان نے کوئی انتہائی قدم نہیں اٹھایا۔ پاکستان کا واحد موقف یہی ہے کہ افغان سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال نہ ہو۔

افغانستان پر لازم ہے کہ وہ اپنے آپ کو ایک ذمہ دار ریاست ثابت کرے گا، مسائل کا وقتی حل نکالنے کی بجائے مستقل حل کے لئے کوشش کرے، ہٹ دھرمی، ضد یا حقیقت سے آنکھیں چرانے سے کچھ حاصل نہیں ہوگا۔ اسے یہ سمجھنا چاہئے کہ ہمسائے بدلے نہیں جا سکتے، بھارت کے ساتھ مل کر پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کی کوئی بھی کوشش کامیاب نہیں ہوسکتی، پاکستان اپنا دفاع کرنا جانتا ہے اور وہ یہ ثابت بھی کر چکا ہے۔

سعودی ولی عہد کا دورہ امریکا، F35 اور فلسطین

تنویر قیصر شاہد

نومبر 2025 کا مہینہ سفارتی لحاظ سے اس لیے بھی پاکستان کے لیے اہم سمجھا گیا ہے کہ کئی اہم ترین غیر ملکی شخصیات نے پاکستان کا دَورہ کیا۔ مثال کے طور پر شاہِ اُردن، جناب شاہ عبداللہ دوم، کا دو روزہ دَورۂ اسلام آباد۔ شاہ عبداللہ دوم نے ایسے حساس موقع پر پاکستان میں قدم رکھا جب عالمی سطح پر مسئلہ فلسطین، غزہ اور اسرائیل بارے کئی اہم فیصلے سامنے آ رہے تھے۔ مملکتِ ہاشمیہ کے فرمانروا، شاہِ اُردن، ہمارے وزیر اعظم کی دعوتِ خاص پر پاکستان تشریف لائے۔

اُن کی بامعنی ملاقاتیں جناب شہباز شریف، جناب آصف علی زرداری اور جناب عاصم منیر سے بھی ہُوئی ہیں۔ اُنہیں پاکستان کی جانب سے پاکستان کا اعلیٰ ترین سول ایوارڈ (نشانِ پاکستان) بھی عطا کیا گیا۔ اِس سے قبل، پچھلے ماہ، شرم الشیخ (مصر) میں اُن کی ملاقات جناب شہباز شریف سے ہُوئی تھی۔

پچھلے ماہ ہی جب ہمارے فیلڈ مارشل، جناب عاصم منیر، مصر اور اُردن کے سرکاری دَورے پر گئے تھے، تب بھی اُن کی تفصیلی اور خوشگوار ملاقات اُردن کے بادشاہ سے ہُوئی تھی۔ اندازے یہی لگائے گئے ہیں کہ شہباز شریف اور فیلڈ مارشل کی مصر اور اُردن میں اہم ملاقاتوں کے دوران مسئلہ فلسطین اور غزہ میں دو سالہ خونریز جنگ کے بعد فلسطینی ریاست کے مستقبل بارے ہی تفصیلی بات چیت کی گئی ہوگی۔ شاہِ اُردن کے دو روزہ دَورۂ پاکستان کو بھی اِسی پس منظر میں دیکھا جانا چاہیے۔

اب جب سعودی ولی عہد، جناب محمد بن سلمان، 17 نومبر 2025 کو دَورۂ امریکا پر روانہ ہُوئے تو بھی عالمی دانشوروں اور تجزیہ نگاروں کے مباحث اور تجزیوں میں غزہ کے مستقبل اور مسئلہ فلسطین ہی کو محوریت اور مرکزیت حاصل رہی۔ سعودی ولی عہد ابھی واشنگٹن ہی میں موجود تھے کہ بنگلہ دیش کی سابق وزیر اعظم، شیخ حسینہ واجد، کو عدالت کی طرف سے سزائے موت سنائے جانے کی خبر سامنے آئی۔ خبریت کے اعتبار سے یہ ایک بڑی اور چونکا دینے والی خبر تھی، مگر اِس کے باوصف عالمی میڈیا کے حواس پر جناب شہزادہ محمد بن سلمان کا دَورۂ امریکا چھایا رہا۔

کئی اعتبار سے بِلا شبہ عزت مآب محمد بن سلمان کا دَورۂ امریکا خاصی اہمیت کا حامل تھا۔ اِسی لیے دُنیا بھر کے میڈیا، خصوصاً عرب اور اسرائیلی میڈیا، کی نظریں اِسی پر مرتکز تھیں۔ ویسے دیکھا جائے تو یہ حقائق بھی سامنے آتے ہیں کہ سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان، جو سعودی وزیر اعظم بھی ہیں، نے اپنی زبردست انتظامی صلاحیتوں اور محکم فیصلوں سے سعودی عوام اور دُنیا پر ثابت کیا ہے کہ واقعتاً وہ مضبوط اعصاب کے مالک، دُور اندیش، نہائت متحرک، قابل اور مملکتِ سعودیہ کو مطلوب شاندار صلاحیتوں کے حامل شہزادے ہیں۔ اُنہوں نے اپنے وِژن سے سعودیہ کو نئی راہیں بھی دکھلائی ہیں اور سعودی عرب میں بعض پنپتے بدعنوان عناصر کی سرکوبی بھی کی ہے۔

سعودی ولی عہد، جناب محمد بن سلمان، سات آٹھ سال کے طویل وقفے کے بعد، بوجوہ، امریکی دَورے پر تشریف لے گئے۔ عالمی الیکٹرانک و پرنٹ میڈیا میں یہ مباحث بھی بکثرت سامنے لائے گئے کہ MBS کے واشنگٹن پہنچنے میں کیا اور کونسے اہداف و مقاصد پنہاں ہیں؟ یہ بات تو بہرحال مسلّمہ تھی کہ محمد بن سلمان صاحب امریکا سے کوئی مالی امداد لینے جا رہے ہیں نہ ہی آئی ایم ایف یا ورلڈ بینک کے سامنے کوئی درخواست رکھنے۔

بلکہ خود امریکا اور امریکی حکمران و امریکی اسٹیلبشمنٹ اُن سے توقع وابستہ کیے ہُوئے تھے کہ محمد بن سلمان صاحب امریکا آئیں گے تو امریکی عوام اور امریکا کو (سرمایہ کاری کی مد میں) کیا عنائت فرما کر جائیں گے؟ ساتھ ہی مگر یہ بھی کہا جا رہا تھا کہ (۱) محمد بن سلمان امریکا سے ٹینکوں سمیت جدید ترین اسلحہ خریدنا چاہیں گے اور یہ بھی تو دراصل امریکا کی مالی امداد ہی کے زمرے میں ہے (۲) وہ امریکا سے جدید ترین لڑاکا جنگی طیارے (F35) بھی حاصل کرنا چاہتے ہیں (۳) امریکی صدر، ڈونلڈ ٹرمپ، سے مل کر غزہ بارے کوئی ایسا فیصلہ کرنا چاہتے ہیں جو اہلِ غزہ و مغربی کنارے اور عالمِ اسلام کو بھی قابلِ قبول ہو (۴) معروفِ عالم و متنازع ابراہیم معاہدہ (Abraham Accord) کے پس منظر میں مشرقِ وسطیٰ میں امن کی فضاؤں کو آگے بڑھانے کی سعی!

واشنگٹن روانہ ہونے سے قبل، بہرحال، سعودی ولی عہد کی جانب سے ملفوف انداز میں یہ بات امریکا اور مغربی دُنیا پر واضح کر دی گئی تھی کہ ابراہام اکارڈ (جو دراصل صہیونی اسرائیل کو ایک جائز ریاست بنانے کے لیے امریکی صدر، ڈونلڈ ٹرمپ، کا شاطرانہ جال اور اقدام کہا جاتا ہے) کو اِسی صورت تسلیم کرنے کے لیے کوئی قدم آگے بڑھایا جا سکتا ہے جب دو ریاستی فارمولا بھی واضح طور پر تسلیم کرنے کی بات سامنے لائی جائے: یعنی آزاد فلسطینی ریاست بارے امریکا کی جانب سے کوئی غیر مبہم اعلان! ہم نے دیکھا کہ جناب محمد بن سلمان کے دَورۂ امریکا سے قبل سعودی میڈیا میں ایسی کوششیں بھی سامنے لائی گئیں جن سے مترشح ہوتا ہے کہ سعودی، امریکا تعلقات مثالی اور غیر متنازع ہیں۔

اے، وائے اہلِ فلسطین

ڈاکٹر یونس حسنی

20 نومبر کے اخبارات کی اطلاع کے مطابق اسرائیل نے لبنان میں واقع ایک پناہ گزیں کیمپ پر فضائی حملہ کر کے تقریباً 13 افراد کو شہید کر دیا اور متعدد کو زخمی کر دیا۔ یہ حملہ لبنان میں واقع عین الحلوہ کے پناہ گزیں کیمپ پر کیا گیا۔ اسرائیل نے جنگ بندی کے نفاذ سے لے کر اب تک 383 مرتبہ معاہدے کی خلاف ورزی کی جس کے نتیجے میں 279 افراد شہید 602 سے زائد زخمی ہوئے ہیں۔ اس کے علاوہ قابض اسرائیلی فوج نے غزہ کے مغربی کنارے پر تقریباً 36 فلسطینیوں کو بلاجواز گرفتار کر لیا ہے۔ ظاہر ہے کہ ان کی گرفتاری مہمان نوازی کے لیے عمل میں نہیں آئی ہے بلکہ یہ اب اسرائیلی بربریت کا شکار ہوں گے اور نہیں کہا جاسکتا کہ ان کا کیا حشر ہوگا۔

یہ عجیب مضحکہ خیز جنگ بندی ہے اور یقیناً پوری انسانی تاریخ میں بڑی بڑی جنگوں کے بعد جنگ بندی کی ایسی اور اتنی خلاف ورزی کی کوئی مثال نہیں ملتی۔ اس سے زیادہ عجیب بات یہ ہے کہ جنگ بندی کی ایسی اور اتنی تعداد میں خلاف ورزی کو اقوام عالم کیسے ٹھنڈے پیٹوں برداشت کرتی رہی ہیں اور عالمی مزاج کو ایسی زباں بندی کیوں کر راس آگئی۔

امریکا بہادر جس کے صدر کا خیال ہے کہ وہ ''امن کے پیامبر'' ہیں اور انھوں نے جنگ بندی کرا کے لاکھوں افراد کی جان بچائی ہے، وہ اہل فلسطین و غزہ کے خون کی اس ارزانی پر کیوں خاموش رہے اور امریکا کو تو اس لیے موردالزام قرار دیا جاتا ہے کہ وہ دنیا اور اہل دنیا کا چوہدری ہے اور اگر ایک طرف امن کا اتنا ہی خیال ہے تو پھر اس کی ذمے داری ہے کہ وہ اہل فلسطین کی جانوں کی اس ارزانی پر خاموش نہ رہتا۔

مگر ہمیں تو گلا اپنوں سے بھی ہے۔ بے چارے قریبی مسلم ممالک تو کسی گنتی شمار میں نہیں، ان کو خاموش تماشائی بنے رہنے میں ہی عافیت نظر آتی ہے سو وہ خاموش رہے مگر ترکیہ، ایران اور پاکستان کو کیا ہو گیا تھا، وہ سب جنگ بندی ایسی اور اتنی دلیرانہ خلاف ورزیوں پر کیوں خاموش رہے؟

ہمارے ایک دوست جو اپنے حلقے میں بزرجمہر سمجھے جاتے ہیں فرما رہے تھے کہ جہاں تک پاکستان کا تعلق ہے وہ دراصل امریکی صدر کے تعریفی کلمات کے سحر میں مبتلا تھا۔ مسٹر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک سے زیادہ مرتبہ پاکستان اور وزیر اعظم پاکستان کی شان میں تعریف کا ایسا صور پھونکا کہ پاکستانی اہل اقتدار کو اپنی عافیت اسی میں نظر آئی کہ وہ ان خلاف ورزیوں پر ''بے زبانی'' کا مظاہرہ کریں اور خود بھی عافیت میں رہیں۔ یہ جو 279 شہید ہوئے اور ان کے علاوہ جو عرصہ دراز سے نیتن یاہو کے ہٹلری مظالم کا شکار ہو کر اللہ کو پیارے ہوگئے وہ بڑے آرام کی جگہ اور بڑے انعامات سے فیض یاب ہو رہے ہوں گے کہ ظالم کے ہاتھوں موت کو گلے لگانے کا مزہ کچھ اور ہوتا ہے مگر ان کی موت کا باعث بننے والے اسرائیلی درندوں کے نامہ اعمال میں جو کچھ لکھا جا رہا ہے وہ رنگ لا کر رہے گا۔

اسرائیل کا معاملہ تو خدا کے سپرد ہے مگر اہل فلسطین مسائل و مصائب کی ایسی زنجیروں میں جکڑے ہوئے ہیں جن سے ان کی نجات کی کوئی صورت نظر نہیں آتی۔ عالمی طاقتیں بڑے زعم میں رہتی ہیں اور غم خواری و فلسطین کی آبادکاری کے سلسلے میں دل کش دعوے کرتی رہتی ہیں کہ ان کی دوبارہ آبادکاری کا بوجھ عالمی برادری اٹھائے گی اور یہ کہ اس پر اس قدر خرچ آئے گا اور یہ خرچ بھی عالمی برادری ہی برداشت کرے گی انھیں بھی علم ہے کہ اس آبادکاری میں (اگر وہ کی جاسکی) سالوں لگ جائیں گے۔ اتنے عرصے تک یہ بے سروسامان لوگ خستہ حال خیموں میں زندگی گزارتے رہیں گے۔

ہم لوگ جو اپنے گھروں میں چین کی نیند سو رہے ہیں وہ ان کی بے دردی و بے سروسامانی کا اندازہ نہیں کر سکتے۔ ان کو جو خیمے فراہم کیے گئے تھے ان کی حالت اس وقت تک خستہ ہے، پھر پچھلے دنوں بارش ہوئی تو یہ لوگ پانی میں بھیگتے رہے، اب سردی نے آ لیا ہے تو یہ اپنے شکستہ خیموں میں آگ جلا کر اپنے رشتہ جاں کو برقرار رکھے ہوئے ہیں۔ ان کو نہ پانی سے بچنے کا امکان ہے نہ موسم کے شدائد کا مقابلہ کرنے کی سکت ہے۔ نہ ان کے پاس اب روزگار کے وسائل ہیں۔

جو غذائی اور تن پوشی کی امداد بین الاقوامی اداروں کے ذریعے ان تک پہنچائی جاتی تھی وہ درندہ صفت اسرائیلیوں نے روک رکھی ہے۔ شاید براستہ مصر کچھ خوراک اور کپڑے ان تک پہنچانے کی صورت بنتی ہے وہ بھی اس قدر تاخیر سے کہ بعض صورتوں میں یہ بنیادی ضروریات کی مدد انھیں اس وقت پہنچتی ہے جب انھیں اس کی ضرورت نہیں رہتی یعنی ان کا رشتہ جاں ہی ساتھ چھوڑ جاتا ہے۔ وسائل سے یہ محرومی اہل غزہ کے لیے ایسی اذیت کا باعث ہے کہ زندگی جس کے لیے وہ تکالیف اٹھا رہے ہیں، عذاب لگنے لگتی ہے وہ زندگی کے بجائے موت کی تمنا کرتے ہوں گے۔

شاید ہم مسلمانوں کو بحیثیت ملت اپنے اعمال کی یہ سزا ہے کہ ان کی تکالیف کا احساس رکھتے ہوئے بھی ہم کہ جو ایک جسم کی مانند ہونے کے باوجود اپنے ہی وجود کے ایک حصے کی شدید تکالیف کا نہ پوری طرح ادراک کر سکتے ہیں، نہ ان کی کوئی مدد کر سکتے ہیں۔ ہماری آنکھوں پر پٹیاں بندھی ہیں۔ ہمارے دست و پا جیسے کسی نے باندھ دیے ہوں۔ شاید ہم زبانی جمع خرچ کرنے کے ہی لائق ہیں، ہم کہ کبھی ایک قوم نہیں ملت ہوا کرتے تھے کہ اگر اس کے ایک عضو کو تکلیف ہوتی تو پورا جسم چلا اٹھتا، تڑپ اٹھتا اور مدد کے لیے آ موجود ہوتا۔ آج ہم صرف خاموش تماشائی ہیں۔ کیا اس خاموشی کی قیمت ابھی چکانا نہیں ہوگی؟

20 نومبر کے اخبارات کی اطلاع کے مطابق اسرائیل نے لبنان میں واقع ایک پناہ گزیں کیمپ پر فضائی حملہ کر کے تقریباً 13 افراد کو شہید کر دیا اور متعدد کو زخمی کر دیا۔ یہ حملہ لبنان میں واقع عین الحلوہ کے پناہ گزیں کیمپ پر کیا گیا۔ اسرائیل نے جنگ بندی کے نفاذ سے لے کر اب تک 383 مرتبہ معاہدے کی خلاف ورزی کی جس کے نتیجے میں 279 افراد شہید 602 سے زائد زخمی ہوئے ہیں۔ اس کے علاوہ قابض اسرائیلی فوج نے غزہ کے مغربی کنارے پر تقریباً 36 فلسطینیوں کو بلاجواز گرفتار کر لیا ہے۔ ظاہر ہے کہ ان کی گرفتاری مہمان نوازی کے لیے عمل میں نہیں آئی ہے بلکہ یہ اب اسرائیلی بربریت کا شکار ہوں گے اور نہیں کہا جاسکتا کہ ان کا کیا حشر ہوگا۔

یہ عجیب مضحکہ خیز جنگ بندی ہے اور یقیناً پوری انسانی تاریخ میں بڑی بڑی جنگوں کے بعد جنگ بندی کی ایسی اور اتنی خلاف ورزی کی کوئی مثال نہیں ملتی۔ اس سے زیادہ عجیب بات یہ ہے کہ جنگ بندی کی ایسی اور اتنی تعداد میں خلاف ورزی کو اقوام عالم کیسے ٹھنڈے پیٹوں برداشت کرتی رہی ہیں اور عالمی مزاج کو ایسی زباں بندی کیوں کر راس آگئی۔

امریکا بہادر جس کے صدر کا خیال ہے کہ وہ ''امن کے پیامبر'' ہیں اور انھوں نے جنگ بندی کرا کے لاکھوں افراد کی جان بچائی ہے، وہ اہل فلسطین و غزہ کے خون کی اس ارزانی پر کیوں خاموش رہے اور امریکا کو تو اس لیے موردالزام قرار دیا جاتا ہے کہ وہ دنیا اور اہل دنیا کا چوہدری ہے اور اگر ایک طرف امن کا اتنا ہی خیال ہے تو پھر اس کی ذمے داری ہے کہ وہ اہل فلسطین کی جانوں کی اس ارزانی پر خاموش نہ رہتا۔

مگر ہمیں تو گلا اپنوں سے بھی ہے۔ بے چارے قریبی مسلم ممالک تو کسی گنتی شمار میں نہیں، ان کو خاموش تماشائی بنے رہنے میں ہی عافیت نظر آتی ہے سو وہ خاموش رہے مگر ترکیہ، ایران اور پاکستان کو کیا ہو گیا تھا، وہ سب جنگ بندی ایسی اور اتنی دلیرانہ خلاف ورزیوں پر کیوں خاموش رہے؟

ہمارے ایک دوست جو اپنے حلقے میں بزرجمہر سمجھے جاتے ہیں فرما رہے تھے کہ جہاں تک پاکستان کا تعلق ہے وہ دراصل امریکی صدر کے تعریفی کلمات کے سحر میں مبتلا تھا۔ مسٹر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک سے زیادہ مرتبہ پاکستان اور وزیر اعظم پاکستان کی شان میں تعریف کا ایسا صور پھونکا کہ پاکستانی اہل اقتدار کو اپنی عافیت اسی میں نظر آئی کہ وہ ان خلاف ورزیوں پر ''بے زبانی'' کا مظاہرہ کریں اور خود بھی عافیت میں رہیں۔ یہ جو 279 شہید ہوئے اور ان کے علاوہ جو عرصہ دراز سے نیتن یاہو کے ہٹلری مظالم کا شکار ہو کر اللہ کو پیارے ہوگئے وہ بڑے آرام کی جگہ اور بڑے انعامات سے فیض یاب ہو رہے ہوں گے کہ ظالم کے ہاتھوں موت کو گلے لگانے کا مزہ کچھ اور ہوتا ہے مگر ان کی موت کا باعث بننے والے اسرائیلی درندوں کے نامہ اعمال میں جو کچھ لکھا جا رہا ہے وہ رنگ لا کر رہے گا۔

اسرائیل کا معاملہ تو خدا کے سپرد ہے مگر اہل فلسطین مسائل و مصائب کی ایسی زنجیروں میں جکڑے ہوئے ہیں جن سے ان کی نجات کی کوئی صورت نظر نہیں آتی۔ عالمی طاقتیں بڑے زعم میں رہتی ہیں اور غم خواری و فلسطین کی آبادکاری کے سلسلے میں دل کش دعوے کرتی رہتی ہیں کہ ان کی دوبارہ آبادکاری کا بوجھ عالمی برادری اٹھائے گی اور یہ کہ اس پر اس قدر خرچ آئے گا اور یہ خرچ بھی عالمی برادری ہی برداشت کرے گی انھیں بھی علم ہے کہ اس آبادکاری میں (اگر وہ کی جاسکی) سالوں لگ جائیں گے۔ اتنے عرصے تک یہ بے سروسامان لوگ خستہ حال خیموں میں زندگی گزارتے رہیں گے۔

ہم لوگ جو اپنے گھروں میں چین کی نیند سو رہے ہیں وہ ان کی بے دردی و بے سروسامانی کا اندازہ نہیں کر سکتے۔ ان کو جو خیمے فراہم کیے گئے تھے ان کی حالت اس وقت تک خستہ ہے، پھر پچھلے دنوں بارش ہوئی تو یہ لوگ پانی میں بھیگتے رہے، اب سردی نے آ لیا ہے تو یہ اپنے شکستہ خیموں میں آگ جلا کر اپنے رشتہ جاں کو برقرار رکھے ہوئے ہیں۔ ان کو نہ پانی سے بچنے کا امکان ہے نہ موسم کے شدائد کا مقابلہ کرنے کی سکت ہے۔ نہ ان کے پاس اب روزگار کے وسائل ہیں۔

جامعہ کراچی، گھٹتے طلبہ اور......

ڈاکٹر نوید اقبال انصاری

ایک خبر تو یہ ہے کہ ملک کے سب سے کثیر آبادی والے شہر کراچی میں جہاں سب سے زیادہ پڑھنے کا رجحان ہے، وہاں کی سب سے بڑی سرکاری جامعہ میں طلبہ کی تعداد کم سے کم ہوتی جا رہی ہے جس کی بہت سی وجوہات ہوسکتی ہیں۔ راقم کا خیال ہے کہ وزیر جامعات سندھ محمد اسماعیل راہو اپنی ذمے داریوں کو خوب سمجھتے ہیں اور باخبر رہنے کی کوشش بھی کرتے ہیں اور پھر مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات بھی کرتے ہیں، لہٰذا اس ضمن میں ان کی توجہ جامعہ میں طلبہ کی گھٹتی تعداد کی طرف بھی مبذول کروانا چاہوں گا۔

جامعات خاص کر جامعہ کراچی میں ہر سال داخلوں میں کمی خطرناک حد تک بڑھ رہی ہے اور یہ بات خاص توجہ طلب ہے کہ کراچی شہر لگ بھگ تین کروڑ تک کی آبادی والا شہر بن چکا ہے اور یہ وہ واحد شہر ہے کہ جہاں اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کا رجحان سب سے زیادہ رہا ہے، ایسے میں جامعہ کراچی جو سب سے بڑی سرکاری جامعہ ہے، یہاں طلبہ کی تعداد کا کم ہونا، معمولی بات نہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ان وجوہات کا کھوج لگایا جائے جن کے سبب اس سرکاری جامعہ میں طلبہ کی تعداد کم ہو رہی ہے۔

بظاہر تو دو اہم وجوہات نظر آتی ہیں جن میں سے ایک جامعہ کراچی میں بڑھتی فیسیں ہیں، چونکہ مہنگائی اس وقت اپنے عروج پر ہے، لہٰذا ایک عام خیال یہی ہے کہ شہر کے طلبہ اب ان بھاری فیسوں کا بوجھ نہیں اٹھا سکتے، اب ایک سوال یہ ہے کہ جامعہ کراچی آخر فیسوں میں اضافہ کیوں کرتے چلی جا رہی ہے؟ اس کا جواب بھی بظاہر یہی ہے کہ اگر فیسوں میں اضافہ نہ کرے تو پھر اپنے اخراجات کہاں سے پورا کرے، کیونکہ تعلیمی بجٹ تو بہت ہی کم ملتا ہے۔

ایک اور اہم ترین بات یہ ہے کہ وقت پر تنخواہیں وغیرہ نہ ملنے سے اب اساتذہ میں بھی مایوسی پھیلنا شروع ہوگئی ہے اور ویزیٹنگ اساتذہ کی ایک اچھی تعداد اب نجی جامعات کی طرف منتقل ہو رہی ہے جب کہ ریگولر اساتذہ بھی یہ خواہش رکھتے ہیں کہ جیسے ہی موقع ملے، اس جامعہ کو خیر باد کہہ دیا جائے کیونکہ انھیں بھی بے شمار مسائل کا سامنا ہے۔

مثلاً ان کی مختلف قسم کی مراعات میں تو کمی واقع ہو رہی ہے مگر ان کی ترقی کے راستے بھی تقریباً بند ہوتے چلے جا رہے ہیں، بیشتر اساتذہ ترقی کے انتظار میں ہی ریٹائر ہوگئے مگر ان کے سلیکشن بورڈ نہ ہوسکے، حالانکہ وہ میرٹ پر تھے مگر پروسیجر بہت سست تھا، یعنی برسوں میں بھی مکمل نہ ہوسکا۔ اسی طرح اساتذہ کی ایک بہت بڑی تعداد سلیکشن بورڈ میں ترقی نہ پاسکی (حالانکہ ترقی ان کا جائز حق تھا کیونکہ بیرون ملک کی مختلف یونیورسٹیوں کے تین تین ماہرین نے ان کے سی وی (جس کو 'ڈوزئیر' کہا جاتا ہے) چھ، سات مہینے چیک کرنے کے بعد سلیکشن بورڈ میں شرکت کرنے اور پروموشن کرنے کی سفارش کی تھی) محض اس لیے کہ دس منٹ کے انٹرویو میں، انٹرویو لینے والوں نے انھیں ترقی پانے والوں کی لسٹ میں شامل کرنے کے قابل نہ سمجھا۔ ساٹھ سے زیادہ کی تعداد میں یہ اساتذہ آج بھی ریفر بیک کمیٹی کے رحم و کرم پر ہیں کہ وہ اس سلسلے میں کیا فیصلہ کرتی ہے۔ بہرکیف سندھ کی سب سے بڑی جامعہ کراچی اس دہانے پر پہنچ چکی ہے کہ فوری طور پر اس کے تمام مسائل پر توجہ دی جائے۔

اور دوسری خبر اس جامعہ سے متعلق یہ ہے کہ یہاں کتوں کی تعداد میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ حالیہ ایک خبر کے مطابق تقریباً آٹھ سے دس سال کی دو بچیوں کو ان کتوں نے کیمپس میں ایک گھر کے لان میں گھس کر بری طرح کاٹ کر زخمی کر دیا، اس سے قبل بھی بہت سے واقعات رونما ہو چکے ہیں جس میں کئی طلبہ کتوں سے بچنے کے لیے بھاگے اور گر کر زخمی ہوگئے، یعنی یہ کتے پوری جامعہ میں گھومتے رہتے ہیں، کبھی رہائشی علاقوں میں تو کبھی مختلف شعبہ جات میں۔ طلبہ میں ان کتوں سے سخت خوف و ہراس پھیلا ہوا ہے۔

ان واقعات کے بعد مختلف واٹس ایپ گروپ اور سوشل میڈیا پر یہ موضوع چھایا نظر آیا اور ہمارے طلبہ کلاس روم میں بھی اسی موضوع پر بات کرتے نظر آئے۔ ایک طالب علم کہہ رہا تھا کہ ''کتے بھی جان رکھتے ہیں، جانوروں کے بھی حقوق ہوتے ہیں، لہٰذا انھیں ہلاک کرنا بہت بڑی زیادتی ہوگی۔'' ایک دوسرا طالب علم کہہ رہا تھا کہ ''مذہب میں بھی جانوروں کو اذیت دینا منع ہے۔ بچے کو تو ایک کتے نے کاٹا اور ہم سارے کتوں کو مارنے کی باتیں کر رہے ہیں۔'' کسی نے کہا کہ ''ان کو مخصوص ویکسین لگا دو تا کہ کتے کے کاٹنے کے نقصانات سے بچا جا سکے۔''

ایک اور طالب علم نے کہا کہ ''کتوں سے ہمدردی رکھنے والوں کو شعبہ نفسیات کے حوالے کیا جائے، ہم خوف کی فضا میں تعلیم حاصل نہیں کر سکتے۔'' بطور استاد ہم نے طلبہ کو میڈیا کمپین چلانے کے لیے اسائنمنٹ دیا تھا چنانچہ ایک روز جب ہم کلاس میں پہنچے تو ایک طالبہ نے کہا کہ ''سر! ہم نے فیصلہ کیا ہے کہ ہم اپنے اسائنمنٹ کی میڈیا کمپین جامعہ کراچی کے کتوں پر چلائیں گے۔

اس سے قبل کہ میں کچھ کہتا، ایک دوسرے طالبعلم نے کہا، لیکن یہ سوال یہ ہے کہ کتوں تک یہ پیغام کس ذریعے سے جائے گا؟ واٹس ایپ سے، اخبار سے یا لاؤڈ اسپیکر سے اعلانات کیے جائیں گے یا پھر شٹل اور پوائنٹس میں بیٹھے طلبہ کھڑکیوں سے سر نکال کر آوازیں لگاتے جائیں گے۔

ایک اور طالب علم نے کہا، ''کتے پڑھے لکھے نہیں ہوتے، لہٰذا کمپین پرنٹ میڈیا پر نہیں چل سکتی۔''

کلاس میں سارے طالب علم اس گفتگو پر ہنس رہے تھے، ایک طالبہ نے کہ ''سر یہ طلبہ تو پارلیمنٹ میں بیٹھے حزب اختلاف کی طرح شور مچائے جا رہے ہیں، میری بات پوری نہیں ہونے دے رہے ہیں۔

میرا مطلب ہے کہ ہم میڈیا کمپین کیمپس میں رہنے والوں اور انتظامیہ کی آگاہی کے لیے چلائیں گے جس میں ہم بتائیں گے کہ جامعہ کراچی ایک تعلیمی ادارہ ہے جہاں لڑکیوں کی ایک بڑی تعداد یہاں پڑھتی ہے، جب یہاں مختلف شعبہ جات میں درجنوں کتے جگہ جگہ گھومتے پھرتے نظر آتے ہیں تو اس سے طلبہ خصوصاً لڑکیوں میں شدید خوف و ہراس پھیلتا ہے، انھیں ایک سے دوسرے شعبہ جات میں جانا ہو، کینٹین جانا ہو یا لائبریری، سخت مشکل کا سامنا کرنا پڑتا ہے، لہٰذا جس طرح انسانی آبادی کو نقصانات سے بچانے کے لیے مہم چلائی جاتی ہے ویسے ہی جامعہ کراچی میں کتوں کی بڑھتی تعداد کو فوری طور پر کنٹرول کیا جائے اور مہم چلائی جائے۔ اس بات پر ایک طالب علم پھر بولا، ''سر! بات بالکل درست ہے جب ہم انسانوں کے لیے مہم چل سکتے ہیں تو پھر کتوں کے لیے کیوں نہیں! خود میرے محلے میں کتوں کی تعداد بہت بڑھ چکی ہے اور آئے دن یہ بچوں کو کاٹتے رہتے ہیں۔''

میں نے کلاس کے طلبہ سے کہا کہ ''میں آپ طلبہ کی اس دلچسپ گفتگو سے بہت لطف اندوز ہو چکا ہوں، اب آپ کتوں کے اس موضوع کو چھوڑ دیں، کیونکہ اعلیٰ سطح پر ان واقعات کا نوٹس لے کر ضروری ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔''

ایک اچھی خبر یہ آئی کہ جامعہ کراچی میں کتوں کے کاٹنے کے ان واقعات پر وزیر جامعات سندھ محمد اسماعیل راہو نے نوٹس لیا اور گلشن ٹاؤن کی انتظامیہ کو ہدایات جاری کی کہ فوری طور پر کتا مار مہم شروع کی جائے۔

ایک خبر تو یہ ہے کہ ملک کے سب سے کثیر آبادی والے شہر کراچی میں جہاں سب سے زیادہ پڑھنے کا رجحان ہے، وہاں کی سب سے بڑی سرکاری جامعہ میں طلبہ کی تعداد کم سے کم ہوتی جا رہی ہے جس کی بہت سی وجوہات ہوسکتی ہیں۔ راقم کا خیال ہے کہ وزیر جامعات سندھ محمد اسماعیل راہو اپنی ذمے داریوں کو خوب سمجھتے ہیں اور باخبر رہنے کی کوشش بھی کرتے ہیں اور پھر مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات بھی کرتے ہیں، لہٰذا اس ضمن میں ان کی توجہ جامعہ میں طلبہ کی گھٹتی تعداد کی طرف بھی مبذول کروانا چاہوں گا۔

جامعات خاص کر جامعہ کراچی میں ہر سال داخلوں میں کمی خطرناک حد تک بڑھ رہی ہے اور یہ بات خاص توجہ طلب ہے کہ کراچی شہر لگ بھگ تین کروڑ تک کی آبادی والا شہر بن چکا ہے اور یہ وہ واحد شہر ہے کہ جہاں اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کا رجحان سب سے زیادہ رہا ہے، ایسے میں جامعہ کراچی جو سب سے بڑی سرکاری جامعہ ہے، یہاں طلبہ کی تعداد کا کم ہونا، معمولی بات نہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ان وجوہات کا کھوج لگایا جائے جن کے سبب اس سرکاری جامعہ میں طلبہ کی تعداد کم ہو رہی ہے۔

بظاہر تو دو اہم وجوہات نظر آتی ہیں جن میں سے ایک جامعہ کراچی میں بڑھتی فیسیں ہیں، چونکہ مہنگائی اس وقت اپنے عروج پر ہے، لہٰذا ایک عام خیال یہی ہے کہ شہر کے طلبہ اب ان بھاری فیسوں کا بوجھ نہیں اٹھا سکتے، اب ایک سوال یہ ہے کہ جامعہ کراچی آخر فیسوں میں اضافہ کیوں کرتے چلی جا رہی ہے؟ اس کا جواب بھی بظاہر یہی ہے کہ اگر فیسوں میں اضافہ نہ کرے تو پھر اپنے اخراجات کہاں سے پورا کرے، کیونکہ تعلیمی بجٹ تو بہت ہی کم ملتا ہے۔

ایک اور اہم ترین بات یہ ہے کہ وقت پر تنخواہیں وغیرہ نہ ملنے سے اب اساتذہ میں بھی مایوسی پھیلنا شروع ہوگئی ہے اور ویزیٹنگ اساتذہ کی ایک اچھی تعداد اب نجی جامعات کی طرف منتقل ہو رہی ہے جب کہ ریگولر اساتذہ بھی یہ خواہش رکھتے ہیں کہ جیسے ہی موقع ملے، اس جامعہ کو خیر باد کہہ دیا جائے کیونکہ انھیں بھی بے شمار مسائل کا سامنا ہے۔

مثلاً ان کی مختلف قسم کی مراعات میں تو کمی واقع ہو رہی ہے مگر ان کی ترقی کے راستے بھی تقریباً بند ہوتے چلے جا رہے ہیں، بیشتر اساتذہ ترقی کے انتظار میں ہی ریٹائر ہوگئے مگر ان کے سلیکشن بورڈ نہ ہوسکے، حالانکہ وہ میرٹ پر تھے مگر پروسیجر بہت سست تھا، یعنی برسوں میں بھی مکمل نہ ہوسکا۔ اسی طرح اساتذہ کی ایک بہت بڑی تعداد سلیکشن بورڈ میں ترقی نہ پاسکی (حالانکہ ترقی ان کا جائز حق تھا کیونکہ بیرون ملک کی مختلف یونیورسٹیوں کے تین تین ماہرین نے ان کے سی وی (جس کو 'ڈوزئیر' کہا جاتا ہے)

خلا میں سولر پینلز کی تنصیب

زمرد نقوی

سولر پینلز خلا میں اب جا رہے ہیں، دنیا کے بڑے بڑے ممالک چین، جاپان، برطانیہ اور امریکا اس دوڑ میں لگے ہوئے ہیں کہ کس نے سب سے پہلے خلا میں سولر پارک لگانا ہے۔ ہم جانتے ہیں کہ کلائمٹ چینج ایک عفریت ہے جسے کنٹرول کرنے کے لیے سات پروجیکٹ پر عملدرآمد ہونے جا رہا ہے اس میں پہلا پروجیکٹ خلا میں سولر پینلز ہیں۔

ہمارا ملک ان دس ممالک میں شامل ہے جو کلائمٹ چینج سے بدترین متاثر ہوئے ہیں۔ اگر ہم پچھلے دس سے بارہ سالوں کا مشاہدہ کریں تو 2010ء کے بعد سات گرم ترین سال ان دس سالوں میں شامل ہیں۔ سمندری سطح 1880 تک برف پگلنے کی وجہ سے 20 سینٹی میٹر بڑھی۔ لیکن زمینی درجہ حرارت میں اضافہ کی وجہ سے یہ سطح 60 سینٹی میٹر مزید بڑھی۔ کاربن ڈائی آکسائیڈ آہستہ آہستہ ہماری آب و ہوا میں پھیلتی جا رہی ہے۔ آج سے 100/200 سال پہلے کاربن ڈائی آکسائیڈ ہماری فضا میں 300 پی پی ایم تھی، اب یہ بڑھ کر 422 پی پی ایم ہوچکی ہے۔ یہ کاربن ڈائی آکسائیڈ پچھلے 8 ہزار سالوں میں بلند ترین سطح پر ہے۔ جیسے ہماری فضا میں یہ زہریلی گیس بڑھتی جائے گی انسان کم عقل ہوتے جائیں گے۔ اگر کاربن ڈائی آکسائیڈ کو بڑھنے سے نہ روکا گیا تو بزنس انسائیڈر نے بتایا ہے کہ 2100ء میں انسانی ذہانت میں 50 فیصد تک کمی آ جائے گی۔ اس طرح نہ نئی ایجادات ہوسکیں گی اور نہ پیچیدہ مسائل حل ہوسکیں گے۔

ایک اور ریسرچ آئیوا یونیورسٹی میں کی گئی کہ ہمارا دماغ اس زہریلی گیس کی وجہ سے کھلنا شروع ہوگیا ہے جو ہمیں کم عقل اور کم ذہین بنا دے گا اور قطرینا ٹائپ ہری کین زیادہ سے زیادہ آئیں گے جو اس وقت ماضی کے مقابلے میں 400 فیصد بڑھ چکے ہیں۔ بادل سورج کی ریڈیشن 25 فیصد روک لیتے ہیں۔ یہ 25 فیصد دھوپ تو ہم تک پہنچتی ہی نہیں اس طرح سے یہ انرجی ضایع ہوجاتی ہے۔

اس کے بعد جب رات آتی ہے تو سولر پینلز کام ہی نہیں کرتے۔ جن علاقوں میں بارشیں ہوتی ہیں اور ہر وقت موسم ابر آلود رہتا ہے جس طرح یورپ ہے وہاں پر تو سولر پینل کا کوئی خاص فائدہ نہیں ہے وہاں انرجی آدھی پیدا ہوتی ہے۔ اس لیے سائنس دان یہ سوچنے پر مجبور ہو گئے ہیں کہ سولر پینلز کو موسمی تغیرات سے بچانے کے لیے ہم انھیں اٹھائیں اور خلا میں لے جائیں۔ خلا میں ایک 10 کلومیٹر لمبا سولر پینل لے جایا جائے اور اس کو خلا میں ساکن رکھا جائے اور زمین کے گرد نہیں گھومے گا تو اس پر ہر وقت دھوپ پڑتی رہے گی۔ اس کے نتیجہ میں 570 ٹیراواٹ انرجی حاصل ہوگی۔

یہ انرجی کا ایک یونٹ ہے۔ یعنی اس کا اصل مطلب یہ ہے کہ 10 ارب لوگ اس انرجی سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں یعنی بجلی 10 ارب لوگوں کو مل جائے گی۔ جو اس وقت امریکا کی فی کس انرجی استعمال سے 6 گنا زیادہ ہے۔ اگر صرف 10 کلومیٹر کا سولر پارک خلا میں لگا دیں تو اتنی کثیر مقدار میں انرجی ہمیں حاصل ہو جائے گی۔ اس وقت برطانیہ کی انرجی کی ڈیمانڈ صرف 32.0 ٹیرا Year ہے، جب کہ خلا میں 570 ٹیراواٹ 10 کلومیٹر ایک سولر پارک پیدا کرسکتا ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ انرجی تو اسٹور کر لی لیکن یہ انرجی خلا سے زمین پر کیسے آئے گی۔ یعنی انسانی رہائش گاہوں، دفتروں اور صنعتوں میں۔ حال ہی میں کال ٹیک یونیورسٹی نے اس سلسلہ میں ایک زبردست ریسرچ کی ہے۔ اس نے اس انرجی کو مائیکرو ویو اور لیزر کے ذریعے زمین تک منتقل کیا ہے۔ یہ ٹار گیٹیڈ انرجی ہے اس کہیں بھی لے جاسکتے ہیں اس کے لیے ایک انٹینا چاہیے بجلی کی ترسیل خلا سے زمین تک اب کوئی مسئلہ نہیں رہا۔ اس پر ٹیکنالوجی ڈویلپ کی جاچکی ہے۔

سولر پینلز خلا میں اب جا رہے ہیں، دنیا کے بڑے بڑے ممالک چین، جاپان، برطانیہ اور امریکا اس دوڑ میں لگے ہوئے ہیں کہ کس نے سب سے پہلے خلا میں سولر پارک لگانا ہے۔ ہم جانتے ہیں کہ کلائمٹ چینج ایک عفریت ہے جسے کنٹرول کرنے کے لیے سات پروجیکٹ پر عملدرآمد ہونے جا رہا ہے اس میں پہلا پروجیکٹ خلا میں سولر پینلز ہیں۔

ہمارا ملک ان دس ممالک میں شامل ہے جو کلائمٹ چینج سے بدترین متاثر ہوئے ہیں۔ اگر ہم پچھلے دس سے بارہ سالوں کا مشاہدہ کریں تو 2010ء کے بعد سات گرم ترین سال ان دس سالوں میں شامل ہیں۔ سمندری سطح 1880 تک برف پگلنے کی وجہ سے 20 سینٹی میٹر بڑھی۔ لیکن زمینی درجہ حرارت میں اضافہ کی وجہ سے یہ سطح 60 سینٹی میٹر مزید بڑھی۔ کاربن ڈائی آکسائیڈ آہستہ آہستہ ہماری آب و ہوا میں پھیلتی جا رہی ہے۔ آج سے 100/200 سال پہلے کاربن ڈائی آکسائیڈ ہماری فضا میں 300 پی پی ایم تھی، اب یہ بڑھ کر 422 پی پی ایم ہوچکی ہے۔ یہ کاربن ڈائی آکسائیڈ پچھلے 8 ہزار سالوں میں بلند ترین سطح پر ہے۔ جیسے ہماری فضا میں یہ زہریلی گیس بڑھتی جائے گی انسان کم عقل ہوتے جائیں گے۔ اگر کاربن ڈائی آکسائیڈ کو بڑھنے سے نہ روکا گیا تو بزنس انسائیڈر نے بتایا ہے کہ 2100ء میں انسانی ذہانت میں 50 فیصد تک کمی آ جائے گی۔ اس طرح نہ نئی ایجادات ہوسکیں گی اور نہ پیچیدہ مسائل حل ہوسکیں گے۔

ایک اور ریسرچ آئیوا یونیورسٹی میں کی گئی کہ ہمارا دماغ اس زہریلی گیس کی وجہ سے کھلنا شروع ہوگیا ہے جو ہمیں کم عقل اور کم ذہین بنا دے گا اور قطرینا ٹائپ ہری کین زیادہ سے زیادہ آئیں گے جو اس وقت ماضی کے مقابلے میں 400 فیصد بڑھ چکے ہیں۔ بادل سورج کی ریڈیشن 25 فیصد روک لیتے ہیں۔ یہ 25 فیصد دھوپ تو ہم تک پہنچتی ہی نہیں اس طرح سے یہ انرجی ضایع ہوجاتی ہے۔

اس کے بعد جب رات آتی ہے تو سولر پینلز کام ہی نہیں کرتے۔ جن علاقوں میں بارشیں ہوتی ہیں اور ہر وقت موسم ابر آلود رہتا ہے جس طرح یورپ ہے وہاں پر تو سولر پینل کا کوئی خاص فائدہ نہیں ہے وہاں انرجی آدھی پیدا ہوتی ہے۔ اس لیے سائنس دان یہ سوچنے پر مجبور ہو گئے ہیں کہ سولر پینلز کو موسمی تغیرات سے بچانے کے لیے ہم انھیں اٹھائیں اور خلا میں لے جائیں۔ خلا میں ایک 10 کلومیٹر لمبا سولر پینل لے جایا جائے اور اس کو خلا میں ساکن رکھا جائے اور زمین کے گرد نہیں گھومے گا تو اس پر ہر وقت دھوپ پڑتی رہے گی

اقبالؒ اور بلوچستان

ڈاکٹر فاروق عادل

میں ابھی ابھی کوئٹہ سے لوٹا ہوں اور سوچ رہا ہوں

گئی۔ کانفرنس میں ملک بھر سے اہم ماہرین اقبالیات شریک تھے جن میں اسلام آباد سے ادارہ فروغ قومی زبان کے سربراہ پروفیسر ڈاکٹر سلیم مظہر، چیئرپرسن اکادمی ادبیات ڈاکٹر نجیبہ عارف، لاہور سے پروفیسر ڈاکٹر اقبال شاہد، سرگودھا سے ڈاکٹر ہارون الرشید تبسم، بریگیڈیئر ڈاکٹر وحید الزماں طارق، عبید اللہ کیہر، ڈاکٹر بابر نسیم آسی، ساؤتھ پنجاب یونیورسٹی کے چانسلر اور ایمز ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے سربراہ ڈاکٹر الماس صابر شریک ہوئے۔ خبیب فاؤنڈیشن کے سربراہ ندیم خان سمیت برطانیہ سے ممتاز پاکستانی تعمیراتی کنسلٹنٹ ڈاکٹر سمیع اللہ ملک، ممتاز ادیب اور کویت میں پاکستانی برادری کے راہ نما رانا اعجاز کی شرکت نے کانفرنس کی اہمیت دوچند کردی۔

ان کے علاوہ کئی برادر ملکوں سے بھی ماہرین اقبالیات شریک ہوئے جن میں بنگلا دیش انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک تھاٹ کے سربراہ ڈاکٹر عبدالعزیز [illegible]

گوار تعجب کے ساتھ سنیں اور دل کھول کر داد دی۔ سیشن ختم ہو جانے کے بعد نوجوانوں کے بہت سی ٹولیوں نے گھیر کر میرے مؤقف کی داد دی اور مجھ سے بہت سے سوالات کیے۔ اس سے اندازہ ہوا کہ بلوچستان اور ملک کے مختلف حصوں کے عوام کے درمیان رابطوں کا فقدان ہے جس کی وجہ سے غلط فہمیاں بڑھ رہی ہیں۔ بین الاقوامی اقبال کانفرنس کے ذریعے فکر اقبالؒ کے فروغ کے علاوہ بلوچستان سے ملک کے دیگر حصوں کے رابطے کے مبارک سلسلے کا بھی آغاز ہوا جس پر اقبال اکیڈمی کے ڈاکٹر عبدالرف رفیقی اور تعمیر نو ٹرسٹ کے ذمے داران خاص طور پر حافظ طاہر تعریف اور داد کے مستحق ہیں۔

توقع ہے کہ رابطوں کا یہ سلسلہ اب برقرار رہے گا۔ دیگر اداروں کو بھی اس سلسلے میں اپنے حصے کا کام کرنا چاہیے جیسے اکادمی ادبیات پاکستان نے نوجوان ادیبوں کی تربیت کے لیے دو ہفتوں کی ایک

سفر کا امتحان: پاکستانیوں کی آف لوڈنگ کیا مسئلہ ہے؟

قلمِ حق

انجینئر بخت سید یوسفزئی

engr.bakht@gmail.com

پاکستانی مسافروں کی آف لوڈنگ ایک ایسا مسئلہ بن چکا ہے جس نے نہ صرف عوام کو پریشان کیا ہے بلکہ ملک کی عالمی ساکھ کو بھی متاثر کیا ہے۔ دنیا کے کئی ممالک میں فضائی سفر کیلئے سخت اصول موجود ہیں، لیکن پاکستانی مسافروں کو جس حد تک تضحیک کا سامنا کرنا پڑتا ہے، وہ ایک الگ اور توجہ طلب معاملہ ہے۔ اس تحریر میں ہم ان سات بنیادی وجوہات کا تفصیلی جائزہ لیں گے جن کی بنیاد پر اکثر پاکستانی مسافروں کو آف لوڈ کیا جاتا ہے، اور یہ مسئلہ کیوں سال بہ سال بڑھتا جا رہا ہے۔ سب سے پہلی وجہ دستاویزات کی کمی یا غلطی ہے۔ اگرچہ یہ ایک عالمی اصول ہے کہ ہر مسافر کے کاغذات مکمل اور درست ہوں، لیکن پاکستان میں اکثر مسافر اپنے ویزوں، ہوٹل بکنگ، واپسی کے ٹکٹ یا بینک اسٹیٹمنٹ کے حوالے سے بے احتیاطی کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ اس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ امیگریشن حکام فوراً شک کی نگاہ سے دیکھنے لگتے ہیں۔ دوسری بڑی وجہ اوور بکنگ ہے، لیکن دلچسپ بات یہ ہے کہ دنیا بھر میں اوور بکنگ ہوتی ہے، مگر پاکستان میں یہ مسئلہ خاص طور پر پاکستانی مسافروں پر ڈالا جاتا ہے۔ اگر فلائٹ اوور بک ہو جائے تو غیر ملکی مسافروں کو بٹھا دیا جاتا ہے جبکہ پاکستانی شہریوں کو ''سیکیورٹی کلیئرنس''، ''اضافی چیک'' یا ''دستاویزات کی مزید چھان بین'' جیسے بہانوں پر آف لوڈ کر دیا جاتا ہے۔ تیسری اہم وجہ مسافروں کا عملے سے بدسلوکی کرنا ہے۔ بعض مسافر اپنے غصے، غلط رویے اور غیر مناسب گفتگو کی وجہ سے خود ہی اپنے سفر کو خطرے میں ڈال لیتے ہیں۔ بہت سی رپورٹس میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ چند لوگ عملے کے ساتھ تلخ گفتگو کرتے ہیں، چیخ چلاتے ہیں یا قواعد ماننے سے انکار کرتے ہیں۔ چوتھی وجہ پاکستان کا بدنام VIP کلچر ہے۔ دنیا کے اکثر ممالک میں کوئی وزیر ہو یا عام شہری، سب کے لیے ایک ہی لائن اور ایک ہی اصول ہوتے ہیں۔ لیکن پاکستان میں VIP کلچر نے نہ صرف سسٹم کو خراب کیا ہے بلکہ عام مسافروں کی مشکلات بھی بڑھا دی ہیں۔ اسی کلچر نے سفر کو مشکل بنا دیا ہے۔ مثال کے طور پر جب کوئی مشہور شخصیت یا حکومتی فرد سفر کر رہا ہو تو عام شہریوں کو سیٹوں سے بھی محروم کر دیا جاتا ہے۔ کچھ عرصہ پہلے ایک مشہور واقعہ ہوا جب ایک معروف شخصیت کے پاکستان پہنچنے پر ایک فلائٹ کو اسلام آباد کے بجائے لاہور اتار کر ترجیحات تبدیل کی گئیں۔ پانچویں وجہ دہشت گردی اور ECL سے وابستہ معاملات ہیں، اور یہ مسئلہ پاکستان کیلئے ہمیشہ سے حساس رہا ہے۔ گزشتہ دو دہائیوں میں ملک کو دہشت گردی نے بری طرح متاثر کیا، جس کی وجہ سے سیکیورٹی ادارے پہلے ہی غیر معمولی دباؤ کا شکار ہیں۔ جب کوئی مسافر بیرونِ ملک روانہ ہوتا ہے تو امیگریشن حکام اس کے سفر کے مقاصد، سابقہ ریکارڈ، اور کسی بھی حساس لسٹ سے ممکنہ تعلق کا باریک بینی سے جائزہ لیتے ہیں۔ اگر کسی شخص کا نام ECL، بلیک لسٹ، یا کسی خفیہ رپورٹ میں معمولی شبہے کے ساتھ بھی موجود ہو، تو حکام فوری طور پر اسے روک دیتے ہیں، even اگر وہ شبہ بعد میں غلط ثابت ہو جائے۔ پاکستان جیسے ملک میں جہاں ماضی کے سیکڑوں کیسز نے اداروں پر دباؤ بڑھایا ہے، وہاں اکثر افسران ''زیادہ محتاط'' بن جاتے ہیں۔ اس کا نقصان یہ ہوتا ہے کہ بعض اوقات وہ لوگ بھی روکے جاتے ہیں جن کا دہشت گردی سے دور دور تک کوئی تعلق نہیں ہوتا۔ صرف علاقہ، شکل، نام یا سفر کی نوعیت کی بنیاد پر بھی شکوک پیدا کیے جاتے ہیں۔ نتیجے کے طور پر عام شہری بے گناہ ہونے کے باوجود کئی گھنٹے پوچھ گچھ کی بھٹی سے گزرتے ہیں، اور بعض اوقات آف لوڈ بھی کر دیے جاتے ہیں۔ یہ مسئلہ صرف سیکیورٹی نہیں بلکہ تربیت اور نظام کی کمزوری کا بھی ہے۔ مناسب ڈیٹا شیئرنگ، جدید ٹیکنالوجی، اور شفاف لسٹوں کی کمی کے باعث اکثر فیصلے اندازے یا دباؤ کی بنیاد پر لیے جاتے ہیں، جس کا خمیازہ شریف مسافر بھگتتے ہیں۔ حقیقی خطرہ رکھنے والوں کی نشاندہی ضروری ہے، مگر غیر ضروری شک کی وجہ سے عام شہریوں کی زندگی مشکل بنا دینا انصاف کے تقاضوں کے خلاف ہے۔ چھٹی وجہ انسانی اسمگلنگ ہے، اور یہ ایک حقیقی مسئلہ ہے۔ پاکستان میں بعض ایجنٹس معصوم لوگوں کو بڑے خواب دکھا کر جعل سازی کے ذریعے آگے بھیجتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ دنیا بھر کے سیکیورٹی اداروں نے پاکستانی پاسپورٹ ہولڈرز کی چھان بین کو مزید سخت کر دیا ہے۔ ساتویں وجہ پروفائلنگ ہے، یعنی باہر کے ممالک میں خاص طرح کے کپڑے، زبان یا ثقافتی انداز دیکھ کر اندازہ لگا لینا کہ یہ شخص مشکوک ہوسکتا ہے۔ یہ رویہ غلط ہونے کے باوجود عالمی سطح پر موجود ہے۔ پروفائلنگ کا یہ سلسلہ پاکستان میں بڑھ چکا ہے۔ اگر کوئی شخص سفر کیلئے سندھی ٹوپی پہن لے، روایتی لباس پہن لے، یا دیہاتی انداز میں سفر کر رہا ہو تو فوراً اسے ''مزید چھان بین'' کی لائن میں کھڑا کر دیا جاتا ہے۔ یہ رویہ نہ صرف غلط ہے بلکہ بنیادی انسانی حقوق کے خلاف ہے۔ بہت سے پاکستانی نوجوان صرف روزگار کی تلاش میں بیرون ملک جاتے ہیں، مگر صرف ان کی شکل، بولی یا لباس کی بنیاد پر انہیں روک لیا جاتا ہے۔ یہ ناانصافی ان کے خوابوں کو توڑ دیتی ہے۔ ایک دوسری حقیقت یہ بھی ہے کہ کچھ پاکستانی سفری قوانین سے ناواقف ہوتے ہیں، جس کا فائدہ امیگریشن حکام اٹھاتے ہیں اور معمولی اعتراضات کی بنیاد پر آف لوڈنگ کر دیتے ہیں۔ مسافر چاہے چیک ان کرا چکا ہو، فلائٹ کے وقت اس کا نام لسٹ سے نکال دیا جاتا ہے۔ یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ مخصوص ممالک کے لیے سفر کرنے والے پاکستانیوں پر غیر معمولی سوالات کیے جاتے ہیں۔ بعض کو گھنٹوں تک بٹھا کر رکھا جاتا ہے، صرف اس لیے کہ وہ نوجوان ہیں یا اکیلے سفر کر رہے ہیں۔ مسافر جب کئی ماہ تک پیسہ جوڑ کر ٹکٹ خریدتے ہیں اور ایئرپورٹ پر آف لوڈ کر دیے جاتے ہیں تو یہ صرف ایک سفری رکاوٹ نہیں ہوتی، بلکہ ان کے ارادے، خواب اور مالی حالات پر بھی شدید اثر ڈالتی ہے۔ ان تمام صورتحال میں ضروری ہے کہ عوام کو صرف قصوروار نہ ٹھہرایا جائے۔ ریاستی سطح پر اداروں کی کمزوری، تربیت کی کمی، اور منظم قوانین کی عدم موجودگی بھی اس تیزی سے بڑھتی ہوئی آف لوڈنگ کی بڑی وجہ ہے۔ قومی وقار اس وقت مجروح ہوتا ہے جب ایک پاکستانی خاندان اپنی آنکھوں میں خواب لیے بیرون ملک جاتا ہے مگر امیگریشن آفیسر اسے واپس گھر بھیج دیتا ہے۔ یہ صرف ایک انفرادی مسئلہ نہیں، بلکہ پوری قوم کی اجتماعی عزت کا معاملہ ہے۔ مسافروں کی تذلیل روکنے کیلئے ضروری ہے کہ عوام بھی اپنے سفری کاغذات مکمل رکھیں، ایجنٹوں سے بچیں اور قانونی طریقوں کو اپنائیں۔ دوسری طرف ریاست کو بھی چاہیے کہ غیر ضروری پروفائلنگ اور امتیازی سلوک کے خلاف سخت قوانین بنائے۔ اگر ہم بطور قوم یہ اصول اپنائیں کہ نہ کسی کے ساتھ زیادتی ہو اور نہ کسی کو بلاوجہ حقیر سمجھا جائے تو سفر، تجارت، سماج اور عالمی ساکھ سب بہتر ہو جائیں گے۔ پاکستانی مسافروں کو عزت دینا آج کا نہیں بلکہ برسوں سے نظر انداز کیا جانے والا مسئلہ ہے۔ وقت آگیا ہے کہ اسے سنجیدگی سے لیا جائے۔ اگر ادارے، حکومت اور عوام مل کر اس مسئلے پر کام کریں تو وہ دن دور نہیں جب پاکستانی مسافروں کو بھی دنیا بھر میں وہی عزت اور سہولت ملے گی جو دیگر قوموں کو حاصل ہے۔

جڑواں شہروں کی خبریں

متاثرہ خواتین نے چوہدری شفقت محمود کو ڈھیروں دعائیں دیں

تحصیلدار حسن ابدال چوہدری شفقت محمود کا قبضہ مافیا کے خلاف آپریشن 36 سالہ قبضہ واگزار

موضع کوٹ سونڈ کی تحصیل حسن ابدال کی رہائشی یتیم خواتین نے تحصیلدار حسن ابدال چوہدری شفقت محمود کو درخواست دی

قلیل وقت میں کاروائی کرتے ہوئے قبضہ واگزار کروا کر اراضی متاثرہ خواتین کے حوالے کر دی

حسن ابدال (سٹاف رپورٹر) موضع کوٹ سونڈ کی تحصیل حسن ابدال کی رہائشی یتیم خواتین نے تحصیلدار حسن ابدال چوہدری شفقت محمود کو درخواست دی کی کہ ہماری اراضی جس پر ہمارے بھائیوں نے 36 سال سے قبضہ کر رکھا ہے اور والد کی جائیداد سے ہمیں حصہ نہیں مل رہا ہمیں انصاف فراہم کیا جائے جس پر چوہدری شفقت محمود نے قلیل وقت میں کاروائی کرتے ہوئے قبضہ واگزار کروا کر اراضی متاثرہ خواتین کے حوالے کر دی تفصیلات کے مطابق موضع کوٹ سونڈ کی تحصیل حسن ابدال کی رہائشی یتیم خواتین نے تحصیلدار حسن ابدال چوہدری شفقت محمود کو درخواست دی کی کہ ہماری اراضی جس پر ہمارے بھائیوں نے 36 سال سے قبضہ کر رکھا ہے اور والد کی جائیداد سے ہمیں حصہ نہیں مل رہا ہمیں انصاف فراہم کیا جائے جس پر چوہدری شفقت محمود نے قلیل وقت میں کاروائی کرتے ہوئے قبضہ واگزار کروا کر اراضی متاثرہ خواتین کے حوالے کر دی اس موقع پر متاثرہ خواتین نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے اس سے قبل بھی مختلف اداروں کو درخواستیں دیں لیکن ہماری کوئی شنوائی نہیں ہوئی پھر ہم نے تحصیلدار حسن ابدال چوہدری شفقت محمود کو درخواست دی جس پر انھوں نے 5 روز میں کاروائی عمل میں لائی اور 36 سالہ قبضہ واگزار کروا کر اراضی ہمارے حوالے کی متاثرہ خواتین نے چوہدری شفقت محمود کو ڈھیروں دعائیں دیں اور ان کا مزید کہنا تھا کہ ہم چوہدری شفقت محمود کی اس کامیاب کاروائی پر ان کے مشکور ہیں اور ان کی کامیابی کے لیے ہمہ وقت دعا گو ہیں اس موقع پر تحصیلدار حسن ابدال چوہدری شفقت محمود کا کہنا تھا کہ غریب، مسکین، یتیم اور بیواں کی اراضی پر قبضہ کسی صورت برداشت نہیں اور قبضہ مافیا کے خلاف کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی تحصیلدار حسن ابدال چوہدری شفقت محمود کی اس کامیاب کاروائی پر عوامی حلقوں نے خوب سراہا ہے اور خراج تحسین پیش کیا ہے

تحصیلدار حسن ابدال چوہدری شفقت محمود کا قبضہ مافیا کے خلاف آپریشن 36 سالہ قبضہ واگزار

سی ڈی اے کیساتھ ملکر اسلام آباد کے ترقیاتی منصوبوں پر کام کریں گے

بلدیاتی انتخابات میں شہری اور دیہاتی علاقوں سے اپنے امیدوار انتخابی میدان میں اتاریں گے، جاوید انتظار

تعلیم یافتہ نوجوان طبقے اور خواتین کے لئے نوکری کے متبادل ذریعہ معاش کے مواقع پیدا کریں گے

اسلام آباد (پ ر) چیئرمین اسلام آباد آزاد گروپ جاوید انتظار نے کہا کہ بلدیاتی انتخابات میں شہری اور دیہاتی علاقوں سے اپنے امیدوار انتخابی میدان میں اتاریں گے۔ سی ڈی اے کیساتھ ملکر اسلام آباد کے ترقیاتی منصوبوں پر کام کریں گے۔ عوام کا پیسہ عوام پر خرچ کریں گے۔ تعلیم صحت کے نظام کو جوابدہ بنائیں گے۔ تعلیم یافتہ نوجوان طبقے اور خواتین کے لئے نوکری کے متبادل ذریعہ معاش کے مواقع پیدا کریں گے۔ انہوں نے عوام بیٹھک ستارہ مارکیٹ میں پاک پی ڈبلیوڈی، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، سی ڈی اے، پولی کلینک کے ملازمین اور انجمن تاجران ستارہ مارکیٹ کے منتخب جنرل سیکرٹری رانا محمد اکرم سے ملاقات میں کہا کہ الیکشن کمیشن پہلے بھی دو سے تین بار بلدیاتی انتخابات کا شیڈول دے کر بلدیاتی نمائندوں سے کڑوروں روپے وصول کر چکا ہے۔ لیکن دس سال سے اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات نہیں کروا سکا۔ اب پھر الیکشن کمیشن نے اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات کا اعلان کیا ہے۔ لیک

لارڈ فاسٹ ندیم اصغر ندیم کا تاریخی فیصلہ، خواتین کے حقوق کی جیت

راولپنڈی / کوٹلی ستیاں سال 1986 میں جائیداد سے محروم ہونے والی زیتون بی بی کو نومبر 2025 میں بالآخر اپنا قانونی حق مل گیا۔ کوٹلی ستیاں کی رہائشی زیتون بی بی نے انتقالات کی منسوخی کے لیے دیوانی عدالت سے رجوع کیا تھا، جس پر عدالت نے فریقین کی شہادت کے بعد ڈگری جاری کی۔ زیتون بی بی نے عدالتی فیصلے پر عملدرآمد کے لیے درخواست اجرا دائر کی، تاہم کئی بار وارنٹ گرفتاری جاری ہونے کے باوجود عملدرآمد نہ ہوسکا۔ معاملہ اس وقت نیا رخ اختیار کر گیا جب دیپالپور سے تبادلہ ہو کر لارڈ فاسٹ ندیم اصغر ندیم بطور ایڈمن سول جج راولپنڈی تعینات ہوئے۔ لارڈ فاسٹ نے اسسٹنٹ کمشنر کوٹلی ستیاں ڈاکٹر حنا کی گرفتاری کا حکم دیا، جنہوں نے عدالت سے مہلت کی استدعا کی۔ جج نے عورت ہونے کے ناطے نرمی برتی اور انہیں رہا کر دیا، مگر اگلی پیشی پر بھی عدالتی حکم پر عمل نہ ہوا۔ اس کے بعد لارڈ فاسٹ ندیم اصغر ندیم نے کمشنر راولپنڈی، ڈپٹی کمشنر راولپنڈی، ڈی سی مری، اسسٹنٹ کمشنر کوٹلی ستیاں، تحصیلدار اور پٹواری کے وارنٹ گرفتاری جاری کیے اور ان کی تنخواہیں بند کردیں۔ نتیجے میں محکمہ مال کے افسران نے عدالتی ڈگری پر عملدرآمد کیا اور زیتون بی بی کے پیش رو سجاول کی جائیداد کا وراثتی انتقال اس کے ورثا بشمول زیتون کے نام تصدیق کر دیا اور فراڈ کی بنا پر مشتمل انتقالات کو منسوخ کردیا۔ یہ ایک تاریخی مثال ہے کہ کس طرح ایک مستحق خاتون کو اپنی زندگی میں انصاف ملا، جو کہ خواتین کے حقوق کے تحفظ کی جانب ایک مثبت قدم ہے۔ دیگر دو ڈگریوں کے عمل درامد نہ کرنے پر اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ راولپنڈی کینٹ ثمن خان اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر راولپنڈی صدر بہزاد کو لارڈ فاسٹ ندیم اصغر ندیم کے روبرو گرفتار کر کے پیش کیا گیا۔ عدالتی ڈگریوں پر عمل درامد کرنے کے بعد لارڈ فاسٹ نے دونوں کو حراست سے رہا کر دیا۔

اسسٹنٹ سیکرٹری جنرل وسفیر OIC جناب طارق علی بخیت ایک روزہ دورہ پر پاکستان پہنچ گئے وزارت کے شعبہ دعوہ وزیارات کے سربراہ احمد ندیم خان نے معزز مہمان کا استقبال کیا۔ معزز مہمان بین الاقوامی مقابلہ حسن قرآت کی تقریب تقسیم انعامات میں سیکرٹری جنرل OIC کی نمائندگی کریں گے۔ ترجمان مذہبی امور

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس عارضی بجلی بندش کا شیڈول

آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) 29 نومبر 2025 کو صبح 09:00 بجے سے دوپہر 02:00 بجے تک اسلام آباد سرکل کے مختلف علاقوں میں مرمت کے کام شیڈول کیے گئے ہیں، جن میں F-6/1، سہان، یوسی روڈ، غوری گارڈن، پی ایچ اے فلیٹس، کرور، کلب-II، ہسپتال، فلٹریشن پلانٹ، شکرپریان، اسلام آباد کلب-I، میلوڈی، اسپورٹس کمپلیکس، کنونشن سینٹر، سی ڈی اے پمپ، پولی کلینک/G-6/3، جی ایچ کیو، G-10 مرکز، H-8/2، I-10/4، G-11 مرکز، نیو شاہ اللہ دتہ، رہارہ، سی ایم پاک زونگ، گری، آئیسولیشن ہسپتال، پی ایچ اے-I، کلڈانہ، کوہالہ، بلاوارا اور ٹریٹ شامل ہیں۔ راولپنڈی سٹی سرکل میں متاثرہ علاقوں میں E-بلاک، نیشنل مارکیٹ، اوجڑی کیمپ، شکریال، الانور کالونی، فاروق اعظم، نواز کالونی، ظفر الحق، کمیٹی چوک، گوالمنڈی، ڈی ایچ کیو، صرافہ بازار، اقبال روڈ، علی مارکیٹ، باغ سرداران، عسکری XI، کیانی روڈ، ملت آباد، نیو ریس کورس، ڈھوک چودریاں، امیر حمزہ کالونی، نسٹ روڈ اور محن پورہ شامل ہیں۔ راولپنڈی کینٹ سرکل میں شامل علاقے کشمیر روڈ، کوہستان انکلیو، پنجاب سمال انڈسٹری، بہتر موڑ، برہان، پورمیانہ، گھڑی افغانہ، گلشن صحت (E-18)، ویلی، حمید، منصر ٹی/سی، کامرہ رورل ٹی/سی، اے کے سینٹرٹی/سی، برازی، فوارہ چوک (ڈبل سرکٹ)، امین آباد (ڈبل سرکٹ)، ویسہ، بولیانوال، سوئی، غریبوال، نور پور، پاری، دھرنال، گلیال، فتح جنگ، بہار، بہلوٹ، باغ نیلاب، شمس آباد، بٹیاں اور ڈھکنیو شامل ہیں۔ چکوال سرکل میں متاثرہ علاقوں میں تھارپال، بلکسر، ملت چوک، مرید، ڈھارنکہ، ڈھولتالہ، دھودیال ایکسپریس، ملہل مغلاں، سی ایس شاہ، دھریالہ جلیب، کٹاس، عبداللہ پور، دھرنال، سکا، جی پی او چوک، ملکوال، ڈھولر، موگلہ، داروٹ، میال اور ونہار شامل ہیں۔ جہلم سرکل میں شامل علاقوں میں اجمل شہید، زبیر شہید، F-3 (گل افشاں)، بولانی، کاریالہ، میٹروسٹی، گرینڈ سٹی، فتح پور، کھوڑ، F-6 مشین محلہ، انڈسٹریل ایریا، F-10 (کالہ بیس)، بوریان، F-2 (چپ بورڈ)، چمالہ، منگلا کینٹ، کیپٹن نصار شہید، بسوتے، کھائی کولیا، نیو سنگھوی، چوٹالہ، کرنل محمد اکرم، متوا، سوہاوہ کچہری، مین بازار، چھپر شریف، کونترلہ اور اسلام پورہ شامل ہیں۔ جی ایس او سرکل میں صبح 09:00 بجے سے دوپہر 03:00 بجے تک متاثرہ علاقوں میں پارلیمنٹ ہاؤس، ایف پلانٹ، فرنٹیئر ہاؤس، ایمبیسی، پاک سیٹ-2، پارلیمنٹ لاج، ایوان صدر، وزیر اعظم ہاؤس، اسلام آباد کلب-II، G-4 14/4، G-14/3، نسٹ روڈ، G-13/4 ایکسٹینشن، کیو پراجیکٹ، ڈی ایچ کیو، بینک روڈ-2، آدم جی روڈ، سر سید روڈ، خادم حسین، سی جی ایچ، صرافہ بازار، جھنڈا، ظفر الحق روڈ، آریہ محلہ، بولانی، فتح پور، کاریالہ، میٹروسٹی اور گرینڈ سٹی شامل ہیں۔

ایف ایف سی کا اعزاز SAFA - کی بہترین پیش کردہ سالانہ رپورٹ ایوارڈز میں مجموعی طور پر لگاتار دوسرے سال فاتح قرار

27 نومبر 2025 کو اسلام آباد میں منعقدہ اس تقریب میں پورے جنوبی ایشیا کے مندوبین کی شرکت

ایف ایف سی کا اعزاز SAFA - کی بہترین پیش کردہ سالانہ رپورٹ ایوارڈز میں مجموعی طور پر لگاتار دوسرے سال فاتح قرار

SAFA کے رکن ممالک کے سرکردہ اداروں کو شفافیت، گورننس اور مالیاتی رپورٹنگ میں بہترین کارکردگی پر سراہا گیا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) فوجی فرٹیلائزر کمپنی (ایف ایف سی) نے SAFA (ساؤتھ ایشین فیڈریشن آف اکاؤنٹنٹس) کے بہترین پیش کردہ سالانہ رپورٹ ایوارڈز میں مسلسل دو سالوں تک مجموعی طور پر فاتح کا اعزاز حاصل کرنے والی پہلی پاکستانی کمپنی کے طور پر اپنی تاریخی کامیابی کا فخر کے ساتھ اعلان کیا۔ 27 نومبر 2025 کو اسلام آباد میں منعقدہ اس تقریب میں پورے جنوبی ایشیا کے مندوبین کی شرکت میں SAFA کے رکن ممالک کے سرکردہ اداروں کو شفافیت، گورننس اور مالیاتی رپورٹنگ میں بہترین کارکردگی پر سراہا گیا۔ یہ کامیابیاں FFC کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی اسٹریٹجک رہنمائی اور MD & CEO جناب جہانگیر پراچہ کی قیادت میں انتظامی ٹیم کی غیر متزلزل عزم اور انتھک محنت کی کی عکاس ہیں۔ تقریب میں ایف ایف سی کی نمائندگی چیف فنانشل آفیسر، جناب سید عاطف علی، سید مصطفیٰ حیدر، اور سرمایہ کار تعلقات کے سربراہ، جناب سید عمران رضوی کر رہے تھے۔ ایف ایف سی کے ایوارڈز کی تفصیل درج ذیل: مجموعی طور پر فاتح - گولڈ ایوارڈ مینوفیکچرنگ سیکٹر - گولڈ (Gold) ایوارڈ کارپوریٹ گورننس - سلور (Silver) ایوارڈ انٹیگریٹڈ رپورٹنگ - کانسی (Bronze) ایوارڈ سید عاطف علی کو مجموعی طور پر ونر ایوارڈ مسٹر جین بوکوٹ (صدر، IFAC) اور جناب محمد علی (چیئرمین، پرائیویٹائزیشن کمیشن آف پاکستان) نے دیا۔ ایف ایف سی پاکستان اور خطے میں کارپوریٹ رپورٹنگ میں بہترین کارکردگی کے عزم کا اعادہ کرنے کے ساتھ ساتھ، SAFA کے ایف ایف سی کی کاوشوں کے اعتراف پر تہہ دل سے مشکور ہے۔



گورنمنٹ گرلز ہائیر سیکنڈری سکول گھوڑا گلی مری میں STEAM مقابلوں کی نمائش منعقد کی جا رہی۔

جہلم تعمیراتی میٹریل مہنگا، عوام کا خواب چکنا چور

بھٹہ مالکان کے وارے نیارے اپنی چھت اپنا گھر پروگرام متاثر، اینٹ 18 ہزار سے زائد پر فروخت ہونے لگی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم تعمیراتی میٹریل مہنگا، عوام کا خواب چکنا چور، بھٹہ مالکان کے وارے نیارے اپنی چھت اپنا گھر پروگرام متاثر، اینٹ 18 ہزار سے زائد پر فروخت ہونے لگی، انتظامیہ خاموش، محض چند ماہ میں غریبوں کی جیبوں پر کروڑوں، اربوں روپے اینٹھ لیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق جہلم شہر سمیت ضلع بھر میں اپنی چھت اپنا گھر "پروگرام کے تحت دی گئی حکومتی مالی امداد اس وقت غریب خاندانوں کے کسی کام نہیں آ رہی، جس کی بنیادی وجہ تعمیراتی سامان کی قیمتوں میں پچھلے چند ماہ کے دوران ہوشربا اضافہ کر دیا گیا ہے غریب، حقدار مستحق شہریوں کیلیے سب سے بڑی رکاوٹ بن گیا ہے۔ بااثر بھٹہ مالکان نے اینٹ کی قیمتیں سرکاری نرخ پر فروخت کرنے کی بجائے من مرضی کے نرخوں پر فروخت کرنی شروع کر رکھی ہیں، جبکہ سیمنٹ، سریا، بجری اور ریت کے ریٹس بھی من مرضی سے وصول کیے جا رہے ہیں۔ شہریوں کے مطابق بھٹہ مالکان اور تعمیراتی سامان فروخت کرنے والے دکانداروں نے صرف چند ہفتوں میں غریب عوام کی جیبوں سے کروڑوں، اربوں روپے نچوڑ لیے ہیں، مگر انتظامیہ مسلسل خاموش ہے

جہلم حکومت پنجاب نے نئے جرمانوں کا اطلاق گزشتہ روز سے صوبہ بھر میں لاگو کر دیا

اب ٹریفک سگنلز کی خلاف ورزی پر موٹر سائیکل سوار کو 2 ہزار کار کو ہزار اور کمرشل گاڑیوں کو 15 ہزار جرمانہ ہوگا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم حکومت پنجاب نے نئے جرمانوں کا اطلاق گزشتہ روز سے صوبہ بھر میں لاگو کر دیا اسطرح اب ٹریفک سگنلز کی خلاف ورزی پر موٹر سائیکل سوار کو 2 ہزار کار کو ہزار اور کمرشل گاڑیوں کو 15 ہزار جرمانہ ہوگا غفلت لاپرواہی سے موٹر سائیکل چلانے والوں کو 3 ہزار روپے اور کار کو 5 ہزار روپے جرمانہ ہوگا بغیر ڈرائیونگ لائسنس موٹر سائیکل سوار کو 2 ہزار کار ڈرائیور کو 5 ہزار اور کمرشل گاڑیوں کو 15 ہزار جرمانہ ہوگا دھواں چھوڑنے والے موٹر سائیکل کو 2 ہزار تھری ویلر اور کار کو 3 ہزار جبکہ کمرشل گاڑیوں کو 15 ہزار جرمانہ ہوگا لائن لین کی خلاف ورزی پر موٹر سائیکل کو 2 ہزار تھری ویلر، کار کو 3 ہزار اور کمرشل گاڑیوں کو 15 ہزار جرمانہ ہوگا موٹر سائیکل پر دو سے زیادہ افراد سوار ہونے پر 2 ہزار جرمانہ ہوگا دوران ڈرائیونگ موبائل فون کے استعمال پر موٹر سائیکل سوار کو 2 ہزار تھری وہیلر اور کار کو 3 ہزار جرمانہ ہوگا بغیر فٹنس سرٹیفکیٹ اور روڈ پرمٹ کے کمرشل گاڑیوں کو 15 ہزار جرمانہ ہوگا کم عمر موٹر سائیکل ڈرائیور کو 2 ہزار تھری وہیلر کو 3 ہزار کار، ڈرائیور 5 ہزار جرمانہ ہوگا نئے آرڈیننس کے تحت ڈرائیونگ لائسنس پر پوائنٹ سسٹم بھی متعارف کروا دیا گیا ہے شہری ٹریفک قوانین کی پاسداری کریں اور محفوظ سفر کو یقینی بنائیں۔

محسن ایوب خان کا محمد ایوب صراف سے اظہار تعزیت

دکھ کی اس گھڑی میں وہ ان کے غم میں برابر کے شریک ہیں، محسن ایوب خان

ٹیکسلا (شائستہ ضیا) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے فنانس اور رکن صوبائی اسمبلی محسن ایوب خان گزشتہ روز محمد ایوب صراف کی رہائش گاہ پہنچے، جہاں انہوں نے ان کے بھائی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ انہوں نے مرحوم کے ایصالِ ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی اور اہلِ خانہ سے تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں وہ ان کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اس موقع پر معاونِ خصوصی طاہر محمود طاہری، سبطین خان، ملک ناصر، عرفان اعوان آف کامرہ اور دیگر معززین بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ ملاقات کے دوران محسن ایوب خان نے ایوب صراف کے اہلِ خانہ سے ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ انسانی رشتوں اور دکھ درد میں شریک ہونا ان کی اولین ترجیح ہے۔ میزبان محمد ایوب صراف نے محسن ایوب خان کی آمد پر ان کا شکریہ ادا کیا اور علاقے کے لوگوں کو درپیش چند اہم مسائل ان کے گوش گزار کیے۔ مسائل سننے کے بعد محسن ایوب خان نے فوری نوٹس لیتے ہوئے طاہر محمود طاہری کو ہدایت کی کہ وہ متعلقہ محکموں، خصوصاً واپڈا حکام سے رابطہ کر کے ان مسائل کے حل کو جلد از جلد یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مشکلات کا فوری ازالہ ان کی ذمہ داری ہے اور وہ ہر ممکن کوشش کریں گے کہ مسائل تاخیر کے بغیر حل ہوں۔ اس موقع پر شوکت ایوب چھاچھی نے بھی حلقے کے بعض بنیادی مسائل محسن ایوب خان کے علم میں لائے۔ محسن ایوب خان نے یقین دلایا کہ تمام معاملات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا۔ ملاقات کا اختتام مرحوم کے لیے دعا اور اہلِ خانہ کے لیے صبر جمیل کی دعا کے ساتھ ہوا،

جہلم پنجاب حکومت نے خواتین کیلئے الیکٹرک گاڑیوں کی فراہمی کا فیصلہ کرلیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم پنجاب حکومت نے خواتین کیلئے الیکٹرک گاڑیوں کی فراہمی کا فیصلہ کر لیا ہے، جس کے تحت پہلی بار خواتین کو ماحول دوست الیکٹرک ٹیکسی سکیم میں شامل کیا جائے گا۔ اس اقدام سے نہ صرف خواتین کو روزگار کے نئے مواقع میسر آئیں گے بلکہ انہیں معاشی طور پر خودمختار بنانے میں بھی مدد ملے گی۔ صوبائی حکومت نے الیکٹرک ٹیکسی سکیم کے ڈسٹری بیوشن فارمولے میں تبدیلی کا فیصلہ کیا ہے۔ اب تک اس سکیم میں صرف مرد ڈرائیورز شامل تھے، لیکن نئے فارمولے کے تحت 100 الیکٹرک گاڑیاں خواتین کو بیلٹنگ کے ذریعے فراہم کی جائیں گی۔ خواتین کے لیے یہ خصوصی طور پر روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے لیے کیا گیا ہے، جبکہ 200 الیکٹرک گاڑیاں مرد ڈرائیورز کو ٹیکسی چلانے کے لیے دی جائیں گی۔ مزید برآں، صوبائی حکومت نے کارپوریٹ ٹیکسی آپریٹرز کے لیے 800 الیکٹرک گاڑیاں فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے تاکہ وہ اپنی ٹیکسی سروسز میں شامل کر کے ماحول دوست ٹیکسی نیٹ ورک کو فروغ دے سکیں۔ اس کے علاوہ 100 گاڑیاں شہریوں کو انفرادی طور پر فراہم کی جائیں گی تاکہ وہ اپنے کاروبار یا روزمرہ کے کاموں کے لیے استعمال کر سکیں۔

جہلم، اپنی زمین، اپنا گھر ہاسنگ اسکیم کے تحت 3 مرلہ رہائشی پلاٹس کے لیے ڈیجیٹل قرعہ اندازی کا اعلان

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم پنجاب حکومت نے اپنی زمین، اپنا گھر ہاسنگ اسکیم کے تحت 3 مرلہ رہائشی پلاٹس کے لیے ڈیجیٹل قرعہ اندازی کا اعلان کر دیا ہے۔ مسلم لیگ ن کے قائد میاں نواز شریف اور، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے پروگرام کا باضابطہ آغاز کیا۔ لاہور میں منعقدہ تقریب میں میاں نواز شریف نے وزیر اعلیٰ مریم نواز کی درخواست پر بٹن دبا کر اپنی زمین، اپنا گھر" پروگرام کا ڈیجیٹل افتتاح کیا۔ پروگرام کی ڈیجیٹل قرعہ اندازی میں پنجاب کے 19 اضلاع کی 23 ہاسنگ اسکیموں کے تحت 2 ہزار مستحق افراد کو 3 مرلہ کے پلاٹس مل گئے۔ تفصیلات کے مطابق جہلم میں 7 سو 30، قصور میں 3 سو 88، فیصل آباد 2 سو، 55 لودھراں 2 سو 19، اوکاڑہ 1 سو 30، لیہ 55، بھکر 52، ساہیوال 33 اور سرگودھا 25 افراد پلاٹ کے حقدار قرار پائے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ 3 مرلہ پلاٹ حاصل کرنے والوں کو گھر کی تعمیر کے لیے 15، لاکھ روپے تک قرض فراہم کیا جائے گا، جس کی واپسی 9 سال میں صرف 14 ہزار روپے ماہوار قسط کی صورت میں ہوگی۔

محکمہ سوشل ویلفیئر اٹک کے زیر اہتمام خصوصی افراد میں 47 وہیل چیئرز اور معاون آلات کی تقسیم کی پروقار تقریب

گورنمنٹ ایم سی ہائی سکول اٹک میں منعقد ہوئی، تقریب کے مہمان خصوصی ایم این اے شیخ آفتاب احمد تھے

اٹک (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایات اور صوبائی وزیر برائے سوشل ویلفیئر و بیت المال سہیل شوکت بٹ کی رہنمائی میں محکمہ سوشل ویلفیئر اٹک کے زیر اہتمام خصوصی افراد میں 47 وہیل چیئرز اور معاون آلات کی تقسیم کی پروقار تقریب گورنمنٹ ایم سی ہائی سکول اٹک میں منعقد ہوئی، تقریب کے مہمان خصوصی ایم این اے شیخ آفتاب احمد تھے، انہوں نے اپنے خطاب میں کہا کہ حکومتِ پنجاب خصوصی افراد کی فلاح و بہبود کو اولین ترجیح دے رہی ہے اور ان کے لیے عملی اقدامات جاری ہیں، انہوں نے مزید کہا کہ خصوصی افراد معاشرے کا لازمی حصہ ہیں اور ان کی ضروریات پوری کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے، اس موقع پر (ن لیگی رہنما ملک حمید اکبر، سلیم شہزاد، اے ڈی سی جی انیل سعید، ڈپٹی ڈائریکٹر محکمہ سوشل ویلفیئر حسیب خالد، ضلعی افسران، اساتذہ، سماجی شخصیات اور معذور افراد کے اہل خانہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ محکمہ سوشل ویلفیئر کے افسران نے بتایا کہ حکومت پنجاب کی جانب سے جاری اس مہم کا مقصد خصوصی افراد کو درکار سہولتیں فراہم کرنا، ان کی نقل و حرکت میں آسانی پیدا کرنا اور انہیں معاشرے میں برابری کی سطح پر فعال کردار ادا کرنے کے قابل بنانا ہے، تقریب کے دوران درجنوں مستحق خصوصی افراد میں وہیل چیئرز، واکرز، سماعت کے آلات، اور دیگر معاون آلات تقسیم کیے گئے، آلات وصول کرتے وقت خصوصی افراد اور ان کے والدین نے حکومت پنجاب اور ضلعی انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا، مہمانان گرامی نے اپنے خطاب میں کہا کہ یہ اقدامات نہ صرف حکومتی عزم کی عکاسی کرتے ہیں بلکہ خصوصی افراد کی زندگی میں حقیقی آسانیاں پیدا کرنے کا ذریعہ بھی ہیں

انسداد پولیو مہم کی تیاریوں کے حوالے سے ایک اہم اجلاس

ڈی سی آفس اٹک میں منعقد ہوا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل اٹک انیل سعید نے صدارت کی

اٹک (بیورو رپورٹ) انسداد پولیو مہم کی تیاریوں کے حوالے سے ایک اہم اجلاس ڈی سی آفس اٹک میں منعقد ہوا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل اٹک انیل سعید نے صدارت کی۔ اجلاس میں سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر اسد اسماعیل، اسسٹنٹ کمشنرز، محکمہ صحت، ڈبلیو ایچ او کے نمائندوں کے علاوہ دیگر افسران بھی موجود تھے۔ ایڈی سی جی اٹک کو آمدہ پولیو مہم کے سلسلے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ پولیو مہم پندرہ سیاٹھارہ دسمبر تک جاری رہے گی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ اس مہم میں پانچ سال سے کم عمر تین لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائیں گے۔ اس سلسلے میں ضلع بھر میں بھرپور انتظامات کیئے جا رہے ہیں۔ ضلع بھر کے تمام داخلی اور خارجی راستوں پر پولیو ٹیمیں پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو کے قطرے پلائیں گی۔ اس کے علاوہ رومنگ ٹیمیں بھی تشکیل دی گئی ہیں جو گھر گھر جا کر بچوں کو پولیو کے قطرے پلائیں گی۔ قطرے پلانے والی تمام ٹیموں کو فول پروف سیکورٹی مہیا کی جائے گی۔ ایڈی سی جی اٹک نے اس موقع پر ضلع کے عوام سے اپیل کی کہ وہ محکمہ صحت اٹک کے ساتھ اس مہم میں بھرپور تعاون کریں۔

نیفٹی سفیر انسٹیٹیوٹ آف آرٹس اینڈ ڈیزائننگ کے زیر اہتمام اسلام آباد کے مقامی ہوٹل میں ثقافتی و فیشن ڈیزائننگ شو میں صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے بطور مہمانِ خصوصی خطاب کر رہے ہیں۔

چیف آف دی ایئر اسٹاف سرینا ہوٹلز بین الاقوامی اسکواش چیمپئن شپ 2025 -

فائنل پاکستان کے محمد حمزہ خان اور نور زمان کے درمیان کھیلا گیا

عالمی نمبر 43 نور زمان نے عالمی نمبر 101 محمد حمزہ خان کو 11-9، 11-7، 7-11، 11-4 اور 11-8 کے گیم سکور سے ہرا کر چیمپئن شپ کا ٹائٹل اپنے نام کیا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) چیف آف دی ایئر اسٹاف سرینا ہوٹلز بین الاقوامی اسکواش چیمپئن شپ 2025 - پاکستان اسکواش فیڈریشن نے سرینا ہوٹلز کے تعاون سے چیف آف دی ایئر اسٹاف سرینا ہوٹلز انٹرنیشنل اسکواش چیمپئن شپ کا انعقاد 24 تا 28 نومبر 2025 مصحف اسکواش کمپلیکس، اسلام آباد میں کیا۔ 07 پاکستانی کھلاڑیوں کے علاوہ جمہوریہ چیک، مصر، ہانگ کانگ چائنا، جاپان، ملائیشیا اور سوئٹزرلینڈ کے 17 عالمی رینکنگ کھلاڑیوں کے گروپ نے ٹورنامنٹ میں شرکت کی۔ سرینا ہوٹلز، اپنے اسپورٹس ڈپلومیسی انیشیٹو کے تحت، قوموں کے درمیان روابط مربوط بنانے کے لیے پاکستان میں کھیلوں کے فروغ کے لیے پرعزم ہے۔ اسکواش چیمپئن شپ جیسے کھیلوں کے ایونٹس، ایتھلیٹک عمدگی کو فروغ دینے اور پاکستان میں عالمی سطح کے کھیلوں کے مقابلوں کے انعقاد کو اجاگر کرتے ہیں۔ چیف آف دی ایئر اسٹاف سرینا ہوٹلز بین الاقوامی اسکواش چیمپئن شپ 2025 - کا فائنل آج (28 نومبر (25 پاکستان کے محمد حمزہ خان اور نور زمان کے درمیان کھیلا گیا، جس کے بعد اختتامی تقریب ہوئی۔ پاکستان سکواش فیڈریشن کے صدر ایئر مارشل کاظم حماد نے تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی اور ٹرافیاں اور سووینئر تقسیم کیے۔ تقریب کے دوران پی ایس ایف کے سینئر نائب صدر ایئر وائس مارشل سہیل اکبر، فہیم انعام چیف آپریٹنگ آفیسر سرینا ہوٹلز، اسکواش لیجنڈ قمر زمان، نائب صدر پی ایس ایف ڈاکٹر ریاض خان، صدر سندھ ایس اے عدنان اسد اور متعدد کھلاڑی، آفیشلز اور اسکواش کے شائقین بھی موجود تھے۔ عالمی نمبر 43 نور زمان نے عالمی نمبر 101 محمد حمزہ خان کو 11-9، 11-7، 7-11، 11-4 اور 11-8 کے گیم سکور سے ہرا کر چیمپئن شپ کا ٹائٹل اپنے نام کیا۔

چیف آف دی ایئر اسٹاف سرینا ہوٹلز بین الاقوامی اسکواش چیمپئن شپ 2025 - کا فائنل پاکستان کے محمد حمزہ خان اور نور زمان کے درمیان کھیلا گیا

ہمارے اعزاز میں عشائیہ دینا آپ نے ہمیں عزت سے نواز ہے آپ کی محبتوں نے ہمارے دل جیت لیے ہیں، ناصر خان خٹک

پرنٹ اینڈ الیکٹرانک جرنلسٹس ایسوسی ایشن کے عہدیداران کے اعزاز میں پرتپاک ظہرانہ

منسٹری آف کامرس ایمپلائز کوآپریٹو ہاسنگ سوسائٹی انتظامیہ کی جانب سے ظہرانہ دیا گیا۔ ملک نیاز حسین، فیصل رمضان حیدری

فتح جنگ (بیورو رپورٹ) منسٹری آف کامرس ایمپلائز کوآپریٹو ہاسنگ سوسائٹی انتظامیہ کی جانب سے پرنٹ اینڈ الیکٹرانک جرنلسٹس ایسوسی ایشن کے عہدیداران کے اعزاز میں پرتپاک ظہرانہ دیا گیا۔ ملک نیاز حسین، فیصل رمضان حیدری کے مطابق منسٹری آف کامرس ایمپلائز کوآپریٹو ہاسنگ سوسائٹی انتظامیہ کی جانب سے پرنٹ اینڈ الیکٹرانک جرنلسٹس ایسوسی ایشن کے عہدیداران کے اعزاز میں پرتپاک ظہرانہ دیا گیا منسٹری آف کامرس ایمپلائز کوآپریٹو ہاسنگ سوسائٹی کی جانب سے سردار اشفاق اور صدر رانا وحید جنرل سیکرٹری اور دیگر عہدیداران نے پیجا کے عہدیداران کے لیے پرتکلف ظہرانے کا اہتمام کیا تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین پرنٹ اینڈ الیکٹرانک جرنلسٹس ایسوسی ایشن ناصر خان خٹک نے کہا کہ ہمارے اعزاز میں عشائیہ دینا آپ نے ہمیں عزت سے نواز ہے آپ کی محبتوں نے ہمارے دل جیت لیے ہیں ہماری پوری باڈی آپ کے ساتھ ہر طرح سے تعاون کرے گی ہم آپ کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں، پرنٹ اینڈ الیکٹرانک جرنلسٹس ایسوسی ایشن کے صدر رانا شہزاد نعیم نے کہا کہ آپ نے ہمیں محبتوں سے نوازا ہے آپ کے محبتوں اور خلوص کے قرض دار ہیں ہمارے تعاون آپ کے ساتھ ہر طرح سے رہے گا جہاں ہماری ضرورت پڑھے گی ہم آپ کے ساتھ ہوں گے، منسٹری آف کامرس کوآپریٹو ہاسنگ سوسائٹی کے صدر رانا وحید سرور نے کہا کہ پرنٹ اینڈ الیکٹرانک جرنلسٹس ایسوسی ایشن کے عہدیداران کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ ہماری دعوت پر تشریف لائیں ہیں ہماری ہاسنگ سوسائٹی بڑی سوسائٹی ہے ہمارے پاس وسیع رقبہ موجود ہے ہمارے ڈیلرز اور ممبرز ہم پر اعتماد کرتے ہیں جلد ہی سوسائٹی کو مزید بہتر سے بہتر کریں گے، مظہر حسین جنرل سیکرٹری نے کہا کہ ہماری سوسائٹی پر اعتماد کی ہماری پہچان ہے سوسائٹی کی مسجد بہترین اور خوبصورت ہے جو مکمل بن چکی ہے مزید بھی ڈویلپمنٹ تیزی سے جاری ہے سڑکیں گلیاں مکمل تیار ہیں رانا غلام فرید سابق صدر نے کہا ہے پرنٹ اینڈ الیکٹرانک جرنلسٹس ایسوسی ایشن کے عہدیداروں نے سوسائٹی وزٹ کر کے ہمیں عزت بخشی ہے، ہماری سوسائٹی بہتر انداز میں ترقی کر رہی ہے دن بدن ممبرز کا اضافہ ہو رہا ہے، ہم نے بہت سال اس سوسائٹی کے بننے میں محنت کی ہے ڈائریکٹر احمد ایسوسی ایٹس سردار اشفاق نے کہا ہے ہماری محبتیں آپ کے ساتھ ہوں گی ڈائریکٹرز معظم رزاق، شیر احمد خان آخر میں چیئرمین ناصر خان خٹک، صدر رانا شہزاد نعیم، ایڈیشنل سیکرٹری فیصل رمضان، انفارمیشن سیکرٹری ثاقب قریشی، جوائنٹ سیکرٹریز راحیلہ راجہ، گلفراز بٹ، ممبران گورننگ باڈی انس ستی، جمیل قریشی، ملک ناہید اختر، حسن امان کا شکریہ ادا کیا۔

منسٹری آف کامرس ایمپلائز کوآپریٹو ہاسنگ سوسائٹی انتظامیہ کی جانب سے پرنٹ اینڈ الیکٹرانک جرنلسٹس ایسوسی ایشن کے عہدیداران کے اعزاز میں پرتپاک ظہرانہ دیا گیا

فاطمہ راشد طلبہ سمیت کالج ٹیم کی کاوشوں کو بھی سراہا گیا

ایف 6/2- میں امریکی سفارتخانے کے معزز مہمانوں کا دورہ، تعلیمی ٹیکنالوجی کے فروغ کے لیے تعاون پر اظہارِ دلچسپی

*** جدید ڈیجیٹل ٹولز، تدریسی معیار میں بہتری اور مستقبل کی مشترکہ سرگرمیوں پر مفید تبادلہ خیال ***

اسلام آباد (خصوصی رپورٹ عثمان راشد اعوان) جدید ڈیجیٹل ٹولز، تدریسی معیار میں بہتری اور مستقبل کی مشترکہ سرگرمیوں پر مفید تبادلہ خیال فاطمہ راشد طلبہ سمیت کالج ٹیم کی کاوشوں کو بھی سراہا گیا ICG ایف 6/2- کو امریکی سفارتخانے کے معزز وفد کو خوش آمدید کہنے کا اعزاز حاصل ہوا۔ آنے والے مہمانوں میں کیتھرین) کیٹی (اسمتھ پبلک ڈپلومیسی آفیسر، بریڈلی) بریڈ (ہارن ریجنل انگلش لینگویج آفیسر، عثمان خان پروجیکٹ مینجمنٹ کوآرڈینیٹر، اور دعا مجیب ریجنل ڈائریکٹر انگلش لینگویج پروگرامز شامل تھے۔ اس موقع پر ٹیک ویلی کے نمائندے بھی موجود تھے، جبکہ ڈائریکٹر اکیڈمکس محترمہ رفعت جبین نے معزز مہمانوں کا استقبال کیا۔ وفد کے دورے کا مقصد کالج میں جدید ڈیجیٹل ٹولز کے استعمال، ٹیکنالوجی سے تدریس کے عمل میں بہتری، اور تعلیمی ماحول میں جدت کے اقدامات کا جائزہ لینا تھا۔ مہمانوں نے کالج انتظامیہ، اساتذہ اور طلبا سے ملاقات کی اور باہمی دلچسپی کے موضوعات پر نہایت بامعنی اور نتیجہ خیز گفتگو کی۔ معزز مہمانوں نے کالج کی سہولیات، اسمارٹ کلاس رومز، ڈیجیٹل لرننگ سسٹم اور تعلیمی سرگرمیوں میں ٹیکنالوجی کے مؤثر استعمال کی بھرپور تعریف کی۔ انہوں نے کالج کی جانب سے کیے گئے مثبت اقدامات کو سراہتے ہوئے مستقبل میں مزید مشترکہ تعاون اور تعلیمی معیار کو بہتر بنانے کے لیے ممکنہ شراکت داری پر گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ اس موقع پر فاطمہ راشد طلبہ سمیت کالج کے فعال عملے اور ٹیم کا خصوصی طور پر ذکر کیا گیا، جن کی محنت، پیشہ ورانہ صلاحیت اور علمی ماحول کے فروغ کے لیے خدمات کو مہمانوں نے سراہا فاطمہ راشد نے کیتھرین سمتھ کے ساتھ گفتگو کی کالج انتظامیہ نے امید ظاہر کی کہ یہ دورہ تعلیم میں ٹیکنالوجی کے فروغ اور بین الاقوامی اشتراک کے نئے دروازے کھولے گا۔

ایف 6/2- میں امریکی سفارتخانے کے معزز مہمانوں کا دورہ، تعلیمی ٹیکنالوجی کے فروغ کے لیے تعاون پر اظہارِ دلچسپی

اقدامات کا مقصد ای- گورننس ماڈل کو اپنانا اور سروس ڈیلیوری میں مزید بہتری لانا ہے

ڈیجیٹل اسلام آباد وژن کے مطابق ای۔ اسٹامپ پیپر کے نظام کے نفاذ کے حوالے سے اہم پیشرفت

شہریوں کو بہتر سے بہترین سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیر اعظم پاکستان شہباز شریف اور وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کے ڈیجیٹل اسلام آباد وژن کے مطابق ای۔ اسٹامپ پیپر کے نظام کے نفاذ کے حوالے سے اہم پیشرفت ہوئی۔ تفصیلات کے مطابق، پنجاب لینڈ ریکارڈز اتھارٹی) پی ایل آر اے (اور آئی سی ٹی انتظامیہ کے درمیان معاہدے کے تحت ای۔ اسٹامپ پیپر کے اجرا کے حوالے سے کئی مراحل مکمل کر لئے گئے ہیں۔ چیئرمین سی ڈی اے و چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا کی ہدایت پر ای۔ اسٹامپ پیپر کے نظام کو ون لنک کے ساتھ منسلک کر لیا گیا ہے۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے ای۔ اسٹامپ پیپر کے نظام کو ون لنک سے منسلک کرنے کیلئے باضابطہ اجازت بھی دے دی ہے۔ اس ضمن میں پی ایل آر اے نے آئی سی ٹی انتظامیہ کیساتھ ای۔ سٹیمپ کا ڈیزائن سیمپل بھی شیئر کر دیا ہے۔ اگلے مرحلہ میں پی ایل آر اے آئی سی ٹی کے 24 موضع جات کے ڈیجیٹائزڈ لینڈ ریکارڈ کے حوالے سے ای۔ سٹیمپ نظام کے ٹیسٹنگ فیز کا آغاز کر رہا ہے۔ ٹیسٹنگ فیز کے بعد وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں ای۔ سٹیمپ پیپر کا مکمل نظام جلد لانچ کر دیا جائے گا۔ چیئرمین سی ڈی اے و چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا نے کہا کہ وزیر اعظم پاکستان شہباز شریف اور وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کے ڈیجیٹل اسلام آباد وژن کے مطابق ای۔ اسٹیمپ پیپر کے نظام سے اسلام آباد شہر میں کیش لیس اکانومی کو فروغ حاصل ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اسی طرح شہریوں کو لین دین، پراپرٹیز کے ٹرانسفر، انتقال، خرید و فروخت وغیرہ کے سلسلہ میں آسانی ہوگی۔ چیئرمین سی ڈی اے و چیف کمشنر اسلام آباد نے کہا کہ ان اقدامات کا مقصد ای- گورننس ماڈل کو اپنانا اور سروس ڈیلیوری میں مزید بہتری لانا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ شہریوں کو بہتر سے بہترین سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔



کھیل و کھلاڑی

آئی سی سی نے ایک ورکنگ گروپ تشکیل دیدیا، سربراہی نیوزی لینڈ کے سابق بیٹر راجر ٹوز کر رہے ہیں ، ہر ٹیم کو دو سالہ سائیکل میں کم از کم 12 ٹیسٹ میچ کھیلنے کی شرط برقرار رہے گی

ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ میں بڑی تبدیلی پر غور

گروپ مستقبل کے بین الاقوامی کرکٹ کیلنڈر کا جائزہ لے رہا ہے، جس میں ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کا ڈھانچہ اور اس کا مستقبل بھی شامل، دبئی میں ہونے والے آئی سی سی کے سہ ماہی اجلاس میں گروپ نے تجاویز پیش کیں

لندن (سپورٹس ڈیسک) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کو مزید مؤثر اور دلچسپ بنانے کے لیے مختلف تجاویز پر غور کر رہی ہے۔ اس مقصد کے لیے آئی سی سی نے ایک ورکنگ گروپ تشکیل دیا ہے جس کی سربراہی نیوزی لینڈ کے سابق بیٹر راجر ٹوز کر رہے ہیں۔ یہ گروپ مستقبل کے بین الاقوامی کرکٹ کیلنڈر کا جائزہ لے رہا ہے، جس میں ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کا ڈھانچہ اور اس کا مستقبل بھی شامل ہے۔ ٹوز کے گروپ نے رواں ماہ دبئی میں ہونے والے آئی سی سی کے سہ ماہی اجلاس میں اپنی تجاویز پیش کیں، تاہم حتمی فیصلوں کی توقع مارچ سے قبل نہیں کی جا رہی۔ اب تک ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ میں نو ٹیمیں ایک ہی لیگ میں حصہ لیتی رہی ہیں۔ ہر ٹیم چھ سیریز کے دوران کم از کم 12 میچ کھیلتی ہے جس کے بعد پوائنٹس ٹیبل کا تعین جیت کے 'فیصد' کی بنیاد پر کیا جاتا ہے۔ انگلینڈ اینڈ ویلز کرکٹ بورڈ کے چیئرمین رچرڈ تھامپسن نے رواں سال ایک انٹرویو میں اعتراف کیا تھا کہ 'یہ بات پوری طرح سمجھ لی گئی ہے کہ موجودہ ڈھانچہ اس طرح کام نہیں کر رہا جیسے اسے کرنا چاہیے، اور ہمیں ایک زیادہ منصفانہ اور بہتر مقابلہ ترتیب دینے کی ضرورت ہے'۔ ایسا لگتا ہے کہ ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کو دو ڈویژنز یا درجوں میں تقسیم کرنے کا جو خیال کئی برسوں سے وقتاً فوقتاً زیرِ بحث آتا رہا ہے، اب اسے مؤثر طور پر ختم کر دیا گیا ہے۔ اس تجویز کو مسترد کرنے کی بڑی وجہ یہ خدشہ ہے کہ اگر چھوٹی ٹیمیں دوسری ڈویژن میں چلی گئیں تو ان کی مالی حالت مزید کمزور ہو سکتی ہے۔ اس کے علاوہ یہ خطرہ بھی موجود تھا کہ اگر انگلینڈ، آسٹریلیا یا بھارت جیسی بڑی ٹیموں میں سے کوئی تنزلی کا شکار ہو جاتی تو ان کے درمیان ہونے والی مقبول اور منافع بخش ٹیسٹ سیریز متاثر ہو جاتیں۔ خاص طور پر انگلینڈ اور آسٹریلیا کی مالی مضبوطی کا زیادہ تر دارومدار ان ہی بڑی ٹیسٹ سیریز کے نشریاتی معاہدوں پر ہے۔ اس کے بجائے اب امکان ظاہر کیا جا رہا ہے کہ ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کو 12 ٹیموں کی لیگ میں تبدیل کر دیا جائے گا، جس میں آئی سی سی کے تمام فل ممبرز شامل ہوں گے۔ اس کا مطلب ہے کہ موجودہ نو ٹیموں کے ساتھ آئرلینڈ، افغانستان اور زمبابوے کو بھی شامل کیا جائے گا، تاکہ مقابلہ ایک جامع اور مکمل عالمی لیگ کی شکل اختیار کر سکے۔ ہر ٹیم کو دو سالہ سائیکل میں کم از کم 12 ٹیسٹ میچ کھیلنے کی شرط برقرار رہے گی، تاہم سیریز کی مدت میں لچک دی جائے گی۔ یعنی کسی سیریز میں صرف ایک میچ بھی ہو سکتا ہے۔

ممبئی انڈین کی مالک انیتا امبانی اور کپتان ہرمن پریت کور کسی بات پر مسکرا رہی ہیں

پاکستان میں آئی سی سی ایونٹس کے نشریاتی و ڈیجیٹل حقوق پی ٹی وی نے حاصل کر لئے

لاہور (سپورٹس ڈیسک) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے پاکستان میں آئی سی سی ایونٹس کے نشریاتی و ڈیجیٹل حقوق کی تفصیلات بتادیں۔ انٹرنیشنل کرکٹ کونسل نے اعلان کیا ہے کہ پاکستان ٹیلی ویژن کارپوریشن (پی ٹی وی سی) سمیت دیگر نجی میڈیا و ڈیجیٹل اداروں نے پاکستان میں 2027 تک آئی سی سی ایونٹس کے لیے نشریاتی اور ڈیجیٹل حقوق حاصل کر لیے ہیں۔ اس معاہدے کے بعد ملک بھر کے شائقین کو مردوں اور خواتین کے عالمی کرکٹ مقابلوں تک جامع رسائی یقینی بنے گی۔ اس معاہدے کے تحت مینز کے تین سینئر ٹورنامنٹ اور ویمنز کے دو سینئر ٹورنامنٹس کے ساتھ انڈر 19 ایونٹس بھی نشر کیے جائیں گے۔

2 روز میں ختم ہونیوالے پرتھ ٹیسٹ کی پچ کو کلین چٹ مل گئی

آئی سی سی کی 4 درجے کی پچ ریٹنگ میں ویری گڈ ہائی رینکنگ ہے، کرکٹ آسٹریلیا

پرتھ (سپورٹس ڈیسک) آسٹریلیا اور انگلینڈ کے درمیان جاری ایشیز سیریز کے دو روز میں ختم ہونے والے پرتھ ٹیسٹ میچ کی پچ کو کلین چٹ مل گئی۔ ایشیز سیریز کی تاریخ میں پرتھ ٹیسٹ سب سے جلد ختم ہونے والا ٹیسٹ تھا جس میں میچ کے پہلے روز 19 وکٹیں گری تھیں۔ کرکٹ آسٹریلیا کے مطابق پرتھ سٹیڈیم کی پچ کو باضابطہ طور پر آئی سی سی نے 'ویری گڈ' قرار دیا ہے، آئی سی سی کی 4 درجے کی پچ ریٹنگ میں ویری گڈ ہائی رینکنگ ہے۔ پرتھ ٹیسٹ میں مچل سٹارک نے 10 وکٹیں حاصل کی تھیں، انگلینڈ کی ٹیم پہلے روز 172 رنز پر آؤٹ ہوئی تو کھیل کے اختتام پر آسٹریلیا کے بھی 9 وکٹوں پر 121 رنز تھے۔ پہلے ٹیسٹ میچ کے دوسرے روز 13 وکٹیں گریں، انگلینڈ کی ٹیم 164 رنز پر آؤٹ ہوئی تھی جبکہ آسٹریلیا کے ٹریوس ہیڈ کے جارحانہ 123 رنز کی بدولت میزبان ٹیم نے 8 وکٹوں سے ٹیسٹ جیت لیا تھا، پرتھ ٹیسٹ میچ میں صرف 847 گیندیں ہی پھینکی گئی تھیں۔

قائد اعظم ٹرافی، محمد موسیٰ نے ڈبل ہیٹ ٹرک کر کے تاریخ رقم کر دی

ٹرافی کے آخری راؤنڈ میچ میں موسیٰ نے لگاتار 4 گیندوں پر 4 وکٹ حاصل کیں

اسلام آباد (سپورٹس ڈیسک) قائداعظم ٹرافی میں فاسٹ بولر محمد موسیٰ نے شاندار کارنامہ انجام دیا اور ڈبل ہیٹ ٹرک کر کے تاریخ رقم کر دی۔ اسلام آباد ریجن کے 25 سالہ فاسٹ بولر محمد موسیٰ نے قائداعظم ٹرافی 2025ء میں ڈبل ہیٹ ٹرک کر کے تاریخی کارنامہ اپنے نام کیا، پی سی بی نے اس سے متعلقہ ویڈیو اپنے سوشل میڈیا پر شیئر بھی کی ہے۔ ڈائمنڈ کرکٹ گراؤنڈ اسلام آباد میں ٹرافی کے آخری راؤنڈ میچ میں محمد موسیٰ پشاور کی ٹیم کی خلاف لگاتار 4 گیندوں پر 4 وکٹ حاصل کر کے ڈبل ہیٹ ٹرک کی۔ فاسٹ بولر نے دوسری اننگز میں پشاور کے خلاف ڈبل ہیٹ ٹرک کی، قائداعظم ٹرافی میں گزشتہ 10 سال میں یہ پہلی ڈبل ہیٹ ٹرک ہے۔ محمد موسیٰ نے میچ کی پہلی اننگز میں 5 وکٹ لیے تھے جبکہ دوسری اننگز میں تاریخی کارنامہ انجام دیا یوں میچ میں مجموعی طور پر 10 کھلاڑیوں کو پویلین کا راستہ دکھایا۔

سہ ملکی ٹی ٹونٹی سیریز کے چھٹے میچ میں پاکستانی کھلاڑی سری لنکا کے بلے باز کو آؤٹ کرنے پر خوشی کا اظہار کر رہے ہیں

جنوبی افریقا کے ہاتھوں بدترین شکست، میدان 'گمبھیر ہائے ہائے' کے نعروں سے گونج اٹھا

نئی دہلی (سپورٹس ڈیسک) جنوبی افریقہ کے خلاف 25 سال بعد ہوم ٹیسٹ سیریز میں شکست پر بھارتی شائقین آگ بگولہ ہو گئے۔ گوہاٹی میں کھیلے گئے ٹیسٹ میچ میں جنوبی افریقا نے بھارتی ٹیم کو 408 رنز کے تاریخی مارجن سے بدترین شکست دی۔ اس شکست کے ساتھ ہی بھارتی شائقین کے گزشتہ سال نیوزی لینڈ کے ہاتھوں 0-3 کی عبرتناک شکست کے زخم بھی تازہ ہو گئے۔ ٹیم کی شکست پر اسٹیڈیم میں موجود شائقین سخت غصے میں تھے، انہوں نے بھارتی ہیڈ کوچ کو نشانہ بناتے ہوئے 'گوتھم گمبھیر ہائے ہائے' کے نعرے لگائے۔

انٹرنیشنل سکواش چیمپئن شپ، 3 پاکستانی کھلاڑی سیمی فائنل میں پہنچ گئے

سی اے ایس انٹرنیشنل سکواش چیمپئن شپ کی انعامی رقم 37 ہزار ڈالرز ہے

اسلام آباد (سپورٹس ڈیسک) اسلام آباد میں جاری سی اے ایس انٹرنیشنل سکواش چیمپئن شپ میں پاکستان کے 3 کھلاڑی سیمی فائنل میں جگہ بنانے میں کامیاب ہو گئے۔ چیمپئن شپ کے کوارٹر فائنل راؤنڈ میں حمزہ خان نے ٹاپ سیڈ مصر کے کریم الحمامی کو 1-3 سے شکست دی، 44 منٹ جاری رہنے والے میچ میں حمزہ خان کی جیت کا سکور 11-8، 5-11، 7-11، 12-10 رہا۔ ایک اور میچ میں نور زمان مصر کے یاسر شوڈی کو 0-3 سے شکست دے کر ٹاپ فور میں جگہ بنانے میں کامیاب رہے، نور زمان کے مصر کے پلیئر کے خلاف جیت کا سکور 11-8، 5-11، 7-11، 12-10 رہا۔ ناصر اقبال نے کوارٹر فائنل میں مصر کے تھرڈ سیڈ مصطفیٰ السرطی کو 0-3 سے ہرایا، ان کی کامیابی کا سکور 11-4، 11-9، 11-6 رہا۔ ایونٹ کے 4 سیمی فائنلسٹس کھلاڑیوں میں سے 3 کا تعلق پاکستان سے ہے۔

پاکستان ہاکی فیڈریشن کا از خود انتخابات کرانے کا دعویٰ مسترد

انتخابات تین ممبران پر مشتمل ایک آزاد الیکشن کمیشن کی نگرانی میں کرائے جائیں گے

لاہور (سپورٹس ڈیسک) وزارت بین الصوبائی رابطہ امور نے پاکستان ہاکی فیڈریشن کے از خود انتخابات کرانے کا دعویٰ مسترد کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق قائمہ کمیٹی برائے بین الصوبائی رابطہ کی ہدایت پر پاکستان اسپورٹس بورڈ (پی ایس بی) نے ہاکی فیڈریشن کے انتخابات از خود کرانے کا فیصلہ کیا ہے۔ پاکستان ہاکی فیڈریشن کے انتخابات تین ممبران پر مشتمل ایک آزاد الیکشن کمیشن کی نگرانی میں کرائے جائیں گے۔ الیکشن کمیشن چیئرمین سمیت دو ممبران پی ایس بی ایک ممبر پی ایچ ایف نامزد کرے گا۔ ایف آئی ایچ، اے ایچ ایف سے انتخابی عمل کی نگرانی کی درخواست کی جائے گی۔ پی ایچ ایف کی طرف سے قائمہ کمیٹی کے سامنے جمع کرائی گئی کلبوں کی فہرست کی جانچ پڑتال ایک اسکروٹنی کمیٹی کرے گی۔ اسکروٹنی کمیٹی میں پی ایس بی، صوبائی ہاکی ایسوسی ایشن، صوبائی اسپورٹس بورڈ یا متعلقہ ڈسٹرکٹ اسپورٹس آفس کا ایک ایک نمائندہ شامل ہو گا۔

لاہور، وائس چانسلر لاہور کالج برائے خواتین یونیورسٹی ڈاکٹر عظمیٰ قریشی نیشنل گیمز کی ٹارچ پکڑ رہی ہیں

چاہتے تھے بھارتی کھلاڑی اننگز ڈکلیئریشن کیلئے بھیک مانگیں، افریقی کوچ

بھارتی فیلڈرز کو تھکانا، ان کا گڑگڑانا چاہتے تھے تاکہ ان کے میچ جیتنے کا چانس باقی نہ رہے، شکری

گوہاٹی (سپورٹس ڈیسک) جنوبی افریقہ نے دوسرے ٹیسٹ میچ میں بھارت کو اس کی سرزمین پر شکست دے کر نا صرف 0-2 سے وائٹ واش کر دیا بلکہ 25 سال بعد سیریز اپنے نام کر لی۔ گوہاٹی میں کھیلے گئے دوسرے ٹیسٹ میچ میں جنوبی افریقہ نے بھارت کو 408 سے ہرایا جس کے ساتھ ہی یہ بھارت کی ٹیسٹ کرکٹ میں رنز کے اعتبار سے سب سے بڑی اور پہلی مرتبہ 400 یا اس سے زائد رنز کی شکست بن گئی۔ گوہاٹی ٹیسٹ کے چوتھے روز جنوبی افریقہ نے غیر معمولی تاخیر کے ساتھ بھارت کو بیٹنگ پر لانے کی حکمتِ عملی اپنائی۔ میچ اپنے نام کرنے کے بعد جنوبی افریقہ کے ہیڈ کوچ شکری کونارڈ نے میڈیا سے گفتگو کے دوران کہا کہ ہم چاہتے تھے کہ بھارتی فیلڈرز کو تھکائیں۔ اس کے جواب میں جنوبی افریقہ کے ہیڈ کوچ شکری کونارڈ نے کہا، 'ہم چاہتے تھے کہ بھارتی کھلاڑی ڈکلیئریشن کے لیے ہم سے بھیک مانگیں، ہمارے آگے گڑگڑائیں تاکہ ان کے میچ جیتنے کا کوئی چانس باقی نہ رہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ان کا مقصد نا صرف محفوظ برتری قائم کرنا تھا بلکہ حریف ٹیم پر دباؤ بڑھانا بھی تھا، جنوبی افریقہ ٹیم نے جان بوجھ کر بیٹنگ کھینچی تاکہ بھارتی بولرز کو مزید تھکایا جا سکے۔

رونالڈو نے اپنی شادی کیلئے 500 سال قدیم چرچ کا انتخاب کر لیا

31 سالہ منگیتر جارجینا روڈریگز کیساتھ شادی کی تقریب ایف سی چرچ میں ہو گی

ریاض (سپورٹس ڈیسک) فٹ بال کی دنیا کے مایہ ناز فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو نے شادی کے لیے اپنے آبائی علاقے مادیرا کا انتخاب کیا ہے، جہاں ورلڈ کپ 2026 کے اختتام کے بعد گرمیوں میں تقریب منعقد ہونے کا امکان ہے۔ رپورٹس کے مطابق سعودی فٹبال کلب النصر کے پرتگالی سُپر اسٹار فٹبالر اور ان کی 31 سالہ منگیتر جارجینا روڈریگز کی شادی کی تقریب فنشل کیتھیڈرل چرچ میں منعقد ہو گی، جس کے بعد استقبالیہ ایک عالیشان ہوٹل میں رکھا جائے گا۔ یہ چرچ رونالڈو کے آبائی شہر کی قدیم ترین عبادت گاہ ہے، جس کا افتتاح 511 سال قبل 15 ویں صدی کے آغاز میں ہوا تھا۔ یہ مقام پرتگالی فٹبالر کے لیے خاص جذباتی اہمیت رکھتا ہے، کیونکہ یہ اُس اسپتال سے محض 2 میل کے فاصلے پر واقع ہے جہاں وہ پیدا ہوئے تھے۔ اس کے علاوہ رونالڈو کا کلب نیشنل دامادیرا بھی اسی علاقے کے قریب ہے۔ یاد رہے کہ اس جوڑے نے اگست میں اپنی منگنی کا اعلان کیا تھا اور ایک تصویر شیئر کی تھی۔ جس میں جارجینا کی انگوٹھی نمایاں تھی، رپورٹس کے مطابق یہ ہیرا 37 قیراط کا ہے جس کی مالیت تقریباً 5 ملین ڈالر بتائی جاتی ہے۔

فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو کا شادی کیلئے منتخب چرچ، دوسری طرف وہ اپنی منگیتر کے ساتھ ٹرافی اٹھائے کھڑے ہیں

گیند لگنے سے کرکٹر کی ہلاکت ناخوشگوار واقعہ کو 11 سال مکمل

سڈنی (سپورٹس ڈیسک) کرکٹ کے میدان میں میچ کے دوران پیش آئے ناخوشگوار واقعے کو 11 سال مکمل ہو گئے۔ 27 نومبر 2014 کو آسٹریلوی ٹیسٹ کرکٹر فلپ ہیوز میچ کے دوران گیند لگنے سے ہلاک ہو گئے تھے۔ آسٹریلوی کرکٹر فلپ ہیوز کو شیفلڈ شیلڈ کے میچ میں شین ایبٹ کی گیند سر پر لگی تھی، گردن کے پچھلے حصے پر گیند لگنے کی وجہ سے فلپ ہیوز کی موت واقع ہو گئی تھی۔ سڈنی کرکٹ گراؤنڈ میں ہونے والے میچ میں فلپ ہیوز 63 رنز پر بیٹنگ کر رہے تھے جب یہ افسوس ناک واقعہ پیش آیا۔ فلپ ہیوز نے 26 ٹیسٹ، 25 ون ڈے اور ایک ٹی ٹوئنٹی میچ میں آسٹریلیا کی نمائندگی کی تھی۔

پاکستان فٹبال فیڈریشن کے 3 عہدیداروں کی فیفا سے خصوصی تربیت

دوحہ (سپورٹس ڈیسک) پاکستان فٹ بال فیڈریشن (پی ایف ایف) کے 3 عہدیداروں نے فیفا سے خصوصی تربیت حاصل کر لی ہے۔ ذرائع کے مطابق قطر میں انڈر 17 فیفا ورلڈ کپ کے دوران پی ایف ایف کے 3 افسران کو انتظامی امور کی ٹریننگ دی گئی ہے۔ فیفا نے آپریشنز ڈپارٹمنٹ کے اعصام ثانی، ایڈمنسٹریشن کے عزیز ملک اور مارکیٹنگ کے احمد حشمت کو ٹریننگ دی گئی ہے۔

بھارتی فاسٹ بولر محمد سراج کا ایئر انڈیا میں سفر نہ کرنے کا مشورہ

نئی دہلی (سپورٹس ڈیسک) بھارتی کرکٹ ٹیم کے فاسٹ بولر محمد سراج نے لوگوں کو ایئر انڈیا میں سفر نہ کرنے کا مشورہ دے دیا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری اپنے بیان میں محمد سراج نے کہا کہ ایئر انڈیا کی پرواز IX 2884 جسے گوہاٹی سے حیدرآباد کے لیے صبح 7:25 بجے روانہ ہونا تھی، بغیر کسی پیشگی اطلاع کے مسلسل تاخیر کا شکار رہی۔ محمد سراج نے کہا کہ بار بار پوچھنے کے باوجود ایئر لائن کی جانب سے کوئی واضح وجہ نہیں بتائی گئی، چار گھنٹے گزر جانے کے بعد بھی نہ کوئی اپ ڈیٹ دی گئی اور نہ ہی متبادل انتظام کیا گیا، جس کے باعث درجنوں مسافر ایئرپورٹ پر شدید مشکلات سے دوچار ہیں۔ بھارتی فاسٹ بولر نے کہا کہ ایئر انڈیا میں سفر کرنا میرا انتہائی مایوس کن تجربہ ہے۔



فن و فنکار

ٹک ٹاکر ربیکا خان کی مایوں کی تقریب، تصاویر اور ویڈیو سامنے آ گئی

مایوں کی تقریب 25 نومبر کو ہوئی جبکہ اُس سے قبل دعائے خیر کے نام سے بھی ایک پروگرام منعقد کیا گیا

لاہور (شوبز ڈیسک) مشہور ٹک ٹاکر اور سوشل میڈیا انفلوئنسر ربیکا خان کی شادی کی تقاریب کا آغاز ہو گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق مشہور کامیڈین کاشف خان کی بیٹی ربیکا خان کی ایک سال سے شادی کی تقریبات جاری ہیں، اب اُن کی مایوں کی تقریب ہوئی جس کی تصاویر سامنے آئی ہیں۔ ربیکا کی سب سے پہلے منگنی کی تقریب ہوئی جس کے بعد نکاح اور پھر دیگر تقریبات کے آغاز سے قبل دعائے خیر کی تقریب ہوئی، جس کے بعد مایوں کا اہتمام کیا گیا۔ ٹک ٹاکر کی مایوں کی تقریب 25 نومبر کو ہوئی جس میں فیملی کے لوگوں نے شرکت کی اور دلہن کو ابٹن لگایا۔ ربیکا نے مایوں کی مناسبت سے زرد رنگ کی ساڑھی اور اسی رنگ کی چوڑیاں پہنی ہوئیں تھیں۔ مہمانوں نے ربیکا کے چہرے اور ہاتھوں پر ابٹن لگا کر رسم انجام دی۔ اس موقع پر ٹک ٹاکر بہت خوش نظر آئیں اور اُن کی مایوں کی تقریب کی تصاویر و ویڈیو بھی انٹرنیٹ پر وائرل ہوئیں۔

پاکستانی مرد اداکاراؤں سے شادی نہیں کرتے، قدسیہ علی

اداکارہ نے انکشاف کیا کہ حال ہی میں انہیں ذاتی زندگی میں ایسے رویے کا سامنا کرنا پڑا ہے

لاہور (شوبز ڈیسک) پاکستانی اداکارہ قدسیہ علی نے حالیہ انٹرویو میں خواتین کی خودمختاری اور شوبز انڈسٹری سے جڑی معاشرتی سوچ پر کھل کر بات کی۔ ایک نجی نیوز چینل کے شو میں گفتگو کرتے ہوئے قدسیہ علی نے کہا کہ خودمختار خواتین کو آج بھی معاشرے میں تنقید کا سامنا کرنا پڑتا ہے، خاص طور پر اداکاراؤں کو ایک مخصوص نظر سے دیکھا جاتا ہے۔ اُنہوں نے افسوس کا اظہار کیا کہ 2025 میں بھی معاشرتی روایات میں کوئی بنیادی تبدیلی نہیں آئی۔ اداکارہ نے انکشاف کیا کہ حال ہی میں انہیں ذاتی زندگی میں بھی ایسے رویے کا سامنا کرنا پڑا۔ قدسیہ علی کے مطابق وہ کسی سے ملی تھیں اور دونوں میں دوستی قائم ہوئی، مگر اس شخص نے واضح کیا کہ کسی بھی سنجیدہ رشتے کے لیے انہیں اپنا پیشہ چھوڑنا ہو گا۔ انہوں نے کہا کہ لوگ خواتین اداکاراؤں کو سراہتے ضرور ہیں، مگر انہیں کبھی اپنی زندگی کا حصہ بنانے پر آمادہ نہیں ہوتے۔ واضح رہے کہ اپنی باصلاحیت اور قدرتی اداکاری کے باعث ناظرین میں پہچان رکھنے والی قدسیہ علی نے اپنے کیریئر کا آغاز ڈرامہ اولاد سے کیا تھا جس میں انہوں نے خصوصی ضروریات رکھنے والی بچی کا کردار انتہائی خوبی سے نبھایا تھا۔ اس کے بعد وہ کچھ ان کہی اور ایک جھوٹی کہانی جیسے معروف ڈراموں میں اہم کردار ادا کر چکی ہیں۔

تصاویر وائرل ہونے کے بعد شرمناک حالات سے گزرنا پڑا؛ گریجا اوک

اداکارہ گریجا اُوک نے فلم ''تارے زمین پر'' سے شہرت کی بلندیوں کو چھوا تھا



دہلی (شوبز ڈیسک) اداکارہ گریجا اُوک نے اپنی وائرل ڈیپ فیک تصاویر کے بعد موصول ہونے والے مردوں کے پیغامات پر کہا کہ میں بھی انسان ہوں اور مجھے بھی لوگوں کے رویوں سے دکھ اور تکلیف ہوتی ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ان خیالات کا اظہار اداکارہ گریجا اُوک نے اپنے ایک انٹرویو میں کیا جنھوں نے فلم تارے زمین پر سے شہرت کی بلندیوں کو چھوا اور انڈسٹری میں اپنی جگہ بنائی۔ انٹرویو میں انھوں نے بتایا کہ اچانک ملنے والی شہرت نے جہاں تعریفیں اور ستائش دلوائیں وہیں کئی نامناسب پیغامات اور رویّے بھی سامنے آئے۔ اداکارہ گریجا نے بتایا کہ میں نے بہت کم عمری میں ہی کام شروع کر دیا تھا اور اب تو انڈسٹری میں تقریباً 20 سے 25 سال ہو گئے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ وقت کے ساتھ ساتھ انسان قدرے سخت دل ہو جاتا ہے لیکن اگر میں یہ کہوں کہ مجھے لوگوں کے رویوں سے کوئی فرق نہیں پڑتا تو یہ جھوٹ ہو گا۔ اداکارہ نے بالخصوص ان مردوں کے رویے پر حیرت کا اظہار کیا جو بغیر ہچکچاہٹ کے نامناسب پیغامات بھیجتے ہیں۔

ہراسانی کا ذمہ دار لباس یا لپ اسٹک نہیں ہے، ایشوریا رائے

نیو دہلی (شوبز ڈیسک) بالی ووڈ کی معروف اداکارہ و فلمی ہیروئن ایشوریا رائے نے ہراسانی کا شکار ہونے والی خواتین کو پیغام دیا کہ ہراسانی کا ذمہ دار لباس یا لپ اسٹک نہیں ہے، آنکھیں نہیں چُرائیں، مسئلے کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالیں اور اپنی وقعت کو کم نہ کریں۔ ایشوریا رائے نے خواتین کی حفاظت اور عوامی مقامات پر ہراسانی جیسے سنگین مسئلے پر ایک بار پھر دوٹوک مؤقف اختیار کیا ہے۔ ایک ویڈیو میں انہوں نے سڑکوں پر ہونے والی ہراسانی کے خلاف نہ صرف آواز اٹھائی بلکہ متاثرہ خواتین کو خود پر یقین رکھنے اور الزام سے بچنے کا پیغام بھی دیا۔ انہوں نے خواتین کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آپ کا لباس یا لپ اسٹک ذمہ دار نہیں۔ اسٹریٹ ہراسمنٹ کبھی بھی آپ کی غلطی نہیں ہوتی۔ جس کے بعد ان کی ویڈیو تیزی سے سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہی ہے، جس میں ایشوریا براہِ راست سوال کرتی ہیں کہ آپ اسٹریٹ ہراسمنٹ سے نمٹتے کیسے ہیں؟ اس کے ساتھ ہی وہ پرانے، فرسودہ مشوروں کو مسترد کرتے ہوئے کہتی ہیں کہ آنکھیں جھکانے یا خاموشی اختیار کرنے کے بجائے مسئلے کا ڈٹ کر سامنا کرنا چاہیے۔

ازلان شاہ کو دوسری شادی کا پبلسٹی اسٹنٹ کرنے پر شدید تنقید کا سامنا

اہلیہ نے اعتراف کیا کہ ان کا اعلان کرنے کا طریقہ درست نہیں تھا جس سے غلط فہمیاں پیدا ہوئیں

لاہور (شوبز ڈیسک) خطرناک جانوروں پر مبنی وی لاگز کے باعث مقبول پاکستانی ڈیجیٹل کریئٹر ازلان شاہ حال ہی میں ایک نئی ویڈیو کے باعث دوبارہ خبروں میں آ گئے۔ ازلان شاہ نے ایک روز قبل انسٹاگرام پر شیئر کی گئی پوسٹ میں دوبارہ شادی کرنے کا ذکر کیا تھا جس پر انہیں شدید تنقید کا سامنا کرنا پڑا۔ انہوں نے ایک نئی ویڈیو میں اس پوسٹ پر وضاحت دیتے ہوئے کہا کہ ان کے دوبارہ شادی کرنے کی بات کو سوشل میڈیا صارفین نے غلط انداز میں لیا۔ ازلان کے مطابق بہت سے لوگوں نے اسے مذاق سمجھا، کچھ نے الزامات لگائے جبکہ متعدد افراد نے نازیبا الفاظ بھی استعمال کیے۔ انہوں نے واضح کیا کہ وہ دراصل اپنی اہلیہ ڈاکٹر وریشا جاوید خان سے ہی دوبارہ شادی کرنے جا رہے ہیں، اور یہ کوئی دوسری شادی نہیں ہے۔ ڈاکٹر وریشا نے ویڈیو میں بتایا کہ ان کی شادی کی تیسری سالگرہ قریب ہے، اس لیے وہ ایک بار پھر شادی کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ تاہم انہوں نے اعتراف کیا کہ ازلان کا اعلان کرنے کا طریقہ درست نہیں تھا اور اس سے غلط فہمیاں پیدا ہوئیں۔

دھرمیندر کے انتقال کے بعد ہیما مالنی کا پہلا جذباتی ردعمل سامنے آ گیا

دہلی (شوبز ڈیسک) بالی ووڈ کے سینئر اداکار دھرمیندر کے انتقال کے بعد ان کی اہلیہ اور معروف اداکارہ ہیما مالنی نے پہلی بار خاموشی توڑتے ہوئے ایک جذباتی پیغام کے ساتھ اپنی اور دھرمیندر کی یادگار تصاویر شیئر کی ہیں۔ اس پیغام میں ہیما مالنی نے نہ صرف اپنے ذاتی دکھ کا ذکر کیا بلکہ دھرمیندر کی شخصیت اور اُن کی زندگی کے مختلف پہلوؤں پر بھی بات کی۔ ہیما مالنی نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک تفصیلی نوٹ شیئر کیا جس میں انہوں نے دھرمیندر کو اپنے لیے ''محبت کرنے والے شوہر، ہماری دونوں بیٹیوں کے مہربان باپ، دوست، فلسفی، رہنما اور وہ شخصیت جو ہمیشہ مشکل وقت میں سہارا بنی'' کے طور پر یاد کیا۔ انہوں نے لکھا کہ دھرمیندر کی زندگی کے ہر مرحلے میں ان کی موجودگی ان کے لیے حوصلے اور اعتماد کا ذریعہ رہی۔ اداکارہ نے اپنے جذبات بیان کرتے ہوئے کہا کہ دھرمیندر کی مقبولیت اور فلمی دنیا میں ان کے بے مثال مقام کے باوجود ان کی عاجزی ہی وہ خوبی تھی جو انہیں دوسرے فنکاروں سے ممتاز کرتی تھی۔

علیحدگی کی خبریں مسترد، آئمہ بیگ نے شوہر کے ہمراہ ویڈیو شیئر کر دی

لاہور (شوبز ڈیسک) پاکستانی معروف گلوکارہ آئمہ بیگ نے شوہر زین احمد سے علیحدگی کے حوالے سے زیر گردش خبروں کا جواب دے دیا۔ انہوں نے انسٹاگرام پر واپسی کے ساتھ ہی ایک ویڈیو شیئر کر کے تمام قیاس آرائیوں کا دم توڑ دیا۔ آئمہ بیگ نے رواں ماہ کے آغاز میں اچانک اپنا انسٹاگرام اکاؤنٹ غیر فعال کر دیا تھا، جس کے ساتھ ہی ان کی شادی کی تمام تصاویر بھی ڈیلیٹ ہو گئیں تھی۔ گلوکارہ کے اس طرح اچانک سوشل میڈیا سے غیر معال ہونے پر مداحوں میں تشویش کی لہر دوڑ گئی تھی اور قیاس آرائیاں کی جا رہی تھی کہ شادی کے مختصر عرصے کے بعد ہی ممکنہ طور پر ان کی اور زین احمد کی علیحدگی ہو گئی ہے۔ تاہم اب آئمہ بیگ نے نا صرف انسٹاگرام پر واپسی کے ساتھ کسی بڑی چیز کے آنے کا عندیہ دیا ہے بلکہ انہوں نے اپنے شوہر کے ہمراہ ایک ویڈیو شیئر کی جس میں ان دونوں کو خوش و خرم دیکھا جا سکتا ہے، اس ویڈیو کے ساتھ ہی گلوکارہ نے علیحدگی سے متعلق تمام زیر گردش خبروں کو مسترد کر دیا۔

پاکستان آئیڈل کی پرفارمر، لیہ کے صحرا کی خوبصورت آواز روش رباب



لاہور (شوبز ڈیسک) جنوبی پنجاب کے ضلع لیہ کی ایک خوبصورت آواز ان دنوں لوگوں میں خوب مقبول ہو رہی ہے۔ روش رباب نے پاکستان آئیڈل کے پلیٹ فارم پر قدم رکھا تو ہر قدم پر کامیابی سمیٹتی رہیں اور ٹاپ 16 میں جگہ بنالی، روش رباب اسکول ٹیچر بھی ہیں۔ لیہ کے صحرا کی خوبصورت آواز روش رباب، جب ان کا گایا گیت صحرا میں گونجتا ہے تو سننے والے سنتے رہ جاتے ہیں۔ روش رباب نے لیہ کے نواحی قصبے چوک اعظم میں آنکھ کھولی۔ نامساعد حالات کے باوجود روش رباب پاکستان آئیڈل کے تیسرے مرحلے تک پہنچ چکی ہیں، کراچی سے گھر پہنچنے پر ان کا شاندار استقبال کیا گیا۔ روش رباب کا کہنا ہے کہ کراچی سے گھر تک کا سفر کافی لمبا ہے، سفر کر کے کافی تھکے ہوئے تھے لیکن، واپس آئے تو ہمارے گھر کے ساتھ ہی بابا کا اسکول ہے، میں خود بھی وقتاً فوقتاً وہاں پڑھاتی رہتی ہوں، وہاں پر بچوں نے میرا بڑا پرتپاک استقبال کیا۔

دپیکا پڈوکون کو مسلسل دوسرے سال کروڑوں کا نقصان، آمدن بھی کم ہو گئی

کمپنی کی جانب سے وزارتِ کارپوریٹ افیئرز کو تازہ رپورٹ جمع کرادی گئی

دہلی (شوبز ڈیسک) بالی ووڈ میں کامیاب اداکارہ کے طور پر پہچان رکھنے والی دپیکا پڈوکون کو کاروباری میدان میں مسلسل ناکامی اور کروڑوں کے نقصان کا سامنا ہے۔ کاروباری جریدے کی رپورٹ کے مطابق بالی ووڈ اداکارہ دپیکا پڈوکون کے بیوٹی (اسکن کیئر) برانڈ 82°E کو رواں مالی سال بھی بھاری مالی نقصان کا سامنا ہے اور آمدن بھی گزشتہ سال کی نسبت کم ہوئی ہے۔ کمپنی کی جانب سے وزارتِ کارپوریٹ افیئرز کو جمع کرائی گئی تازہ رپورٹ کے مطابق برانڈ کو 2024-2025ء میں 12 کروڑ 26 لاکھ بھارتی روپے کا خسارہ ہوا۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ رواں سال نقصان گزشتہ برس کی نسبت کم ہوا تاہم کمپنی اب بھی نفع میں نہیں ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ رواں سال کمپنی کی آمدنی میں 30 فیصد سے زائد کمی ہوئی ہے۔ 2023-2024 میں 82°E نے 121.21 کروڑ روپے کمائے جبکہ 2024-2025 میں یہ رقم گھٹ کر 66.14 کروڑ روپے تک محدود رہ گئی ہے۔

بقیہ 1

فہرست مصر کے ساتھ شیئر کریگا، پاکستان اور مصر کے بھائی چارے کا تعلق دنیا بھر میں معروف ہے، ہم دونوں پر ذمہ داری ہے کہ اپنے ممالک کے سفارتی، اقتصادی، تجارتی، کاروباری، سیکورٹی اور دفاعی تعلقات کو بہت بلند سطح تک لے جائیں جبکہ مصری وزیر خارجہ بدر عبدالعاطی نے پاکستان کو اپنا دوسرا گھر قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کے ساتھ تعلقات کو تزویراتی سطح تک بلند کرنا چاہتے ہیں، ہم دہشت گردی اور شدت پسندی کے خلاف پاکستان کے ساتھ مکمل یکجہتی میں کھڑے ہیں، اقتصادی، سیاسی اور سیکیورٹی کے شعبوں میں مشترکہ چیلنجز ہمیں مل کر کام کرنے کی ترغیب دیتے ہیں، ہم چاہتے ہیں کہ اپنے تعلقات کو تزویراتی سطح تک بلند کریں، ہماری شراکت داری کی کوئی حد نہیں ۔اتوار کو پاکستان اور مصر کے وزرائے خارجہ کے درمیان وفود کی سطح پر ملاقات ہوئی جس کے بعد نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے مصر کے وزیر خارجہ بدر احمد محمد عبدالعاطی کے ساتھ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ملاقات میں بزنس ٹو بزنس تعلقات کے فروغ پر تبادلہ خیال ہوا۔اسحق ڈار نے کہا کہ بدر عبدالعاطی کا دورہ پاکستان اور مصر کے برادرانہ تعلقات کی طویل مدت کی دوستی کی عکاسی کرتا ہے۔اسحق ڈار نے کہا کہ ہونے والی بات چیت پاکستان-مصر تعلقات کی مضبوطی کو دوبارہ اجاگر کرتی ہے اور دونوں ممالک کی مشترکہ کوششوں کو ظاہر کرتی ہے کہ سیاسی، اقتصادی، دفاعی، ثقافتی اور عوامی تعلقات کے شعبوں میں تعاون مزید بڑھایا جائے۔ڈپٹی وزیراعظم نے کہا کہ دونوں رہنماؤں نے تعاون کے مزید منظم فریم ورک پر کام کرنے اور شراکت داری کے نئے مواقع تلاش کرنے پر اتفاق کیا ہے اور وہ پر اعتماد ہیں کہ یہ دورہ دونوں ممالک کے درمیان عملی تعاون کے نئے مواقع کھولے گا۔اسحق ڈار نے بتایا کہ انہوں نے بدر عبدالعاطی کے ساتھ کاروبار سے متعلق بات چیت میں خاص توجہ دی کہ کس طرح دونوں ممالک باہمی سرگرمیوں کو بڑھا سکتے ہیں، جسے ڈپٹی وزیر اعظم نے تقریباً 30 کروڑ ڈالر کے حجم کے ساتھ ناکافی قرار دیا۔

بقیہ 2

پاکستانی سیاست کو بند کمروں سے نکال کر عوام کے درمیان لایا اور حقیقی معنوں میں عوامی سیاست کی بنیاد رکھی۔ انہوں نے ہمیشہ پاکستان کے غریب، مزدور اور مظلوم طبقے کے لیے جدوجہد کی اور انہی کی طاقت نے پاکستان پیپلز پارٹی کو ایک عوامی، نظریاتی اور قومی جماعت بنایا ان خیالات کا اظہار انہوں نے اتوار کو یہاں پاکستان پیپلز پارٹی کی 58 ویں یوم تاسیس کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی صدر سردار عمر گورگیج، جنرل سیکرٹری ربانی کاکڑ سمیت مرکزی وصوبائی رہنما، صوبائی وزراء اور اراکین صوبائی اسمبلی بھی موجود تھے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ایک وقت تھا جب سیاست صرف ڈرائنگ روم تک محدود تھی مگر شہید ذوالفقار علی بھٹو نے اسے عوامی بنایا عوام کو بااختیار کیا اور پاکستان کو ناقابل تسخیر بنانے کے لیے وہ تاریخی اقدامات کیے جن کی وجہ سے آج پاکستان مضبوط ایٹمی قوت کے طور پر کھڑا ہے حالیہ بھارتی جارحیت پر فیلڈ مارشل کی دلیرانہ قیادت میں پاک فوج کی موثر جوابی کارروائی اسی جرات مندانہ فیصلوں کا تسلسل ہے، جس کی بنیاد بھٹو شہید نے رکھی انہوں نے کہا کہ شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے میزائل ٹیکنالوجی کے میدان میں وہ سنگِ میل قائم کیے

بقیہ 3

واضح کیا ہے کہ اپنا راستہ تبدیل نہیں کریں گے، ضرورت پڑی تو اسلام آباد کا رخ کریں گے، ملک کو امن، بھائی چارے اور آزادی کی علامت ہونا چاہیے تھا، عوام کو حقوق دینا حکومتوں کی ذمہ داری ہے، آئین کو کھلونا بنا دیا گیا ہے، عوام کی خواہشات کے بجائے بڑے لوگوں کی خواہش پر آئینی ترامیم ہو رہی ہیں، افغان پالیسی پر پاکستان کی سفارت کاری ناکام رہی، جنگ کی باتوں سے مسئلے حل نہیں ہوں گے، پاکستان اور افغانستان کو اپنے رویوں پر نظرثانی کرنی چاہیے، ٹرمپ کے ہاتھوں سے فلسطینیوں کا خون ٹپک رہا ہے اور شہباز شریف ٹرامپ کو امن کا نوبل انعام دینے کی بات کر رہے ہیں، عمران کی ذات سے نہیں اس کی پالیسیوں سے اختلاف تھا۔ اتوار کو جامعہ اسلامیہ میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان ان امیدوں پر حاصل کیا گیا تھا کہ یہاں اسلام کا بول بالا ہوگا ،حکومتوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس ملک میں عام آدمی کو ان کے حقوق دیں ،خوشحال معیشت کا مکمل نظام رائج کریں۔

بقیہ 4

پر غور کیا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا کی صورتحال سب کے سامنے ہے، خیبر پختونخوا میں ایسا انتظامی ڈھانچہ ہو جو کچھ فائدہ تو دے، کب تک کے صوبے کے شہریوں کو بے یارومددگار چھوڑیں گے۔بیرسٹر عقیل ملک نے کہا کہ گورنر راج شدید ضرورت کی صورت میں لگایا جاتا ہے، صوبے کے حالات اس کا تقاضا کر رہے ہیں، ماضی میں پنجاب میں بھی گورنر راج لگانے کا تجربہ کیا جا چکا ہے۔

بقیہ 5

نے کہا ہے کہ پاکستانیوں کیلئے ویزوں کی بندش سے متعلق خبروں میں کوئی صداقت نہیں، کراچی میں قائم ایشیاء کے سب سے بڑے ویزا سینٹر میں پاکستانی بہن بھائیوں کیلئے عملہ خدمت پر مامور ہے۔نجی ٹی وی سے گفتگو میں اماراتی قونصل جنرل بخیت عتیق الرومیثی نے کہا کہ پاکستان اور یو اے ای کے تعلقات مستحکم بنیادوں پر قائم ہیں، ویزوں کی بندش سے متعلق خبروں میں کوئی صداقت نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانیوں کیلئے اماراتی ویزے بلاتعطل جاری کئے جارہے ہیں، سازشی عناصر یو اے ای کے ویزے کی بندش سے متعلق افواہیں پھیلا رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ کراچی میں قائم ایشیاء کے سب سے بڑے ویزا سینٹر میں پاکستانی بہن بھائیوں کیلئے عملہ خدمت پر مامور ہے۔ انہوں نے کہا کہ بعض نوعیت کے ویزوں کے اجراء کیلئے پیشگی تاریخ ضروری ہے، علاج ومعالجے، تعلیمی سیمینار اور اس نوعیت کی دیگر خدمات کیلئے ہمارا تعاون برقرار رہتا ہے۔

بقیہ 6

افغانستان سے بھی گٹھ جوڑ ہے ، پراسیکیوشن کی کمزوری کی وجہ سے پاک فوج کی دہشتگردوں کے خلاف کوششوں پر پانی پھیرا جارہا ہے، خیبر پختونخواہ میں نان کسٹم پیڈ گاڑیاں اس طرح بھاگتی ہیں جس طرح بہت اچھا کام ہو رہا ہے ،خیبر پختونخواہ ،منشیات کے کاروبار، دہشتگردوں کو پروموٹ کر رہی ہے، جو ایک ہزار ارب سے اوپر کا شارٹ فال ہے یہ انہی کوتاہیوں کا نتیجہ ہے، اگر نان کسٹم پیڈ گاڑیاں رجسٹرڈ ہو جائیں تو اس سے 800 ارب کی آمدن کا تخمینہ لگایا گیا ہے جو خزانے میں آسکتا ہے، ٹوبیکو مافیا ٹیکس دینا شروع کر دے تو 500 ارب ان سے جمع ہوسکتا ہے، ٹمبر، ماربل، پتھر مافیا ان سے الگ ہے،، وہاں جو سیاسی لوگ برسراقتدار ہیں ان کی جیبیں بھری جارہی ہیں، ملک کی سالمیت اور فوج کے خلاف پراپیگنڈا کرنے والوں کو نکیل ڈالیں گے ۔پریس کانفرنس کرتے ہوئے وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ پچھلے چند روز سے ملک کے اندر سیاسی عدم استحکام اور افواہوں کا بازار گرم کیا جارہا ہے اس کے پیچھے ایک منظم سازش اور منصوبہ بندی ہے، پی ٹی آئی کا ملک دشمن عناصر کے ساتھ گٹھ جوڑ کھل کر سامنے آچکا ہے، ڈی جی آئی ایس پی آر نے سینئر صحافیوں سے سے ملاقات کر کے دہشتگردی کے خلاف جو اقدامات کئے جارہے ہیں اس پر بھرپور اور تفصیلی روشنی ڈالی کہ کس طرح ان کا مقابلہ کیا جارہا ہے کس طرح پاک فوج کے افسران اور رجوان قربانیاں دے رہے ہیں اور کس طرح افغانستان کی مداخلت کو روکا جارہا ہے، انہوں نے یہ بھی بتایا کہ کس طرح بارڈر کو محفوظ کیا جارہا ہے، پھر بھی خیبر پختونخواہ کی صوبائی حکومت اور ضلعی انتظامیہ کی بارڈر کے اضلاع پر کمی کوتاہیاں اور کمزوریاں فلٹریشن بن جاتی ہے۔

بقیہ 7

بیان میں کہا کہ خیبر پختونخواہ صوبے کی سڑکوں، گلیوں اور بازاروں میں موجود گند بھی وزیر اعلی خیبر پختونخوا کے انتظار میں ہے۔انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخواہ کی ٹوٹی ہوئی سڑکیں اور بسیں وزیر اعلی کی منتظر ہیں جبکہ طالب علم سکالرشپ پروگرام اور لیپ ٹاپ کے انتظار میں ہیں، وزیر اعلی خیبر پختونخواہ کی کرسی تماشہ اور مذاق بن چکی ہے، 23 نومبر کو خیبر پختونخواہ کے لوگوں نے مسلم لیگ (ن) کے حق میں فیصلہ دیا۔مریم اورنگزیب نے مشورہ دیا کہ فیملی ری یونین زمان پارک میں کرلیا کریں، عوام کو تکلیف نہ دیں۔

بقیہ 8

فارم متعارف کروا دیا ہے۔رجسٹریشن فارم کا مقصد خواجہ سرا برادری کی سرکاری ریکارڈ میں شمولیت کو آسان بنانا اور انہیں فلاحی پروگراموں، سماجی تحفظ اسکیموں اور سرکاری امدادی اقدامات تک بہتر رسائی فراہم کرنا ہے۔اس اہم قدم کو بلو وینز، سماجی بہبود محکمہ اور نیشنل کمیشن فار ہیومن رائٹس (NCHR) نے مشترکہ طور پر عملی شکل دی۔تقریب رونمائی میں ایڈیشنل سیکریٹری سماجی بہبود عمرا خان، ڈپٹی ڈائریکٹر نادرا شاہد خان، صوبائی کوآرڈینیٹر NCHR رضوان اللہ شاہ، پروگرام مینیجر بلو وینز قمر نسیم، خواجہ سرا کمیونٹی کے نمائندے، اور مختلف سرکاری و غیر سرکاری اداروں کے افسران نے شرکت کی۔شرکاء نے اس بات پر زور دیا کہ درست اور شفاف ڈیٹا کی عدم موجودگی خواجہ سرا افراد کے لیے سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔سرکاری اعداد و شمار کے مطابق 2023 کی مردم شماری میں ملک بھر میں صرف 20 ہزار سے کچھ زائد خواجہ سرا افراد درج کیے گئے ہیں، جب کہ مختلف تنظیموں کے مطابق اصل تعداد لاکھوں میں ہے۔خیبر پختونخوا میں بھی نادرا کے ''X'' شناختی کارڈ رکھنے والے خواجہ سرا افراد کی تعداد انتہائی کم ہے، جس کے باعث وہ سرکاری مراعات سے محروم رہ جاتے ہیں۔ایڈیشنل سیکریٹری سماجی بہبود عمرا خان نے کہا کہ ''خواجہ سرا برادری کو سرکاری نظام میں شامل کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔جب تک وہ سرکاری ریکارڈ کا حصہ نہیں بنیں گے، انہیں سرکاری سہولیات، روزگار کوٹے اور تحفظ کے میکانزم تک رسائی ممکن نہیں۔یہ فارم اسی سمت ایک اہم قدم ہے۔ہم چاہتے ہیں کہ ہر فرد خود کو محفوظ اور بااختیار محسوس کرے۔''صوبائی کوآرڈینیٹر NCHR رضوان اللہ شاہ نے کہا کہ انسانی حقوق کی فراہمی کا آغاز درست ڈیٹا سے ہوتا ہے۔جب کوئی کمیونٹی ریکارڈ میں موجود نہ ہو تو اس کے مسائل بھی نظر انداز ہو جاتے ہیں۔ یہ قدم ہمارے لیے پالیسی سازی اور موثر مداخلتوں کا نیا دروازہ کھولے گا۔نادرا حکام نے اعلان کیا کہ موبائل رجسٹریشن یونٹس کے ذریعے گھروں، ڈیرں اور دیگر مقامات پر جا کر خواجہ سرا افراد کی رجسٹریشن کی جائے گی، جس سے وہ افراد بھی ریکارڈ کا حصہ بن سکیں گے جو سماجی دباو یا حفاظتی خدشات کے باعث دفاتر آنے سے ہچکچاتے ہیں۔

بقیہ 9

میں دوریاں اور دہشت گردی پاکستان کے لیے خطرہ ہیں، دہشت گردی ایک بار پھر سر اٹھا رہی ہے تو اسٹیک ہولڈرز کو سافٹ پاور کے بارے میں سوچنا ہوگا تا کہ پاکستان کی فالٹ لائنز اور احساس محرومی کا کوئی غلط فائدہ نہ اٹھائے، سیاسی اختلافات حق ہے لیکن ملک کی سلامتی کی بات ہو تو دہشت گردی اور دشمن کا متحد ہو کر مقابلہ کرنا ہوگا، جب اداروں نے پارلیمان کے دائرے میں مداخلت کی تو وفاق ملک اور عوام کو نقصان پہنچایا۔میں آگاہ کرتا ہوں کہ پارلیمان کے دائرے میں مداخلت کا دفاع کریں گے، عوام ٹیکس اور مہنگائی کی شکل میں قربانی دے رہے ہیں، ہم سب کو پاکستان کی معاشی ترقی میں اپنا حصہ ڈالنا چاہیے۔اختیارات نچلی سطح منتقل کرنے پاکستان کی ترقی کرے گا، آئین میں موجود صوبائی تحفظ ختم کرنے سے نہ وفاق نہ صوبے مضبوط ہوں گے، پیپلز پارٹی نے میثاقِ جمہوریت کے تحت آئینی عدالت قائم کردی اب سیاسی مصالحت کے ذریعے سیاسی بحران کے حل کے لیے کاوشیں کریں گے، پیپلز پارٹی کی کوشش ہوگی کہ پارلیمان کے اندر اور باہر سیاسی اسٹیک ہولڈرز سے مل کر سیاسی ماحول میں بہتری لائیں اور مثبت نتائج نکلیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے اتوار کو عیدگاہ گراؤنڈ کورنگی میں پاکستان پیپلز پارٹی کے 58 ویں یوم تاسیس کے حوالے سے منعقدہ جلسہ عام سے بلاول ہاؤس سے ویڈیو لنک خطاب میں کیا۔بلاول بھٹو زرداری نے اپنی ہمشیرہ آصفہ بھٹو زرداری کے ہمراہ ملک کے 100 سے زائد اضلاع میں یوم تاسیس کے جلسوں سے ویڈیو لنک سے خطاب کیا۔کورنگی جلسہ میں کارکنان کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔جلسہ گاہ پارٹی قیادت کی تصاویر اور جھنڈوں سے سجایا گیا تھا۔اسٹیج پر بڑی اسکرین نصب تھی۔جس پر بلاول بھٹو زرداری کا خطاب دیکھا گیا۔جلسہ سے پیپلز پارٹی سندھ کے صدر نثار کھوڑو ،جنرل سیکریٹری وقار مہدی ،سینئر رہنما قائم علی شاہ ،کراچی ڈویژن کے صدر سعید غنی اور دیگر نے خطاب کیا۔بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے سب سے بڑا ڈیجیٹل جلسہ کر کے ایک تاریخ رقم کی ہے۔پاکستان کے ہر ڈسٹرکٹ میں اس وقت بے نظیر بھٹو شہید کی بہن بھائی موجود ہیں۔اسکردو گلگت بلتستان پشتون خوا، پنجاب جنوبی پنجاب، بلوچستان اور سندھ کے جیالوں سے بیک وقت مخاطب ہوں۔پیپلز پارٹی کی تاریخ پاکستان کے ماضی اور مستقبل سے جڑی ہے۔ذوالفقار بھٹو نے عوامی اسلامی آئین کی بنیاد رکھی ،ملک کے پسماندہ علاقوں اور طبقوں کو معاشی طور پر مضبوط بنانے کی بنیاد رکھی۔ذوالفقار بھٹو کے عدالتی قتل کے بعد بے نظیر بھٹو نے اس جدوجہد کو جاری رکھا۔بے نظیر دو آمروں سے ٹکرائیں اور شہادت نوش کی ۔صدر زرداری نے یہ پرچم تھاما اور 18 ویں آئینی ترمیم سے بھٹو کا آئین بحال کیا۔آصف علی زرداری نے بلوچستان کے عوام کو حق دیا کے پی کو پختون خوا کا نام دیا۔حقوق کو نچلی سطح پر منتقل کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ پہلا یوم تاسیس ہے جو بھارت کے ساتھ جنگ کے بعد منا رہے ہیں۔بھارت کے 7 جہاز گرا کر بہادر افواج نے دنیا بھر میں پاکستان کا نام روشن کیا۔بین الاقوامی سطح پر پاکستان کا نیا مقام بنائے۔حکومت خارجہ پالیسی بنانے والوں کردار ادا کرنے والوں سے خوش مطمئن ہیں اور اس کا جشن منا رہے ہیں۔شکست خوردہ دشمن آج بھی سازشیں کر رہا ہے۔پاکستان میں سازشی طریقوں سے غیر مستحکم کر رہا ہے۔ایک جانب بھارت پاکستان کو میلی آنکھ سے دیکھ رہا ہے۔افغانستان اور پاکستان میں دوریاں اور دہشت گردی پاکستان کے لیے خطرہ ہیں۔سیاسی اختلافات حق ہے لیکن ملک کی سلامتی کی بات ہو تو دہشت گردی اور دشمن کا متحد ہو کر مقابلہ کرنا ہوگا ۔سیاست کو اس طرف لے جائیں کہ ہمارے اندرونی بحران کا کوئی فایدہ نہ اٹھا سکے۔پیپلز پارٹی واحد جماعت جو مثبت سیاست کرتی ہے۔سیاسی بحران کو حل کر کے موجودہ مشکلات سے نکالنا چاہتے ہیں۔پیپلز پارٹی نے حکومت سے مل کر آئینی ترمیم منظور کرائی۔انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی بھی آئینی ترامیم لاتی ہے۔ہم نے انقلابی اور بے مثال ترامیم کرائیں۔1973 میں اسلامی جمہوری اور متفقہ آئین متعارف کرایا۔اس آئین کی بحالی کی جدوجہد بے نظیر بھٹو نے کی اور صدر زرداری نے 18 ویں ترمیم کرائی۔آمرانہ دور میں ترامیم کو ختم کرایا صوبوں کو معاشی انتظامی خودمختاری دلوائی۔73 کے بعد 18 ویں ترمیم سب سے متفقہ ترمیم ہے۔میثاق جمہوریت اور 18 ویں ترمیم میں رہ جانے والے وعدوں کی تکمیل کے لیے نئی ترمیم میں حکومت کا ساتھ دیا۔بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ حکومت کی آئینی ترامیم میں بہت سے خواہشات تھی۔ایگزیکٹو مجسٹی کا نظام واپس لانا اور صحت تعلیم کو واپس وفاق کے سپرد کرنا چاہتے تھے ۔این ایف سی کو حاصل آئینی تحفظ کو ختم کرنے کی خواہش تھی۔حکومت کے اور بھی پرپوزل تھے۔پیپلز پارٹی صوبائی شیئر کے آئینی تحفظ کو بچایا ۔اگر یہ تحفظ ختم ہوتا تو سب سے زیادہ پنجاب پھر سندھ کے پی اور بلوچستان کو معاشی نقصان ہوتا۔پیپلز پارٹی کے موقف کی وجہ سے یہ تحفظ ختم نہ ہوسکا۔بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ بے نظیر بھٹو کے میثاق جمہوریت کے وعدے کی تکمیل جو 18 ویں ترمیم میں بھی نہ ہوسکا۔بے نظیر بھٹو کے آئینی عدالت کے وعدے کی تکمیل کی۔آئینی عدالت میں تمام صوبوں کی یکساں نمائندگی کو منوایا۔انہوں نے کہا کہ میثاق جمہوریت کی شق بھی پوری کی اور صوبوں کو برابری کی نمائندگی دلوائی۔یہ بہت بڑی اور تاریخی کامیابی ہے۔بھٹو کے عدالتی قتل کے وقت یہ برابری نہیں تھی۔اس عدالتی قتل نے وفاق کو ہلا دیا یہ عدلیہ پر بہت برا داغ ہے۔انہوں نے کہا کہ محترمہ کی حکومتوں کو ہٹانا میاں صاحب کی بحالی یا مشرف کو عدالت سے آئینی تحفظ جیسی عدالتی تاریخ ہمارے سامنے ہے۔آئینی عدالت آئینی اور سیاسی۔مسائل۔دیکھے گی اور سپریم کورٹ عوام کے فوری انصاف کے تقاضوں کو پورا کرے گی ۔آئینی عدالت سے جج صاحبان کے کاندھوں۔پر بڑی ذمہ داری عائد ہوئی ہے۔امید کرتا ہوں ججز اس طریقے سے کام کریں کہ ماضی میں عدالتوں پر اٹھنے والا اعتماد بحال رہے۔آئینی عدالت انصاف کرے آئین کو ترجیح دے۔ایسی نہ ہو جو غریب کا گھر تباہ۔کرے ڈیم بنائے یا سموسے کی قیمت طے کرے حکومتوں کو گھر بھیجے یا وزیراعظم کا نااہل قرار دے۔انہوں نے کہا کہ کچھ لوگوں کی کوشش ہے آئینی عدالت کو متنازعہ بنائے۔ہمیں امید ہے آئینی عدالت ان کو اپنی کارکردگی سے جواب دے گی ۔پارلیمان کا کام قانون سازی کرنا ہے۔خواہش ہے کہ متفقہ آئینی ترمیم لے کر آئیں جسے پارلیمان کی توثیق کرے۔اس فیصلے پر نظرثانی بھی پارلیمان کا اختیار ہے۔اس ترمیم کا فیصلہ کوئی جج یا پارلیمان کے دائرے اختیار میں مداخلت کرکے کوئی اور ادارہ نہیں کرسکتا۔جب اداروں نے پارلیمان کے دائرے میں مداخلت نے وفاق ملک اور عوام کو نقصان پہنچایا۔آگاہ کرتا ہوں کہ پارلیمان کے دائرے میں مداخلت کا دفاع کریں گے ۔پارلیمان کا اختیار ہے کہ وہ فیصلہ کرے ہمارے فیصلے درست ہیں یا نہیں، عوام پراپیگنڈا پر دھیان نہ دیں یہ ترمیم آپ کے حق میں ہے۔اس ترمیم سے عوام کے حقوق کے تحفظ کو برقرار رکھا ہے۔ہم۔اس کامیابی پر فخر کرتے ہیں امید ہے آئینی عدالت عوام کی توقعات پر پورا اترے گی۔بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ صوبوں کو این ایف سی میں معاشی حقوق کے بارے میں تجویز بار بار آئی دوبارہ بھی آئیگی۔آپ کے حقوق کا تحفظ کرتا رہوں گا۔محب وطن پاکستانی ہیں وفاق پرست ہیں ۔چاروں صوبوں میں صرف پیپلز پارٹی سیاسی قوت رکھتا ہے کہ اس طرح یوم تاسیس ہم منا تے ہیں۔پیپلز پارٹی ملک کو مضبوط بنانے والے ہر فیصلے کے ساتھ ہے۔جس فیصلے سے وفاق کمزور ہو یا صوبوں کی حقوق پر ڈاکہ ڈالا جائے ہرگز قبول نہیں کریں گے۔پاکستان کی سیاست میں خلا کو ختم کر کے ہم نے وفاق کو مضبوط کیا۔آئینی ترمیم کے ایک قدم سے علیحدگی پسندی کی سیاست کو دفن کر دیا ۔اس ترمیم کے ساتھ کھیلنا آگ سے کھیلنے کے مترادف ہے۔ہمسایہ ملک کا وزیر سندھ کی طرف اشارہ کر کے کشمیر اور دوسرے علاقوں کے ساتھ غلط بات کرتا ہے ۔افغانستان کو پاکستان کے ساتھ لڑایا جارہا ہے۔پاکستان میں موجود احساس محرومی اور فالٹ لائنز کو دور کرنا چاہتے ہیں۔اس فالٹ لائنز کسی کو غلط فائدہ نہیں اٹھانے دیں گے۔تمام صوبے گلگت بلتستان مل کر مودی کا مقابلہ کرنے اور جواب دینے کی طاقت رکھتے ہیں۔جو پاکستان کے خلاف سازش کرنے کی کوشش کرے گا اس کو پیپلز پارٹی کے جیالوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔انہوں نے کہا کہ آئین میں موجود صوبائی تحفظ ختم کرنے سے نہ وفاق نہ صوبے مضبوط ہوں گے۔معیشت میں ہر صوبے اور ضلعے کا کردار ہے۔اسلام آباد سے ملنے والا ٹیکس صرف وفاق کا ہے وفاق کی آمدنی پاکستان اور معیشت کا انحصار پورے پاکستان پر ہے۔بلوچستان کا سونا ہو یا تھرپار کے کوئلے سے معیشت کو طاقت ملتی ہے۔کسانوں کی محنت سے وفاق کو طاقت ملتی ہے کراچی کی تجارت پشاور کے مزدوروں اور لاہور کے نوجوانوں کی محنت سے معیشت چلتی ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد عوام نے کہا تھا کہ گھاس کھائیں گے لیکن ایٹم بم بنائیں گے۔آج بھی پورے پاکستان میں پیپلز پارٹی کا ہر ورکر ملک کی ترقی اور دفاع معیشت کی مضبوطی کے لیے قربانی دینے کے تیار ہیں۔عوام ٹیکس اور مہنگائی کی شکل میں قربانی دے رہے ہیں۔ہم سب کو پاکستان کی معاشی ترقی میں اپنا حصہ ڈالنا چاہیے۔پاکستان کو مزید مضبوط بنایا جاسکتا ہے ڈی سینٹرلائزیشن کے زریعے اختیارات منتقل کر کے پاکستان کی ترقی ہے۔خدمات پر سیلز ٹیکس کا اختیار صوبوں کو ملا تو تمام صوبوں نے ایف بی آر کو پیچھے چھوڑ دیا۔حکومت کو تجویز دیتے ہیں ایسے فارمولے بنائیں جن سے معاشی مشکلات دور کر کے صوبوں کو مزید بااختیار بنائیں۔یہ تاثر نہ جائے کہ کسی کے حق پر ڈاکہ ڈالا جارہا ہے۔اختیار دیں اس کے ساتھ زمہ داری بھی دیں ہم ذمہ داری اٹھانے کے لیے تیار ہیں۔انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے میثاقِ جمہوریت کے تحت آئینی عدالت قائم کردی اب سیاسی مصالحت کے زریعے سیاسی بحران کے حل کے لیے کاوشیں کریں گے۔آپس میں لڑتے رہے تو پاکستان کے خلاف سازش کرنے والے فائدہ نہ اٹھالیں ۔پیپلز پارٹی کی کوشش ہوگی کہ پارلیمان کے اندر اور باہر سیاسی اسٹیک ہولڈرز سے مل کر سیاسی ماحول میں بہتری لائیں اور مثبت نتائج نکلیں۔بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ پاکستان واحد ملک ہے افغانستان میں پوری دنیا 30 سال میں جو کچھ نہ کرسکی پاکستان نے ان کو شکست دی۔افسوس ہے ایک بار پھر ملک کو دہشت گردی کی لہر کا سامنا ہے۔پاکستان کی ریاست طاقت سے اپنی رٹ قائم کر رہی ہے۔بین الاقوامی سطح پر سازشیں جاری ہیں کہ اس صورتحال کو خراب کیا جائے۔دنیا بھر میں کسی دہشت گردی کا کامیابی سے مقابلہ عوام کے دل جیت کر کیا جاتا ہے۔تاریخ میں اس طرح کے معرکہ عوام کی حمایت سے جیتی گئیں۔ہارڈ پاور کے ساتھ سافٹ پار کا استعمال ضروری ہے۔سافٹ پاور احساس محرومی دور کر کے عوام کے دل جیتے جاسکتے ہیں۔دہشت گردی ایک بار پھر سر اٹھا رہے ہیں تو اسٹیک ہولڈرز کو سافٹ پاور کے بارے میں سوچنا ہوگا پاکستان کی فالٹ لائنز اور احساس محرومی کا کوئی غلط فائدہ نہ اٹھائے۔نثار کھوڑو نے کہا کہ 58 سال قبل لاہور میں تین سو لوگوں سے پارٹی کا آغاز ہوا۔ 30 نومبر کو پارلیمانی سیاست اور پارٹی پالیٹکس کی ابتدا کی ۔اس سے قبل بیسک ڈیموکریٹس تھے کوئی الیکشن نہیں تھا۔بھٹو صاحب نے کہا ایک فرد ایک وقت طاقت کا سرچشمہ عوام ہیں۔کوئی چھوٹا بڑا نہیں غریب امیر سب کو ایک کر کے ملک کو دنیا میں متعارف کرایا۔بھٹو نے وہ کر دکھایا لوگوں میں طاقت پیدا ہوئی آواز اٹھائی آئی۔بھٹو نے یہاں آرام نہیں کیا روٹی کپڑا امکان کے ساتھ سب کو شناختی کارڈ اور پاسپورٹ کا حق دلایا۔بھٹو نے روزگار کے دروازے کھولے تو روٹی بھی ملی اور کپڑا بھی ۔بھٹو ہر انسان کی عزت کرانا چاہتے تھے۔پھانسی قبول کی عوام کا سر جھکنے نہیں دیا۔بھٹو نے نئے پاکستان کی بنیاد رکھی ۔58 سال کی جدوجہد میں پیپلز پارٹی عوام کا سہارا بنی۔بھٹو نے ایٹم بم بے نظیر بھٹو نے میزائل ٹیکنالوجی دے کر ملک کا دفاع ناقابل تسخیر بنایا۔اسمبلی میں اتنی طاقت لیں گے بلاول بھٹو وزیر اعظم بن سکے۔بلاول بھٹو وزیر خارجہ کی حیثیت سے اپنی صلاحیت منوا چکے ہیں۔قائم علی شاہ نے کہا کہ 58 سال بعد بھی پیپلز پارٹی کے کارکنوں اور چاہنے والوں کا جزبہ ویسا ہی ہے۔73 کے زمانیمیں بھی کارکنان اسی جذبے سے ذولفقار بھٹو کا انتظار کرتے تھے۔آج نوجوانوں کی بڑی تعداد چیئرمین بلاول بھٹو کی منتظر رہتی ہے۔پیپلز پارٹی بلاول کی قیادت میں مزید ابھری ہے۔جیکب آباد اور تھرپارکر میں سخت گرمی میں بڑی تعداد میں لوگوں نے بلاول بھٹو کا استقبال کیا۔تھرپارکر سندھ میں کوئلے سے بجلی بن رہی ہے۔ذوالفقار بھٹو نے کہا عوام میرا سرمایہ اور اثاثہ ہیں۔اسلامی کانفرنس میں کلچرل شو میں 35 ملکوں نے حصہ لیا اجلاس میں ترانوں اور نغموں کو غیر اسلامی کہا گیا۔ذوالفقار بھٹو نے کہا یہ پاکستان کا کلچر ہے۔35 ملکوں نے اسلامی کانفرنس کا ذوالفقار بھٹو کو چیئرمین بنایا۔پاکستان دولخت ہونے پر بھی بھٹو کا جذبہ مضبوط رہا۔بھٹو پاکستان کو اسلام کا قلعہ بنانے کا عزم ظاہر کیا ۔بھٹو کے دور میں ترقی کی مثال نہیں ملتی اس وقت بھی بلاول بھٹو اسی سفر پر گامزن ہیں۔سعید غنی نے کہا کہ کراچی میں اتوار کو ایک اور جلسہ ہوا ہے۔اس جماعت کا جو اس شہر کی نمائندگی کی دعوت دار ہے ایم کیو ایم جلسہ 20 فٹ کی سڑک پر پیپلز پارٹی گراؤنڈ میں منعقد کیا۔یہ جواب ہے ان کا کو کہتے ہیں پیپلز پارٹی کمزور ہو چکی ہے، جو شہر میں نمائندگی کے دعوے دار ہیں وہ میدان سے سکڑ کر سڑکوں گلیوں میں اچکے ہیں۔پیپلز پارٹی کراچی میں پھل پھول رہی ہے۔پورے ملک میں پیپلز پارٹی کے جلسوں میں مجموعی طور پر لاکھوں افراد شریک ہوئے۔ایک دن میں کوئی پارٹی اتنے بڑے جلسے کر کے دکھائے۔پیپلز پارٹی جس کو کہتے ہو سکڑ رہی ہے پورے ملک میں جلسے کر رہی ہے ماڈل کالونی کھوکھراپار پور میں بیٹھے لوگوں تک آواز گئی ہے کہ یہ ہے شہر بھٹو کا ہے۔انہوں نے کہا کہ ڈسٹرکٹ سینٹرل میں بھی پیپلز پارٹی نے شاندار جلسہ کیا۔اسی ٹنکی گراؤنڈ میں مخالفین نے جلسہ کیا مگر جلسہ گاہ نہ بھر سکی۔چیلنج کرتا ہوں مخالفین اس جلسہ گاہ کو بھر کر دکھائیں۔آئندہ بلدیاتی الیکشن میں تمام ٹاؤن چیئرمین پیپلز پارٹی کے ہوں گے۔کورنگی سے ہمارے ایم این اے ایم پی ایز منتخب ہوں گے۔نفرتوں کو شکست ہوگی محبت کی فتح ہوگی۔پیپلز پارٹی کراچی میں رہنے والی قومیتوں میں نفرت ختم کر رہی ہے۔بلاول بھٹو کے خطاب کے بعد جلسہ گاہ میں عوام کا جوش وخروش قابل دیدر ہا۔کارکنان نے پارٹی ترانوں پر رقص کیا۔خواتین نے ہلہ گلہ اور نعرے بازی بھی کی۔

بقیہ 10

ایڈز کے عالمی دن پر پاکستان اقوام عالم کے ساتھ بھرپور آواز میں اپنے اس عزم کا اعادہ کرتا ہے کہ عوامی صحت کے لیے ایڈز جیسے بڑے خطروں کا خاتمہ کریں گے، اور اس بیماری سے خلاف تحفظ کو سب تک پہنچایا جائیگا۔انہوں نے کہا کہ اس سال یہ دن ''رکاوٹوں کو عبور کرنا اور ایڈز کے کی طرف برتاؤ کو تبدیل کرنے'' کے عنوان کے تحت منایا جارہا ہے۔یہ عنوان نئے اٹھنے والی مشکلات سے نئے عزم کے ساتھ نبرد آزما ہونے کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے اور یاد دلاتا ہے کہ رکاوٹوں ، بیماریوں ،مشکلات اور سماجی عدم مساوات کے باوجود تمام شہریوں کی صحت اور عزت ووقار کے تحفظ کیلئے ہمارا عزم غیر متزلزل ہونا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ ایچ آئی وی کی وبا جہاں دنیا بھر میں نظام صحت کی افادیت اور موثر کارکردگی کا امتحان لے رہی ہے، وہیں یہ ہمیں اس بیماری سے مقابلہ کرنے اور نظام صحت کو مزید موثر بنانے کے لیے جامع حکمت عملی بنانے کی یاد دہانی بھی کراتی ہے۔انہوں نے کہا کہ اس بیماری کی طرف عوامی رد عمل اور رویہ کو تبدیل کرنا نہایت ضروری ہے، اس تناظر میں علاج کی فراہمی کو یقینی بنانے ، جدید سہولتیں کو اپنانے اور معاشرتی سطح پر باہمی تعاون کو بڑھاتے ہوئے تمام طبقات تک پہنچنے سے عوامی سطح پر اس بیماری کی طرف ردعمل کو تبدیل کیا جا سکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومتی توجہ جہاں نظام صحت کو موثر اور افادیت کو بڑھانے اور عوام تک اس کی رسائی کو یقینی بنانے پر مرکوز ہے، وہی ایچ۔آئی۔وی سے متاثرہ افراد کی آواز کو توجہ دینا بھی نا گزیر ہے۔انہوں نے کہا کہ صحت کا تحفظ بنیادی شہری حقوق میں شامل ہے،تمام شہری بالخصوص کمزور اور محروم طبقات تک بیماری کی روک تھام، تشخیص، علاج ونگہداشت کی مساوی سہولیات فراہم کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے اس ضمن میں وفاقی حکومت صوبائی حکومتوں سے تعاون کے ساتھ ساتھ مقامی سطح پر بھی اقدامات کو بارآور کرنے کے لیے پرعزم ہے۔انہوں نے کہا کہ معاشرے میں اس بیماری سے وابستہ بدنامی اور متاثرہ افراد سے امتیازی سلوک کے خاتمے کیلئے جتماعی کاوش وقت کی اہم ضرورت ہے، مجموعی طور پر انسان دوست رویہ، نظام صحت کی جدت اور بہتری کیلئے سرمایہ کاری سے ہی ہم ایچ آئی وی کی طرف اپنے ردِعمل کو مضبوط، جامع اور موثر بنا سکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ صحت کے شعبے اور بالخصوص ایڈز کے علاج میں ترقی کے باوجود اسکی عوامی سطح پر تشخیص، علاج تک رسائی اور عوامی آگاہی کے حوالے سے ابھی کام کرنے کی بہت گنجائش موجود ہیں، ہمیں اجتماعی طور پر ان چیلنجز کا ہمدردانہ اور سنجیدہ رویہ کے ساتھ مقابلہ کرنا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ ایڈز کے خاتمے کےلیئٹر جیجی بنیادوں پر کیے جانے والے اقدامات میں خطرے سے دوچار طبقات کی علاج تک رسائی، صنفی امتیازی سلوک کا خاتمہ، بچوں میں والدین سے ایچ آئی وی کی منتقلی کی روک تھام، مریضوں کے لئے محفوظ خون کی فراہمی ، اور منشیات استعمال کرنے والے افراد میں اسکے پھیلاؤ میں کمی لانا شامل ہے۔انہوں نے کہا کہ اجتماعی قومی وسیاسی عزم، شعبہ جاتی باہمی تعاون، اور مشترکہ ذمہ داری کے ذریعے ہی پاکستان کی موجودہ رکاوٹوں پر قابو پاکر ہی ایڈز کے خاتمے کی جانب پیش رفت کو تیز کیا جاسکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایڈز کے عالمی دن پر آیئے تجدید عہد کریں کہ کوئی بھی سماجی، معاشرتی، معاشی یا انتظامی رکاوٹ اس بیماری کے خلاف ہماری جنگ کی راہ میں حائل نہیں ہوگی اور ہم مل کر ایڈز سے مقابلہ کی حکمت عملی کو جامع ، اور مزید موثر بنائیں گے۔انہوں نے کہا کہ ایڈز فری پاکستان کیلئے آیئے متحد ہو کر ہمدردانہ رویہ اور امید کے ساتھ آگے بڑھیں تا کہ ہر فرد کو تندرست، صحت سے بھرپور اور عزت ووقار کی زندگی میسر آسکے۔

بقیہ 11

سے ترقیاتی فنڈز کی تقسیم پر کڑی تنقید کی ہے۔مشیر خزانہ نے کہا کہ وفاقی حکومت نے 43 ارب روپے کے ترقیاتی منصوبے صرف پنجاب اور سندھ کے لیے منظور کئے جبکہ خیبر پختونخوا کو مکمل طور پر نظرانداز کیا گیا ہے۔مزمل اسلم نے کہا کہ اطلاعات کے مطابق 43 ارب روپے میں سے شیر (پی ایم ایل ن) کا حصہ 5.23 ارب روپے ہے جو پنجاب کے ممبران قومی اسمبلی کی اسکیموں کے لیے مختص کیا گیا ہے، مسلم لیگ (ن) کے زیرِ انتظام صوبہ کل رقم کا 5.54٪ حاصل کرے گا، اور 6.17 ارب روپے کا بڑا حصہ حکومتِ پنجاب کے ذریعے خرچ کیا جائے گا، جبکہ وفاقی حکومت پنجاب کے دیہی علاقوں کی بجلی فراہمی منصوبوں پر بھی 9.5 ارب روپے خرچ کرے گی۔فیصلے کے مطابق مزید 40 کروڑ روپے ڈیفنس ڈویژن کے ذریعے خرچ کیے جائیں گے۔مزمل اسلم نے کہا کہ سندھ کے ممبرانِ قومی اسمبلی کو 3.15 ارب روپے ملیں گے، اس میں سے 3.10 ارب روپے سندھ حکومت کے ذریعے اور باقی 3.4 ارب روپے پاکستان انفراسٹرکچر ڈیولپمنٹ کمپنی کے ذریعے خرچ ہوں گے، دلچسپ بات یہ ہے کہ خیبر پختونخوا کو صرف 3.1 ارب روپے ملیں گے اور خیبر پختونخوا کے فنڈز براہِ راست PIDC اور واپڈا کے ذریعے خرچ ہوں گے، جبکہ بلوچستان حکومت کو 3.2 ارب روپے اور اسلام آباد کو 750 ملین روپے دیے جائیں گے

بقیہ 12

آئسولیشن میں رکھا گیا ہے۔میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی میڈیا سے بانی پی ٹی آئی سے متعلق تشویش ناک خبریں آرہی ہیں۔سہیل آفریدی نے کہا کہ ہم اڈیالہ گئے، وہاں دومنٹ کے لیے نہیں ملنے دیا گیا، ہائی کورٹ بھی گئے پھر بھی ملاقات نہیں ہوسکی۔انہوں نے کہا کہ اسلام آباد ہائی کورٹ کے سامنے احتجاج کریں گے، پھر اڈیالہ جیل بھی جائیں گے۔وزیرِ اعلیٰ خیبر پختون خوا نے کہا کہ ہمیں تصادم کی طرف لے جانے کی کوشش ہو رہی ہے لیکن ہم نہیں جائیں گے۔انہوں نے کہا کہ میں بحیثیت وزیر اعلیٰ اور بحیثیت پارٹی کارکن بھی کام کر رہا ہوں۔سہیل آفریدی نے کہا کہ صوبے کے وزیرِ اعلیٰ کا نام اسٹاپ لسٹ میں ڈالا گیا ہے، اس صوبے کے وزیرِ اعلیٰ کے ساتھ امتیازی سلوک کیا جارہا ہے۔

بقیہ 13

نجی ٹی وی کے مطابق نئے گورنر خیبر پختونخوا کے لیے 6 نام زیر غور ہیں، زیر غور ناموں میں تین سیاسی شخصیات اور تین سابق فوجی افسران شامل ہیں۔ذرائع کے مطابق گورنر کے لیے امیر حیدر خان ہوتی، آفتاب شیر پاؤ، پرویز خٹک، لیفٹیننٹ جنرل (ر) خالد ربانی، لیفٹیننٹ جنرل (ر) غیور محمود اور لیفٹیننٹ جنرل (ر) طارق خان کے نام زیر غور ہیں۔لیفٹیننٹ جنرل (ر) غیور محمود اور لیفٹیننٹ جنرل (ر) طارق خان سابق آئی جی ایف سی رہ چکے ہیں جبکہ لیفٹیننٹ جنرل (ر) خالد ربانی سابق کور کمانڈر پشاور رہ چکے ہیں۔

بقیہ 14

زیر اہتمام معذور افراد میں الیکٹرانک ویل چیئر کی تقسیم کے حوالے سے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔احسن اقبال نے کہا کہ معذور افراد معاشرے کا اہم حصہ ہیں جن کو کسی صورت بھی نظرانداز نہیں کیا جاسکتا، پنجاب حکومت ان افراد کی مشکلات سے بخوبی آگاہ ہے، ایسے افراد کی حوصلہ افزائی اور ان کے حقوق کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے اپنے تمام وسائل بروئے کار لارہی ہے، وزیر اعلی پنجاب مریم نواز کی طرف سے خصوصی افراد میں الیکٹرانک ویل چیئرز کی فراہمی بھی اسی سلسلہ کی کڑی ہے۔احسن اقبال نے کہا کہ معذور افراد معاشرے میں بوجھ نہیں بلکہ ہمیں ان کا سہارا بننا ہے اور ان کی خدمت کرنی ہے ان کی خدمت سے اللہ راضی ہوتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ہمیں معاشرے کے معذور افراد کی بھرپور حوصلہ افزائی کر کے انہیں مفید شہری بنانا ہے۔وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا کہ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز کی طرف سے معذور افراد کی بحالی کے لئے الیکٹرک ویل چیئرز واکنگ سٹینڈ ،سٹک ودیگر اشیاء کی مفت فراہمی ایک احسن اقدام ہے ۔پہلے مرحلہ میں محکمہ سوشل ویلفیئر نارووال کی طرف سے معذور افراد میں 37 الیکٹرک ویل چیئرز، بچوں کے لیے 5 مینول ویل چیئرز 16 ٹرائی سائیکل ، 1 واکنگ فریم 4 نابینا افراد کے لیے 6 سٹک اور 3 البو کلپرز تقسیم کی گئیں۔

بقیہ 15

وزیر اعظم کی ہدایت کے مطابق غیر قانونی بنانے والی فیکٹریوں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں جس کے دوران کوئی سیاسی دباؤ قبول نہیں کیا جارہا ہے۔دوسری جانب میڈیا کے رابطے پر گفتگو میں سینیٹر دلاور خان نے کہا کہ میں گاؤں نہیں گیا، فیکٹری پر چھاپے کا کوئی علم نہیں۔

بقیہ 16

متعلق ٹک ٹاک پر ویڈیو بھی پوسٹ کی تھی، ویڈیو میں افغان شہری نے کہا تھا کہ وہ بم سے فورٹ ورتھ شہر کو نشانہ بنائے گا۔محمد داؤد الوک زئی کو 7 ستمبر 2022 کو امریکا میں مستقل رہائش (گرین کارڈ) دیا گیا تھا، داؤد کو منگل کے روز ڈیپارٹمنٹ آف ہوم لینڈ سکیورٹی کی جانب سے حراست میں لیا گیا تھا اور اب اس پر مقدمہ چلایا جارہا ہے۔خیال رہے کہ گزشتہ دنوں امریکی تفتیش کاروں نے وائٹ ہاؤس کے قریب نیشنل گارڈز کے اہلکاروں پر فائرنگ کرنے والے افغان شہری رحمان اللہ لکنوال کو گرفتار کیا تھا، رحمان اللہ بھی 2021ء میں امریکا آیا تھا۔

بقیہ 17

عزم پر قائم ہے، افسوس ہے پاکستان کا موقف اور زمینی حقائق اقوام متحدہ کے بیان میں شامل نہیں کیے گئے۔ترجمان نے کہا کہ ہائی کمشنر خودمختار فیصلوں کا احترام کریں اور سیاسی تعصب اور غلط معلومات پر مبنی تبصروں سے گریز کریں۔واضح رہے کہ اقوامِ متحدہ کے انسانی حقوق کے کمشنر نے گزشتہ روز کہا تھا کہ پاکستان میں جلد بازی میں منظور کی گئی آئینی ترمیم عدلیہ کی آزادی کو کمزور کرتی ہے۔ اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کے کمشنر نے کہا تھا کہ گزشتہ سال 26 ویں آئینی ترمیم کی طرح یہ ترمیم بھی وکلاء برادری اور سول سوسائٹی سے بڑے پیمانے پر مشاورت اور بحث کے بغیر کی گئی۔

بقیہ 18

کے مشیر جنرل (ر) ناصر جنجوعہ، صفدر علی خان سمیت دیگر معزز شرکاء نے شرکت کی۔اس تقریب کا اہتمام سرزمین فورم کے چیئرمین صفدر خان نے کیا۔مقررین نے زور دیا کہ پاکستان کو اپنی خارجہ پالیسی کے فیصلے جذبات کے بجائے قومی مفاد کی بنیاد پر کرنے چاہئیں۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چینی قونصل جنرل ژاؤ شرین نے کہا کہ انہیں چین۔پاکستان دوستی پر بات کرنے کا اعزاز حاصل ہوا، جو ان کے بقول ''منفرد اور آزمودہ'' ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ تعلق صدیوں پرانی مشترکہ تہذیبوں میں جڑا ہوا ہے اور گزشتہ 74 برسوں کی سفارتی دوستی نے اسے مزید پائیدار بنایا ہے۔انہوں نے بتایا کہ اس سال دونوں ممالک کے درمیان اعلیٰ سطحی روابط میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، جن میں وزیر اعظم شہباز شریف کا دورہ چین اور 2029 تک 63 تعاون کے شعبوں پر مشتمل ایکشن پلان پر دستخط شامل ہیں۔سی پیک کا عشرہ مکمل ہونے پر روشنی ڈالتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس منصوبے کے تحت 25.93 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری آئی، 2 لاکھ 61 ہزار روزگار کے مواقع پیدا ہوئے، 510 کلومیٹر موٹرویز تعمیر ہوئیں، 8 ہزار میگاواٹ سے زائد بجلی شامل ہوئی، اور 886 کلومیٹر ٹرانسمیشن لائنز کا اضافہ ہوا۔اورنج لائن میٹرو، ہائر-ربا اکنامک زون، قائداعظم سولر پارک اور چشمہ نیوکلیئر پاور پلانٹ جیسے منصوبے لاکھوں افراد کو براہ راست فائدہ پہنچا چکے ہیں۔انہوں نے کہا کہ سی پیک اب ''اعلیٰ معیار'' کے دوسرے مرحلے میں داخل ہو رہا ہے، جس کا محور پانچ راہداریوں پر ہے جن میں ترقی، روزگار، جدت، سبز توانائی، اور کھلا تعاون شامل ہے۔دوسرا مرحلہ صنعت، زراعت اور معدنیات میں اشتراک بڑھائے گا اور آئی ٹی، مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل معیشت جیسے نئے شعبوں کو فروغ دے گا۔قونصل جنرل نے بتایا کہ چین کی 15 ویں پانچ سالہ منصوبہ بندی اور جاری جدیدیت کے عمل سے پاکستان کے وژن ''اڑان پاکستان'' کے مطابق نئے مواقع پیدا ہوں گے، جن سے نوجوانوں کے لیے ہنرمند روزگار کے دروازے کھلیں گے۔انہوں نے زور دیا کہ بدلتے ہوئے عالمی منظرنامے میں چین۔پاکستان شراکت داری استحکام کا ستون بنی ہوئی ہے۔دونوں ممالک ترقی، سلامتی اور ثقافتی تعاون کے عالمی اقدامات کی حمایت کرتے ہوئے علاقائی امن اور عالمی معاشی بحالی میں کردار ادا کر رہے ہیں۔اپنے خطاب کے اختتام پر انہوں نے پاکستان کی ترقی، سرمایہ کاری اور دیرپا خوشحالی کے لیے چین کی مضبوط حمایت کا اعادہ کیا اور یقین ظاہر کیا کہ دونوں ممالک امن اور ترقی کے لیے ''مشترکہ مستقبل کی برادری'' کی تعمیر جاری رکھیں گے۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے محمد مہدی نے کہا کہ پاکستان کے امریکہ اور چین کے ساتھ تعلقات طویل تاریخوں پر مبنی ہیں، جن میں تعاون، چیلنجز اور بدلتی ہوئی پالیسیاں شامل رہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ اگرچہ ابتدائی برسوں میں امریکہ نے پاکستان کی حمایت کی، مگر بعد میں پابندیاں بھی عائد کیں، جنہوں نے پاکستان کی اسٹریٹجک سوچ کو بہت متاثر کیا۔انہوں نے نشاندہی کی کہ 2019 کے بالاکوٹ واقعہ کے بعد چین نے پاکستان کی خودمختاری کے حق میں زیادہ واضح موقف اختیار کیا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان بیک وقت امریکہ اور چین دونوں کے ساتھ مضبوط تعلقات رکھ سکتا ہے، مگر اس کے لیے جذبات یا علامتی بیانات کے بجائے حقیقت پسندی اور جامع فیصلوں کی ضرورت ہے۔سی پیک پر بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ دونوں ممالک کے درمیان سب سے مضبوط اقتصادی شراکت داری ہے، مگر عمل درآمد میں تاخیر نے عوامی سطح پر اس کے فوائد محدود کر دیے ہیں۔انہوں نے زور دیا کہ سی پیک فیز 2 کے اعلان سے زیادہ اہم یہ ہے کہ عام پاکستانیوں کی روزمرہ زندگی میں حقیقی بہتری نظر آئے۔

بقیہ 19

کی فوری رسائی یقینی بنائی جائے۔انہوں نے فلسطینی سرزمین کے غیر قانونی قبضے کے خاتمے اور دو ریاستی حل کی جانب ناقابل واپسی پیشرفت کی ضرورت پر بھی زور دیا۔اقوام متحدہ کی رپورٹ کے مطابق گزشتہ دو سال میں اسرائیلی فورسز اور آبادکاروں نے مقبوضہ مغربی کنارے میں ایک ہزار سے زائد فلسطینیوں کو شہید کیا ہے۔

بقیہ 20

اس کے علاوہ مری، گلیات سمیت پنجاب کے مختلف شہروں میں بھی سردی رہے گی۔محکمہ موسمیات کے مطابق سیالکوٹ، نارووال، لاہور، شیخوپورہ، گوجرانوالہ ، گجرات ، جہلم ،فیصل آباد، جھنگ، ساہیوال، خانیوال، ملتان، ڈیرہ غازیخان، لیہ، کوٹ ادو اور بہاولپور میں دھند اور اسموگ متوقع ہے۔محکمہ موسمیات نے بتایا کہ بلوچستان کے شمالی اضلاع ، گلگت بلتستان اور کشمیر میں صبح اور رات کو شدید سردی کا امکان ہے جبکہ خیبر پختونخوا کے بیشتر اضلاع میں بھی موسم شدید سرد اور خشک رہے گا۔اس کے علاوہ پشاور، صوابی، مردان، ڈیرہ اسماعیل خان اور گردونواح میں چندمقامات پر دھند کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔

بقیہ 21

کارروائی کے بعد پراسیکیوشن کے حوالے کر دیا ہے۔

بقیہ 22

ملزمان مویشی چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث ہیں۔پولیس نے ملزمان کو ضروری قانونی کارروائی کے بعد پراسیکیوشن کے حوالے کر دیا ہے۔

بقیہ 23

کرم کے علاقہ چنارک میں واقع پولیس سٹیشن پر نامعلوم دہشت گردوں نے اچانک دھاوا بول کر شدید فائرنگ کردی جس کی زد میں آکر 2 پولیس اہلکاروں نے شہادت پائی اور ایک زخمی ہو گیا جبکہ پولیس کے جوانوں نے بہادری سے لڑتے ہوئے بھرپور مقابلہ کیا اور جوابی فائرنگ سے چار دہشت گردوں کو مارا جبکہ چھ دیگر زخمی ہو گئے۔اطلاعات کے مطابق شہید اہلکاروں اور زخمی پولیس اہلکار کو ہسپتال پہنچا دیا گیا۔بعض غیر مصدقہ اطلاعات کے مطابق دہشت گردوں کی بھاری ہتھیاروں سے فائرنگ کے نتیجے میں پولیس تھانہ کی عمارت میں آگ بھی لگی ہے۔اس واقعہ بارے سرکاری بیان سامنے نہیں آیا اور نہ ہی فوری طور پر مزید معلومات حاصل ہوسکیں۔

بقیہ 24

کے دوران 12 ہزار 814 گاڑیاں، موٹر سائیکلیں اور رکشے مختلف تھانوں میں بند کیے گئے۔ترجمان نے مزید بتایا کہ ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر 50 ہزار 480 چالان جاری کیے گئے اور 06 کروڑ 30 لاکھ روپے سے زائد جرمانے کیے گئے۔دھواں چھوڑنے والی 3511 گاڑیوں کے چالان، 384 گاڑیاں تھانوں میں بند جبکہ 03 گاڑیوں کے فٹنس سرٹیفکیٹ ضبط کیے گئے۔پنجاب بھر میں 42 ہزار 561 افراد کو ڈرائیونگ لائسنس جاری کیے گئے جبکہ گزشتہ 7 دنوں کے دوران 2 لاکھ 57 ہزار سے زائد چالان اور 20 کروڑ 30 لاکھ روپے جرمانے کیے گئے۔آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلا امتیاز سخت تعین کارروائیاں جاری رکھنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ترمیم شدہ ٹریفک قوانین، اصلاحات اور جدید نظام پر ہر صورت عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔آئی جی پنجاب نے ایس ایچ اوز اور ایس ڈی پی اوز کو بے ہنگم ٹریفک کے خاتمے اور حادثات سے بچا کے لیے مشترکہ اقدامات کی ہدایت بھی جاری کی۔انہوں نے کہا کہ اوورلوڈنگ، اوورسپیڈنگ، کم عمر ڈرائیورز اور ون وے کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری رکھی جائیں۔مزید برآں، ٹریفک چالانوں کے نادہندگان سے ریکوری کے لیے بھی موثر اقدامات کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

بقیہ 25

نے خانہ کعبہ کا طواف کیا، نوافل ادا کیے اور صفا و مروہ کے درمیان سنت نبویؐ کے مطابق سعی مکمل کی۔وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام نے اس بابرکت موقع پر ملک وملت کی سلامتی، استحکام اور خوشحالی کیلئے خصوصی دعائیں کیں اور نوافل ادا کیے۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ پاکستان کو امن، اتحاد اور ترقی کی راہوں پر ہمیشہ قائم ودائم رکھے۔

بقیہ 26

ڈاکٹر الحاج قاری محمد رمضان سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بجلی کی قیمتیں کم ہونے سے صنعتوں کی پیداواری لاگت اور ڈومیسٹک بلوں میں بھی کمی آئے گی جس سے مہنگائی کی شرح بھی مزید نیچے آئے گی ۔ایک سوال کے جواب پر انہوں نے کہا کہ چینی کہیں بھی مہنگی فروخت نہیں ہورہی ،متعلقہ ادارے تمام بڑے شہروں میں قیمتوں کو چیک کررہے ہیں، مختلف مقامات پر چینی کی قیمت 180 روپے کلو تک ہے، کرشنگ شروع ہوچکی ہے جس سے قیمتیں نیچے آئیں گی، بلوچستان اور کراچی سے اطلاعات ملی ہیں کہ وہاں چینی مہنگی فروخت ہورہی ہے ،دور دراز دیہات میں 200 روپے کلو فروخت ہورہی ہو تو اس بارے کچھ کہا نہیں جاسکتا البتہ میڈیا نے چینی مہنگی فروخت ہونے کا شور مچار کھا ہے۔رانا تنویر حسین نے مزید کہا کہ بھارت کو پاکستان کے ہاتھوں تاریخی شکست ہوئی اس کے سات جنگی جہاز تباہ ہوئے اسے وہ شکست چین نہیں لینے دے رہی ،اب اس نے افغانستان کے راستے خیبر پختونخواہ اور بلوچستان میں پراکسی وار شروع کر رکھی ہے، پاک افواج اور دیگر قانون نافذ کرنے والے ادارے اس پر توجہ مرکوز کئے ہوئے ہیں، بھارت کے سپانسرڈ فتنہ الخوارج کا ہر جگہ تعاقب کر کے انہیں جہنم واصل کیا جارہا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی کامیاب ڈپلومیسی کی وجہ سے بھارت آج دنیا میں تنہا ہو چکا ہے اور ان شاءاللہ پراکسی وار میں بھی بھارت کو منہ کی کھانا پڑے گی ۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پہلے دن سے کہہ رہی ہے کہ ملک وقوم کی خاطر تمام سیاسی جماعتیں مل بیٹھ کر مسائل حل کریں مگر بانی پی ٹی آئی عمران خان نے قسم کھا رکھی ہے کہ ملک وقوم کو سکون سے نہیں رہنے دینا ،ہم 2014 سے کہہ رہے ہیں عمران خان کا کوئی سیاسی ایجنڈا نہیں، اس کی جماعت کا سیاسی ایجنڈا ہوتا تو کبھی دھرنا گالم گلوچ اسمبلیاں توڑنے کی سیاست نہ کی جاتی ،ان کا ایجنڈا ہی پاکستان کو غیر مستحکم کرنا ہے ،ملک دشمن قوتیں اب بھی اس کے پیچھے کام کر رہی ہیں لیکن انہیں کبھی کامیابی نہیں ملے گی کیونکہ قوم ان کی ملک دشمنی کی سیاست اور چہرے کو دیکھ چکی ہے ۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کے معاشی اشاریے درست سمت پر ہیں ، پاکستان آگے بڑھ رہا ہے، عالمی ادارے بھی پاکستان کی ترقی کرتی معیشت کے معترف ہیں، وزیر اعظم اور فیلڈ مارشل کی دن رات کوشش ہے کہ پاکستان ترقی کی طرف گامزن رہے۔

بقیہ 27

آوٹ تقاضے متعارف کرانے کا فیصلہ کیا گیا، ٹیلی کام انفرا اسٹرکچر میں اضافے کیلئے لائسنس میں سخت شرائط شامل ہیں۔پی ٹی اے نے غیر فعال لائسنس ہولڈرز کی بڑی تعداد پر تشویش کا اظہار کیا ہے، کمزور رول آؤٹ اور غیر فعال لائسنسز پر شدید تشویش کا اظہار کیا، اب سخت شرائط اور سالانہ اہداف لازمی پورے کرنے ہوں گے۔دستاویز کے مطابق لائسنس ہولڈرز کیلئے سالانہ 60 کلومیٹر فائبر بچھانا لازم ہوگا، ٹی آئی پی آپریٹرز کو ہر سال 10 ٹاورز یا ریڈیو لنکس لگانا ہوں گے، سب میرین کیبل لینڈنگ اسٹیشنز کیقیام کی ٹائم لائن پر عملدرآمد ضروری ہوگا۔پی ٹی اے دستاویز کے مطابق زیادہ تر ٹی آئی پی لائسنس ہولڈرز نے لائسنس کے تقاضے پورے نہیں کیے، 24 میں سے صرف 14 ٹی آئی پی لائسنس ہولڈرز نے فائبر نیٹ ورک بچھایا، 6 کمپنیوں نے 300 کلومیٹر یا اس سے زائد فائبر بچھایا، لازمی رول آؤٹ سے غیر فعال لائسنسز کا خاتمہ ہوگا، دستاویز کے مطابق کمزور رول آؤٹ قومی براڈبینڈ اہداف کے حصول کو متاثر کر رہا ہے، مجوزہ اصلاحات سے ٹیلی کام انفرا اسٹرکچر میں نمایاں بہتری آئے گی ،نئی پالیسی سے سرمایہ کاری بڑھے گی اور فائبرائزیشن کے اہداف تیز ہوں گے، پی ٹی اے نے اسٹیک ہولڈرز سے ان کی رائے اور متبادل تجاویز بھی طلب کرلی ہیں۔

بقیہ 28

فلسطینی مارے جاچکے ہیں، جنگ کے آغاز سے اب تک غزہ میں 70000 سے زائد افراد اپنی جانیں گنوا چکے ہیں۔انہوں نے کہا کہ شرم الشیخ میں دستخط کیے گئے اس معاہدے کا مقصد خطے میں استحکام لانا تھا، تاہم اسرائیل کی کارروائیوں نے اس کی معاہدے پر عمل درآمد کی نیت پر سوالات اٹھا دیے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایمنسٹی انٹرنیشنل نے خبردار کیا ہے کہ اسرائیل کا نسل کشی کا عمل ختم نہیں ہوا، اور بین الاقوامی برادری، خصوصاً مغربی حکومتوں، کو چاہیے کہ اسرائیل پر بین الاقوامی قانون کی پابندی کے لیے دباؤ جاری رکھیں۔وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا کہ وہ مسلم ممالک جنہوں نے معاہدے کی حمایت کی تھی، ترکی، مصر اور قطر کو جاری تشدد کے پیش نظر اپنے موقف پر نظرِ ثانی کرنے کی ضرورت پڑسکتی ہے، ترکیہ صدر رجب طیب اردوان پہلے ہی تشویش کا اظہار کر چکے ہیں۔

بقیہ 29

5 رکنی شریعت اپیلیٹ بینچ تشکیل دیدیا گیا جو جسٹس شاہد وحید کی سربراہی میں جسٹس عقیل احمد عباسی، جسٹس شکیل احمد، شریعت اپیل بینچ کی ایڈہاک رکن ، ڈاکٹر خالد مسعود اور ڈاکٹر قبلہ ایاز پر مشتمل ہے۔

بقیہ 30

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ آئی ایم ایف کے ساتھ اسٹاف لیول معاہدہ ہو چکا ہے، حکومت ڈھانچہ جاتی اصلاحات پر عمل پیرا ہے، پرائیویٹ سیکٹر ہی ملک کو لیڈ کرے گا، کلائمیٹ فنانسنگ بہت اہم ہے، مینوفیکچرنگ کے شعبے میں بہتری خوش آئند ہے، پائیدار ترقی کے لیے ادائیگی کا توازن اور کرنٹ اکاؤنٹ اہم ہیں، مجموعی طور پر برآمدات میں پانچ فیصد اضافہ ہوا ہے، معاشی بہتری کے تسلسل کو برقرار رکھنا ہے، آئی ٹی شعبے میں ماہانہ بنیادوں پر بہتری دیکھی جارہی ہے، پالیسی ریٹ کم ہونے کا قرض ادائیگی پر مثبت اثر مرتب ہوا، پانڈا بانڈ کا جلد اجراء کرنے جا رہے ہیں، ہم سب ''پاکستان فرسٹ'' کے ایجنڈے کو آگے لے کر چل رہے ہیں، این ایف سی ایوارڈ کے حوالے سے آئندہ ہفتے اجلاس ہوگا۔اتوار کو یہاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اُنہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف سے سٹاف لیول ایگریمنٹ ہو چکا ہے، کلائمیٹ فنانسنگ بہت ضروری ہے، اصلاحات کے عمل میں پیشرفت جاری ہے، حکومت ڈھانچہ جاتی اصلاحات پر عمل پیرا ہے، ہمیں گروتھ میں تسلسل برقرار رکھنا ہے، ایکسپورٹس میں 5 فیصد اضافہ ہوا ہے۔وفاقی وزیرِ خزانہ نے کہا کہ ایکسپورٹس ہماری مدد کر رہی ہیں، مینوفیکچرنگ کے شعبے میں بہتری خوش آئند ہے، پائیدار ترقی کیلئے ادائیگی کا توازن اور کرنٹ اکاؤنٹ اہم ہیں۔محمد اورنگزیب نے کہا کہ آئی ٹی شعبے میں ماہانہ بنیادوں پر بہتری دیکھی جارہی ہے، ہم نے امپورٹ پر بھی بہت نظر رکھی ہوئی ہے، ترسیلات زر میں بھی اضافہ ہو رہا ہے، راتوں رات کچھ بھی ممکن نہیں۔انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے کہا پرائیویٹ سیکٹر ہی ملک کو لیڈ کرے گا، رواں مالی سال ترسیلات زر 41 ارب ڈالر پر پہنچنے کا تخمینہ ہے، وزیراعظم نے کہا پرائیویٹ سیکٹر ہی ملک کو لیڈ کرے گا، حکومت نجی شعبے کی حوصلہ افزائی کر رہی ہے۔وفاقی وزیر خزانہ نے کہا کہ وزیر اعظم نے ایکسپورٹ ڈویلپمنٹ سرچارج ختم کرنے کی ہدایت کی ہے، ہم پرائیویٹ سیکٹر کی تجاویز سن رہے ہیں، پرائیویٹ سیکٹر کی اچھی تجویز پر جلد سے جلد کام ہوگا۔محمد اورنگزیب نے کہا کہ وزیراعظم نے ایکسپورٹ ڈویلپمنٹ سرچارج ختم کرنے کی ہدایت کی ہے، ایکسپورٹ ڈویلپمنٹ سرچارج کے خاتمے کی کابینہ سے منظوری کیلئے سمری بھیجی جا چکی ہے، پالیسی ریٹ کم ہونے کا قرض ادائیگی پر مثبت اثر مرتب ہوا۔اُنہوں نے کہا کہ جلد پانڈا بانڈ کا اجرا کرنے جار ہے ہیں، این ایف سی ایوارڈ کے حوالے سے آئندہ ہفتے اجلاس ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ہم سب پاکستان فرسٹ ایجنڈے کو آگے لے کر چلیں گے، ڈھانچہ جاتی اصلاحات کے ساتھ ادارہ جاتی اصلاحات پر پیشرفت بھی اہم ہے۔

بقیہ 31

اقلیتی اور صحافتی تنظیموں کے نمائندگان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔تقریب سے قونصل جنرل خالد مجید، بیرسٹر امجد ملک، چوہدری اکرم گجر، مسعود احمد پوری اور شیخ سعید احمد نے خطاب کیا۔مقررین نے بیرسٹر امجد ملک کو سعودی عرب آمد پر خوش آمدید کہا اور اوورسیز پاکستانیوں کے لئے ان کی نمایاں خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔مقررین نے قونصل جنرل خالد مجید کی چھ سالہ خدمات کو انتہائی سراہا، خصوصا جدہ قونصلیٹ کی نئی عمارت کی تعمیر کو ان کی بڑی کامیابی قرار دیا۔اپنے الوداعی خطاب میں قونصل جنرل خالد مجید نے کہا کہ سعودی عرب میں ان کا چھ سالہ دورانیہ پاکستانی کمیونٹی کی خدمت کے نام رہا۔انہوں نے کمیونٹی کے بھرپور تعاون پر شکریہ ادا کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ یہ رشتہ ہمیشہ مضبوط رہے گا۔انہوں نے بیرسٹر امجد ملک کو کمیونٹی کے چند اہم مسائل سے بھی آگاہ کیا۔وائس چیئرمین اوورسیز پاکستانی کمیشن پنجاب بیرسٹر امجد ملک نے اپنے خطاب میں کہا کہ سعودی عرب میں مقیم پاکستانی وطنِ عزیز کے لئے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں اور ملکی زرمبادلہ میں ان کا حصہ قابلِ فخر ہے۔انہوں نے وزیراعلی پنجاب محترمہ مریم نواز کے دور میں اوورسیز پاکستانیوں کے لئے کئے گئے اقدامات سے بھی شرکا کو آگاہ کیا۔بیرسٹر امجد ملک نے منتظمین تقریب کو ایک پروقار اور شاندار کمیونٹی تقریب کا اہتمام کرنے پر مبارک باد بھی پیش کی۔آخر میں منتظمین کی جانب سے قونصل جنرل خالد مجید، بیرسٹر امجد ملک اور شیخ سعید احمد کو اعزازی شیلڈز اور تحائف پیش کیے گئے۔

بقیہ 32

دوسرے حصے میں پنجاب کی بڑی جامعات کے طلبہ کے ساتھ ایک انٹرایکٹو مکالمہ ہوا۔گفتگو کا ایک بڑا حصہ آئین پاکستان میں نومبر 2025 میں منظور ہونے والی ستائیسویں آئینی ترمیم سے متعلق تھا۔سپیکر ملک محمد احمد خان نے اس ترمیم کا بھرپور دفاع کیا اور اسے ادارہ جاتی اصلاحات کی ایک ناگزیر کوشش قرار دیا جس کا مقصد آئینی اداروں کے درمیان کشیدگی کم کرنا، عدالتی دائرہ اختیار کو واضح کرنا، اور طویل المدتی انتظامی استحکام کو یقینی بنانا ہے۔انہوں نے زور دیا کہ وفاقی آئینی عدالت کا قیام آئینی مقدمات کو منظم کرنے، عدالتوں کے درمیان دائرہ اختیار کے تصادم کو کم کرنے اور عدالتی کارکردگی میں بہتری لانے میں مدددے گا۔انہوں نے کہا کہ آئینی تعبیر میں استحکام حکمرانی، معاشی تسلسل اور وفاقی ڈھانچے کی مضبوطی کے لیے ناگزیر ہے۔سپیکر ملک محمد احمد خان نے یہ بھی وضاحت کی کہ پنجاب اسمبلی قانون سازی، نگرانی اور نمائندگی کے ذریعے شہریوں کی زندگیوں پر کس طرح اثرانداز ہوتی ہے۔انہوں نے نوجوانوں کی جمہوریت میں شمولیت کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اسمبلی کی اخلاقی حیثیت اس وقت مزید مضبوط ہوتی ہے جب عوامخصوصا نوجوان اپنے منتخب نمائندوں سے براہِ راست مکالمہ کرتے ہیں۔

بقیہ 33

سے تفتیش کی جاچکی ہے، حملہ آوروں کی رحمان بابا قبرستان سے فیڈرل کانسٹیبلری ہیڈکوارٹرز تک آمد کی فوٹیج حاصل کرلی گئی ہے۔تفتیشی حکام کے مطابق تفتیشی ٹیم سہولت کار کا کھوج لگا رہی ہے، حملے کے دن خودکش حملہ آوروں کے زیر استعمال کوئی موبائل فون نہیں تھا۔واضح رہے کہ 24 نومبر کو فیڈرل کانسٹیبلری ہیڈکوارٹرز میں خودکش دھماکے ہوئے تھے۔

بقیہ 34

ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر 3195 قانون شکن گرفتار اور 3215 مقدمات درج کئے گئے۔حکام کے مطابق 12 ہزار 814 گاڑیاں، موٹر سائیکلیں اور رکشے تھانوں میں بند کر دیئے گئے، ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر 50 ہزار 480 چالان کئے جن میں 6 کروڑ 30 لاکھ روپے سے زائد جرمانے عائد کئے گئے۔ترجمان نے مزید بتایا کہ دھواں چھوڑنے والی 3511 گاڑیوں کے چالان ہوئے جبکہ 384 گاڑیاں تھانوں میں بند کی گئیں، 3 گاڑیوں کے فٹنس سرٹیفکیٹ ضبط کئے گئے، جبکہ 42 ہزار 561 افراد کو ڈرائیونگ لائسنس جاری کئے گئے۔

بقیہ 35

کہ مدوکالہواں چوکی کے قریب دو موٹر سائیکل سوار تیز رفتاری اور غفلت کے باعث آپس میں ٹکرا کر گر گئے جس کے نتیجہ میں ایک موٹر سائیکل سوار 30 سالہ طاہر ولد اقبال زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے موقع پر جاں بحق ہو گیا جبکہ 42 سالہ مطلوب ولد یعقوب شدید زخمی ہو گیا۔اطلاع ملتے ہی ریسکیو اہلکاروں نے موقع پر پہنچ کر شدید زخمی شخص کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد اسے تشویشناک حالت میں ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال نارووال منتقل کر دیا۔

بقیہ 36

16 مختلف میونسپل کارپوریشنز کے وفود نے شرکت کی۔تربیتی پروگرام کا انعقاد واسا لاہور، پاکستان واٹر آپریٹرز پارٹنرشپ پروگرام اور یونیسف کے تعاون سے کیا گیا۔بریفنگ میں بتایا گیا کہ تربیتی پروگرام میں شرکاء کو سروس ڈیلیوری سسٹم اور شہری سہولیات میں بہتری سے متعلق ٹریننگ دی گئی ہے۔تربیتی پروگرام میں ادارہ جاتی حکمت عملی، تنظیمی ڈھانچہ، پالیسی، پلاننگ اور ڈیجیٹلائزیشن کے حوالے سے آگاہی فراہم کی گئی۔اپنے خطاب میں وزیر ہاؤسنگ پنجاب بلال یاسین نے کہا کہ ایسے تربیتی پروگرام سے میونسپل کمیٹیز کے سٹاف کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ ممکن ہو سکے گا۔واسا لاہور کی جدید اصلاحات اور میونسپل سروسز کی بہتری کیلئے تجاویز قابل عمل اور حوصلہ افزا ہیں۔ایچ آر، کمرشل مینجمنٹ اور ریونیو ماڈلنگ اور ڈیجیٹلائزیشن کے حوالے سے تربیت کی فراہمی وقت کی ضرورت ہے۔ وائس چیئرمین واسا لاہور چودھری شہباز نے کہا کہ میونسپل کارپوریشنز کے شرکاء واسا لاہور کے تجربات سے استفادہ کریں گے، تربیتی پروگرام کے شرکاء میں سیشن کے اختتام پر سرٹیفکیٹس بھی تقسیم کیے گئے۔اس موقع پر ڈی جی واسا پنجاب طیب فرید اور ایم ڈی واسا لاہور غفران احمد بھی شریک تھے۔

راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی حدود میں چکلالہ روڈ پر غیرقانونی اور جعلی ہاؤسنگ سوسائٹیز کی بھرمار

سادہ لوح معصوم شہریوں کے کروڑوں اربوں روپے داؤ پر لگ گئے

راولپنڈی (رپورٹر پنڈی ٹوڈے) راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی آر ڈی اے کی حدود میں چکلالہ روڈ پر غیر قانونی اور جعلی ہاؤسنگ سوسائٹیز کی بھرمار سادہ لوح معصوم شہریوں کے کروڑوں اربوں روپے داؤ پر لگ گئے آر ڈی اے شعبہ پلاننگ افسران اور اہلکار خواب خرگوش [illegible] کی کارکردگی بھی حض فوٹو سیشن تک محدود ہو کر رہ گئی جس کی وجہ سے عوامی حلقوں میں سخت تشویش کی لہر دوڑ گئی تفصیلات کے مطابق محکمہ آرڈی اے افسران [illegible] ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہیں ڈی جی آرڈی اے جنہوں نے اپنا چارج سنبھالنے کے بعد غیر قانونی ہاوسنگ سوسائٹی کے خلاف [illegible] سوسائٹی مالکان مقدمات درج ہونے کے باوجود دفتر میں منڈلاتے نظر آتے ہیں جو کہ ڈی جی آرڈی اے کے لئے لمحہ فکریہ ہے

راولپنڈی ڈویژن میں پوٹھوہاری زبان کو نصاب کا حصہ بنایا جائے: فیصل عرفان

پوٹھوہاری اور سرائیکی زبان کے ساتھ حکومت پنجاب کا مثبت رویہ خوش آئند بات ہے

دولتالہ (محمد عرفان قریشی) پوٹھوہاری زبان کے ساتھ حکومت پنجاب کا مثبت رویہ خوش آئند بات ہے [illegible] نے کہا کہ پوٹھوہاری زبان وادب کا فروغ ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے، پنجاب حکومت کا شمالی اور جنوبی پنجاب کے سکولوں میں پوٹھوہاری اور سرائیکی کو پروموٹ کرنے کے فیصلے کو سراہتے ہیں، وفاق کی سطح پر بھی دیگر پاکستانی زبانوں کے ساتھ ساتھ پوٹھوہاری کو اسکا جائز مقام دیا جائے۔

محمد رمضان چوہان انجمن تاجران سکھو موڑ کے پہلے صدر منتخب

تاجر اتحاد گروپ کے امیدواران کی شرکت سے تقریب حلف برداری اتحاد و یکجہتی کی مثال بن گئی

[illegible] موڑ کے مقام پر منعقد ہوئی، جس میں چیف الیکشن کمشنر کیپٹن (ر) چوہدری برکت حسین نے نومنتخب عہدیداران سے باضابطہ حلف لیا، تقریب میں نو منتخب صدر محمد رمضان چوہان، نائب صدر چوہدری اجمل عباس گجر، جنرل سیکرٹری راجہ یاسر جنجوعہ، سیکرٹری فنانس چوہدری صغیر اور سیکرٹری اطلاعات محمد شبیر کنور نے حلف اٹھا کر اپنی ذمہ [illegible] کے امیدواران ڈاکٹر ابرار محمود مرزا اور حاجی لیاقت کیانی نے شرکت کر کے نومنتخب پینل کو دلی مبارکباد پیش کی اور تاجر مفاد میں مل کر کام کرنے کے عزم کا [illegible] جانب سے انتخابات میں کلیدی کردار ادا کرنے پر چوہدری محسن کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے اعزازی شیلڈ سے نوازا گیا۔

راولپنڈی کی مرکزی صرافہ جیولرز تنظیم نے نیا ضابطۂ اخلاق اور ادارہ جاتی رہنما اصول جاری کر دیئے

یہ رہنما خطوط براہِ راست بانی وصدر پرویز اختر غازی کی نگرانی میں تیار کیے گئے ہیں

راولپنڈی (رپورٹر پنڈی ٹوڈے) راولپنڈی کی مرکزی صرافہ جیولرز تنظیم نے نیا ضابطۂ اخلاق اور ادارہ جاتی رہنما اصول جاری کر دیئے یہ رہنما خطوط براہِ راست بانی وصدر پرویز اختر غازی کی نگرانی میں تیار کیے گئے ہیں، جن کا مقصد مارکیٹ میں بہتر نظم وضبط، باہمی تعاون اور مثبت کاروباری ماحول کو فروغ دینا ہے۔ تنظیم کی جانب سے جاری اصول وضوابط کو تجارتی حلقوں میں پذیرائی حاصل ہوئی ہے جاری اعلامیے کے مطابق ہر رکن کے لیے ضروری ہے کہ وہ تنظیمی پالیسیوں کی پاسداری کرے، سیکیورٹی اقدامات میں تعاون کرے، تجارتی شفافیت برقرار رکھے اور مارکیٹ میں نظم و ضبط کے اصولوں کی پابندی کرے۔ پرویز اختر غازی نے تاجر برادری سے اپیل کی ہے کہ وہ داخلی انتشار، سوشل میڈیا پر غیر ضروری تبصرے اور باہمی اختلافات سے اجتناب کریں، تا کہ تنظیم ہم آہنگی کے ساتھ ترقی کر سکے۔ مزید براں، مارکیٹ کی نگرانی، تاجروں کے مسائل کے حل اور تنظیمی فیصلوں پر عمل درآمد کے لیے ایک خصوصی ٹیم بھی تشکیل دی جا رہی ہے۔ پرویز اختر غازی کے مطابق یہ اقدامات نہ صرف تنظیم کے ڈھانچے کو مضبوط کریں گے بلکہ تاجروں کے حقوق کے تحفظ کو بھی یقینی بنائیں گے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ پرویز اختر غازی کی قیادت میں یہ اصلاحات صرافہ جیولرز برادری کو ایک منظم اور مستحکم پلیٹ فارم فراہم کریں گی، جس سے کاروباری ماحول مزید شفاف اور ذمہ دار ہوگا۔

دسمبر آتے ہی مسیحی برادری میں خوشی کی ایک نئی لہر جنم لیتی ہے

کرسمس یسوع مسیح کی پیدائش کا دن ہے جو پوری دنیا میں 25 دسمبر کو جوش و جذبے کے ساتھ منایا جاتا ہے

اسلام آباد (رپورٹر پنڈی ٹوڈے) دسمبر آتے ہی مسیحی برادری میں خوشی کی ایک نئی لہر جنم لیتی ہے کرسمس یسوع مسیح کی پیدائش کا دن ہے جو پوری دنیا میں 25 دسمبر کو جوش وجذبے کے ساتھ منایا جاتا ہے کرسمس کی تیاریاں شروع ہو جاتی ہیں گلی محلوں، گرجا گھروں کو دلہن کی طرح سجایا جاتا ہے ہر طرف رشنیاں ہی روشنیاں لائیس خبصورتی ہی نظر آتی ہے چرنیاں بنائی جاتی ہیں کرسمس کیک کاٹے جاتے ہیں اور کرسمس ٹری کی ڈیکوریشن شروع ہو جاتی ہیں کرسمس پر شاپنگ مال سج جاتے ہیں، انجیل مقدس محبت وصلح کا پیغام دیتی ہے، پاکستان کی ترقی خوشحالی اور دفاع کے لئے مسیحی برادری کام کرتی رہے گی، کرسمس کے موقع پر تمام گرجا گھروں کی سیکورٹی سخت فول پروف کرنے پر انسپکٹر جنرل آف پولیس سید علی ناصر رضوی، ڈی آئی جی محمد جواد طارق، ایس ایس پی آپریشن قاضی علی رضا کی تمام مسیحی برادری ان کی مشکور ہیں ان کو سلام پیش کرتی ہے اور وفاقی دارالحکومت میں غیر قانونی اسلحہ رکھنے اس کی نمائش کرنے والوں سے اسلام آباد کو پاک کرنے کی مہم کے کا آغاز کا خیر مقدم کرتے ہیں، کرسمس عبادات دوران گرجا گھروں میں داخلہ واک تھرو گیٹ سے ہوگا سیکورٹی کے لیے انتظامیہ سے بھر پور تعاون ہوگا، حکومت وقت سے اپیل کرتے ہیں غریب محنت کش مسیحی برادری کو بھی بیت المال سے مالی امداد دی جائے، کرسمس پر تمام مسیحی برادری کو خصوصی عید اعزازیہ دیا جائے، کنٹریکٹ اور ڈیلی ویجز سینٹری ورکرز مستقل کئے جائیں، کرسمس کی خوشی میں ملک بھر کی جیلوں میں قید تمام مسیحی قیدیوں کی سزا میں معافی دی جائے، ان خیالات کا اظہار پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی مسیحی رہنما راشد چوہان، پاسٹر قیصر، پاسٹر جمشید، پاسٹر آصف، پاسٹر وکرم، پاسٹر ایوب نے اپنے بیان میں کیا۔ ان انہوں نے کہا کہ پاکستان کے مسیحیوں نے تحریک پاکستان میں بھی بھرپور حصہ لیا قائداعظم کے شانہ شانہ قیام پاکستان کے لئے قربانیاں دیں، پاکستان کے لئے ہماری جانیں حاضر ہیں۔ ذوالفقار علی بھٹو اور بے نظیر بھٹو شہید نے اقلیتوں کو بے پناہ حقوق دیئے، کرسمس تک روزان کیک کاٹے جائیں گے، سابق چیرمین سینٹ نیر حسین بخاری، سینیٹر شیریں رحمن، انچارج پیپلز پارٹی سینٹرل سیکرٹریٹ سید سبط الحیدر بخاری المعروف سبطی شاہ، ایم پی اے نرگس فیض ملک، پیپلز پارٹی کے ضلعی صدر اور سابق صدر اسلام آباد بار راجہ شکیل عباسی ایڈووکیٹ کی قیادت میں پیپلز پارٹی کے دفاتر میں بھی کرسمس کیک کاٹنے کے پروگرام بنائے گئے ہیں۔

فقیر آباد ڈویژن کے تھانہ پھندو پولیس کی کامیاب کاروائی

نانبائی کے اندھا قتل کا ڈراپ سین، قتل میں مقتول کی بیوی اور بھائی ملوث نکلے

پشاور (کرائمز رپورٹر) افسران بالا کی خصوصی ہدایات پر ایس پی فقیر آباد ڈویژن محمد ارشد خان کی نگرانی میں ڈی ایس پی گلبہار سرکل احسان مروت، ڈی ایس پی انوسٹی گیشن نیاز محمد خان، ایس ایچ او تھانہ پھندو سہیل خان اور تفتیشی آفیسر وارث خان نے کامیاب کاروائی کے دوران 27 نومبر کو توحید کالونی میں نانبائی لیاقت ولد عبد الہادی سکنہ افغانستان حال شہید آباد کے اندھے قتل کا سراغ لگا کر ملوث ملزمان کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان میں مقتول کی بیوی مسماۃ (م) دختر فاتح الرحمان، بھائی بلال ولد عبد الہادی اور بلال کا دوست سہولت کار عدنان ولد غریب گل سکنہ بیری باغ ملوث نکلے، مقتول کی بیوی کا اس کے بھائی بلال کیساتھ اشنائی تعلقات تھے، ملزمان نے منصوبہ بندی کے تحت راستے سے ہٹانے کیلئے لیاقت کو قتل کر دیا تھا واقعہ کے حوالے سے 27 نومبر 2025 کو مقتول کے بھائی مدعی شوکت ولد عبدالہادی سکنہ افغانستان حال شہید آباد نے پولیس کو اپنے بھائی لیاقت کے نامعلوم ملزمان کے خلاف قتل کی رپورٹ کی تھی، جس کی رپورٹ پر مقدمہ درج کر کے مختلف پہلوؤں پر تفتیش شروع کردی گئیا فسران بالا نے اندھے قتل کیس کا سختی سے نوٹس لیتے ہوئے ملوث ملزمان کا سراغ لگانے اور گرفتاری کیلئے ایس پی فقیر آباد ڈویژن محمد ارشد خان کی نگرانی میں ڈی ایس پی گلبہار سرکل احسان مروت، ڈی ایس پی انوسٹی گیشن نیاز محمد خان، ایس ایچ او تھانہ پھندو سہیل خان اور تفتیشی آفیسر وارث خان پر مشتمل خصوصی ٹیم نے ٹیکنیکل بنیادوں اور مختلف پہلوؤں پر جامع تفتیش کے دوران واقعہ میں ملوث ملزمان کا سراغ لگا کر گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان میں مقتول کی بیوی مسماۃ (م) دختر فاتح الرحمان، بھائی بلال ولد عبد الہادی اور بلال کا دوست سہولت کار عدنان ولد غریب گل سکنہ بیری باغ ملوث نکلے، مقتول کی بیوی کا اس کے بھائی بلال کیساتھ اشنائی تعلقات تھے، ملزمان نے منصوبہ بندی کے تحت راستے سے ہٹانے کیلئے لیاقت کو قتل کر دیا تھا، گرفتار ملزمان کے قبضے سے آلہ قتل 30 بور پستول اور واردات میں استعمال شدہ موٹر سائیکل بھی برآمد کرلیا ہے جن سے مزید تفتیش جاری ہے

پھاٹا کی جانب سے عوامی اطلاع؛ منظور شدہ ہاؤسنگ اسکیمز میں ہی سرمایہ کاری کی ہدایت

انتظامیہ کے مطابق پھاتا کا مقصد شہریوں کو سستی اور معیاری رہائشی سہولیات فراہم کرنا ہے

راولپنڈی (پریس ریلیز): پنجاب ہاؤسنگ اینڈ ٹاؤن پلاننگ ایجنسی (PHATA) نے عوام اور افورڈیبل پرائیویٹ ہاؤسنگ اسکیموں کے ممکنہ خریداروں کو ہدایت کی ہے کہ وہ صرف انہی ہاؤسنگ اسکیموں میں سرمایہ کاری کریں جو باقاعدہ طور پر پھاتا سے منظور شدہ ہوں۔ انتظامیہ کے مطابق پھاتا کا مقصد شہریوں کو سستی اور معیاری رہائشی سہولیات فراہم کرنا ہے، جس کے لیے افورڈیبل پرائیویٹ ہاؤسنگ اسکیمز (APHS) کے قواعد پر سختی سے عمل کیا جا رہا ہے۔ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ مختلف اسکیموں کی منظوری یا نامنظوری کی تصدیق کے لیے خصوصی پورٹل https://ahs.punjab.gov.pk فعال کر دیا گیا ہے، جہاں ہر منظور شدہ اسکیم کا لے آؤٹ پلان اور الاٹ کردہ پلاٹ نمبر بھی چیک کیا جا سکتا ہے۔ پھاتا نے واضح کیا ہے کہ کسی بھی نامنظور شدہ ہاؤسنگ اسکیم یا ایسے پلاٹ میں سرمایہ کاری کی ذمہ داری خریدار پر عائد ہوگی جو منظور شدہ لے آؤٹ پلان کا حصہ نہ ہو۔ یہ ہدایات ریجنل ڈائریکٹر پنجاب ہاؤسنگ اینڈ ٹاؤن پلاننگ ایجنسی گلزار قائد راولپنڈی کی جانب سے جاری کی گئی ہیں۔

PHATA

PUBLIC NOTICE

The primary objective of the Punjab Housing and Town Planning Agency (PHATA) is to ensure the provision of affordable housing units in accordance with the prevailing PHATA Affordable Private Housing Scheme (APHS) Rules.

The general public and prospective purchasers of Affordable Private Housing Schemes are hereby informed to invest only in schemes duly approved by PHATA. The following link is operational for verifying whether a scheme is approved or unapproved:

https://ahs.punjab.gov.pk

The layout plan (LOP) of each approved APHS is also available on the portal for verification of the assigned plot number. PHATA shall not be responsible for any investment made in an unapproved scheme or in any plot that is not part of the approved Layout Plan.

REGIONAL DIRECTOR
PUNJAB HOUSING & TOWN PLANNING AGENCY
(PHATA) GULZAR-E-QAID RAWALPINDI
PHONE NO.051-5191909

امتحان میٹرک نہم پارٹ ون اور دہم پارٹ ٹو/کمپوزٹ، پہلا سالانہ 2026 کیلئے آن لائن داخلہ فارمز مع امتحانی فیس مع ہارڈ کاپی/کٹ لسٹ کی وصولی کے شیڈول میں توسیع کردی گئی

امتحان میٹرک پہلا سالانہ 2026 مورخہ 03 مارچ 2026 سے شروع ہوگا

(رپورٹر پنڈی ٹوڈے) بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، راولپنڈی کے زیر اہتمام امتحان میٹرک نہم پارٹ ون اور دہم پارٹ ٹو/کمپوزٹ، پہلا سالانہ 2026 کیلئے آن لائن داخلہ فارمز مع امتحانی فیس مع ہارڈ کاپی/کٹ لسٹ کی وصولی کے شیڈول میں توسیع کردی گئی ہے۔ امتحان میٹرک

پہلا سالانہ 2026 مورخہ 03 مارچ 2026 سے شروع ہوگا ترجمان بورڈ ارسلان علی چیمہ کے مطابق سنگل فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول ہونے کی آخری تاریخ 10 دسمبر 2025، دوگنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول ہونے کی آخری تاریخ 23 دسمبر 2025، تین گنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ 06 جنوری 2026، تین گنا فیس اور مبلغ 200/- روپے یومیہ جرمانہ کے ساتھ آخری تاریخ 10 فروری 2026 جبکہ تین گنا فیس مع مبلغ 200/- روپے یومیہ جرمانہ اور امتحان شروع ہونے سے 10 ایام قبل تک مبلغ 500/- روپے (کل مبلغ 700 روپے) یومیہ جرمانے کے ساتھ داخلہ فارم جمع کرانے کی آخری تاریخ 20 فروری 2026 مقرر کی گئی ہے۔ داخلہ فارم/کٹ لسٹ کی ہارڈ کاپی اور MCB بینک چالان رسید آن لائن داخلہ فارم جمع شدہ رسید کی کاپی مذکورہ تاریخ میں ایک ساتھ دستی یا رجسٹری بورڈ آفس کو ارسال کریں۔ بصورتِ دیگر جاری شیڈول کے مطابق فیس وصول کی جائے گی۔ ریگولر/پرائیویٹ داخلہ فارم آن لائن کرنے کیلئے بورڈ ہذا کی ویب سائیڈ www.biserawalpindi.edu.pk وزٹ کریں۔ اس سلسلہ میں کسی بھی قسم کی معلومات یا دشواری کی صورت میں کنٹرولر امتحانات کے فون نمبر 051-5450917-0 ، 051-5450918 یا اسسٹنٹ کنٹرولر میٹرک ضیافت عباسی کے موبائل نمبر 0300-9100331 آفس نمبر 051-5450932 پر رابطہ کرسکتے ہیں۔

پاکستان پیپلز پارٹی خدمت کی سیاست پر یقین رکھتی ہے

شہریوں کے لیے بہت جلد تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں ڈائلائسز سینٹر کا قیام عمل میں لایا جائے گا

حسن ابدال (رفیق قادری سے) پاکستان پیپلز پارٹی خدمت کی سیاست پر یقین رکھتی ہے شہریوں کے لیے بہت جلد تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں ڈائلائسز سینٹر کا قیام عمل میں لایا جائے گا۔ ٹی ایم اے کی طرف سے انے والے پانی کے بل کو کم کرنے کے لیے اپنی مدد اپ کے تحت سولر پینل لگایا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار ضلعی صدر پاکستان پیپلز پارٹی اٹک اشعر حیات خان، سابق امیدوار برائے قومی اسمبلی شیخ خرم شہزاد اور ٹکٹ ہولڈر حلقہ پی پی 2 سردار زولفقار حیات خان نے پارٹی کے 58 ویں یوم تاسیس کے موقع پر پارٹی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے لائیو خطاب کے بعد جلسہ عام سے کرنے والے اپنے خطاب میں کیا۔ سابق ایم این اے و ڈویژنل صدر پاکستان پیپلز پارٹی غلام مرتضی ستی کی زیر صدارت ہونے والے اس جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے اشعر حیات خان کا کہنا تھا کہ ہم نے ڈیڑھ کروڑ روپے کی خطیر رقم خرچ کر کے بچیوں کے لیے بڑا ہال تعمیر کر کے دیا۔ لیکن کسی کو کانوں کان خبر نہیں ہونے دی۔ انہوں نے کہا کہ ہم تشہیر سے زیادہ عوامی مسائل حل کرنے کو ترجیح دیتے ہیں۔ اشعر حیات خان کا کہنا تھا۔ مہنگائی کے اس دور میں گورنر پنجاب کی طرف سے سرکاری بسوں کے ذریعے صرف 50 روپے میں پنڈی تک کا سفر شہریوں کے لیے ایک تحفہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ بہت جلد تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں لوگ فری ڈائلسز سینٹر کو کام کرتے ہوئے اپنی انکھوں سے دیکھیں گے۔ جلسہ عام میں راوندر سنگھ جگی اور پال گل نے اقلیتی برادری کی نمائندگی کی۔ جبکہ جلسہ عام سے حضرو فتح جنگ پنڈی گھیب کے پارٹی قائدین کے علاوہ سابق نائب تحصیل ناظم سید صدا حسین شاہ تحصیل صدر راجہ ریاض سٹی صدر محمد عرفان قریشی سمیت دیگر قائدین نے بھی خطاب کیا۔ تقریب کے اختتام پر پارٹی کے 58 میں یوم تاسیس کا کیک بی کا ٹا گیا۔

چنارک پولیس چیک پوسٹ پر دہشت گردوں کے حملے میں شہید ہونے والے کرم پولیس کے بہادر اہلکار واحد خان اور فضل الرحمٰن کی نمازِ جنازہ سرکاری اعزاز کے ساتھ پولیس لائن صدہ میں ادا کردی گئی

نمازِ جنازہ میں ایس پی آپریشن فلک نواز بنگش، ایس پی انوسٹی گیشن جہانزیب خان، ڈی ایس پیز سرکلز، کرم پولیس کی بھاری نفری سمیت شہداء کے لواحقین نے شرکت کی

کرم) محمد خالق اورکزئی سے) ضلع کرم کے علاقے سنٹرل کرم میں چنارک پولیس چیک پوسٹ پر دہشت گردوں کے حملے میں شہید ہونے والے کرم پولیس کے بہادر اہلکار واحد خان اور فضل الرحمٰن کی نمازِ جنازہ سرکاری اعزاز کے ساتھ پولیس لائن صدہ میں ادا کر دی گئی نمازِ جنازہ میں ایس پی آپریشن فلک نواز بنگش، ایس پی انوسٹی گیشن جہانزیب خان، ڈی ایس پیز سرکلز، کرم پولیس کی بھاری نفری سمیت شہداء کے لواحقین نے شرکت کی پولیس حکام نے شہداء کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے اعزازی سلامی دی اور پھولوں کے گلدستے چڑھائے۔ مقامی پولیس کے شہید اہلکار گزشتہ روز سنٹرل کرم میں چنارک پولیس چیک پوسٹ پر دہشت گردوں کے بزدلانہ حملے میں جام شہادت نوش کر گئے تھے حملے کے دوران کرم پولیس کی بروقت اور جراتمندانہ جوابی کارروائی میں 04 دہشت گرد واصلِ جہنم جبکہ 06 زخمی ہو گئے تھے۔ کرم پولیس نے اپنے ان عظیم سپوتوں کو زبردست الفاظ میں خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے ان کی بہادری، فرض شناسی اور وطن سے لازوال وفاداری کو سلامِ عقیدت پیش کیا دہشت گردی کے خلاف جنگ میں یہ واقعہ ہمیں یاد دلاتا ہے کہ وطن کی حفاظت کے لیے بہادری اور یکجہتی ہی ہماری سب سے بڑی طاقت ہے

غریبوں کو ہتھکڑیاں لگوانا اور بھاری جرمانے کروانا وزیر اعلی پنجاب کے خلاف بڑی سازش ہے

اصلاح میں رحم دلی کا عنصر شامل نہیں ہوگا تو وہ ظلم کہلائے گا

اڈیالہ (ملک نعیم اختر) غریبوں کو ہتھکڑیاں لگوانا اور بھاری جرمانے کروانا وزیر اعلی پنجاب کے خلاف بڑی سازش ہے۔ اصلاح میں رحم دلی کا عنصر شامل نہیں ہوگا تو وہ ظلم کہلائے گا۔ 50 روپے اور 100 روپے کی سواری اٹھانے والوں پر بھاری جرمانے اللہ تعالی کے غضب کو اواز دینے کے مترادف ہے۔ وزیر اعلی پنجاب غریب کے منہ سے نوالہ چھیننے والوں کا محاسبہ کریں۔ تفصیلات کے مطابق بائیکا اور رکشہ چلانے والوں کی اکثریت نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلی مریم نواز ایک رحم دل خاتون ہیں۔ ہم سوچ بھی نہیں سکتے کہ وہ ہم جیسے غریب جو چلچلاتی دھوپ اور سخت سردی میں اپنے بال بچوں کی روٹی روزی کے لیے محنت مزدوری کرتے ہیں ایسے میں ہم پر بھاری جرمانے عائد کرنا سمجھ سے بالاتر ہے ہمیں یقین نہیں ہے کہ یہ احکامات وزیر اعلی پنجاب نے صادر فرمائے ہونگے۔ ہوسکتا ہے کہ بیوروکریسی وزیر اعلی کو ناکام کرنے کے لیے اور عوام کے دلوں میں وزیر اعلی کے خلاف غم اور غصہ پیدا کرنے کے لیے بھاری جرمانے کروا رہی ہو تا کہ عوام پنجاب حکومت سے بدزن ہو جائیں شہریوں کی اکثریت نے بتایا کہ 24 گھنٹوں میں ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر 3195 افراد کو گرفتار کیا گیا جبکہ 3215 مقدمات درج کیے گئے 12 ہزار 814 گاڑیاں موٹر سائیکلیں اور رکشے بند کیے گئے 6 کروڑ 30 لاکھ سے زائد کے جرمانے کیے گئے جو کہ سراسر ظلم اور زیادتی ہے وزیر اعلی پنجاب مریم نواز اس گھمبیر اور سنگین مسئلے کی طرف فوراً توجہ دے کر غریبوں کے چالان کرنے والوں کو روکیں اور عوام کی دعائیں سمیٹیں۔

مرکزی مسلم لیگ اسلام آباد اسپورٹس ونگ کا والی بال ٹورنامنٹ اور انسدادِ منشیات واک کا انعقاد

واک کا عنوان ”میدانوں کی آبادکاری نشے سے انکاری“ رکھا گیا

اسلام آباد: مرکزی مسلم لیگ اسپورٹس ونگ کے تحت والی بال ٹورنامنٹ اور منشیات کے خلاف شعور و آگاہی مہم کے سلسلے میں واک کا شاندار اہتمام کیا گیا۔ واک کا عنوان ”میدانوں کی آبادکاری نشے سے انکاری“ رکھا گیا، جس کی قیادت صدر مرکزی مسلم لیگ اسلام آباد انعام الرحمن کمبوہ نے کی، جبکہ ڈویژنل صدر احسان اللہ منصور نے مہمانِ خصوصی کے طور پر شرکت کی۔ اس موقع پر کھلاڑیوں، سول سوسائٹی، اسپورٹس کے شائقین اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ واک سے خطاب کرتے ہوئے انعام الرحمن کمبوہ نے کہا نوجوان ملک وقوم کا حقیقی سرمایہ ہیں۔ ان کے لیے صحت مند سرگرمیاں فراہم کرنا ہماری اولین ترجیح ہے۔ ہم مسلسل ایسی سرگرمیوں کا اہتمام کرتے رہیں گے اور آئندہ بھی کھیلوں کے ساتھ ساتھ نوجوانوں کی ذہنی وفکری نشوونما کے لیے جدوجہد جاری رکھیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہمارا حدف ہے کہ ہم سال 2026 میں ایک لاکھ نوجوانوں کو سول ڈیفینس، ریسکیو، تیراکی، فرسٹ ایڈ، آئی ٹی، فری لانسنگ، اور کی تربیت دیں انھوں نے مزید کہا نوجوان خود کو منفی پروپیگنڈے، انتشار اور اداروں کے خلاف منفی مہمات کا شکار نہ ہونے دیں۔ آنے والا وقت نوجوانوں اور پاکستان کی ترقی کا ہے۔ شرکاء نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ اسلام آباد میں نوجوانوں کے لیے مثبت اور صحت مند سرگرمیوں کے لگا تار انعقاد کو یقینی بنایا جائے اور کھیلوں کے فروغ کے لیے مزید اقدامات کیے جائیں۔ مرکزی مسلم لیگ کی اس تقریب نے نہ صرف کھیلوں کو فروغ دیا بلکہ معاشرے میں منشیات کے خلاف آگاہی پیدا کرنے میں بھی اہم کردار ادا کیا۔ آخر میں انھوں نے شعبہ اسپورٹس کے کوآرڈینیٹر خالد بروٹہ کی کوششوں پر خراج تحسین پیش کیا۔

امیدواران سے تحصیل کامونکی سے مسلم یوتھ لیگ کے صدر چوہدری طیب نواب گجر ایڈوکیٹ نے ملاقاتیں کی

یوتھ کے حوالے سے نوجوانوں کو بھی شمولیت کی دعوت دی گئی

کامونکی (رانا اسد شبیر سے) تحصیل کامونکی میں پاکستان مرکزی مسلم لیگ انٹرا پارٹی الیکشن کے حوالے سے یونین کونسل سوہاوہ ڈھلواں واہنڈو اور گوناعور یونین کونسل میں الیکشن کے حوالے سے امیدوران سے تحصیل کامونکی سے مسلم یوتھ لیگ کے صدر چوہدری طیب نواب گجر ایڈوکیٹ نے ملاقاتیں کی اور امیدواران کو زیادہ سے زیادہ ووٹ حاصل کرنے کے لیے رابطے بڑھانے پر زور دیا۔ مزید یوتھ کے حوالے سے نوجوانوں کو بھی شمولیت کی دعوت دی گئی اس موقعہ پر چوہدری راشد سندھو نائب صدر پاکستان مرکزی مسلم لیگ کی زیر صدارت کلوکلاں میں چوہدری عبیداللہ کے ڈیرے پر ایک کارنر میٹنگ کا انعقاد بھی کیا گیا جس میں مرکزی قیادت اور علاقہ سے عوام کی کثیر تعداد بھی شرکت کی۔ اس موقعہ پر اعجاز بھائی۔ افضال بھائی۔ حسن بٹ اور وقاص عزیز بھٹی بھی موجود تھے

ادب سماج انسانیت فورم پاکستان کی سالانہ تربیتی ورکشاپ وایوارڈ تقریب 2026ء کی تیاریوں کے سلسلے میں مرکزی اجلاس

اہم فیصلوں کا اعلان ادبی اور سماجی ترقی ہمارا مشن ہے، سالانہ تربیتی ورکشاپ اور ایوارڈ تقریب 2026ء کو ایک تاریخی اور مثالی پروگرام بنائیں گے

ملتان (کرائم رپورٹر) ادب سماج انسانیت فورم پاکستان کی سالانہ تربیتی ورکشاپ و ایوارڈ تقریب 2026ء کی تیاریوں کے سلسلے میں مرکزی اجلاس، اہم فیصلوں کا اعلان ادبی اور سماجی ترقی ہمارا مشن ہے، سالانہ تربیتی ورکشاپ اور ایوارڈ تقریب 2026ء کو ایک تاریخی اور مثالی پروگرام بنائیں گے: بانی وصدر نشین شہزاد اُفق 30 اکتوبر بروز اتوار ادب سماج انسانیت فورم پاکستان کی سالانہ تربیتی ورکشاپ اور ایوارڈ تقریب 2026ء کی تیاریاں اپنے اختتامی مراحل میں داخل ہو گئیں۔ اس سلسلے میں فورم کا ایک نہایت اہم، مؤثر اور فیصلہ کن اجلاس ادب سماج انسانیت پبلی کیشنز پاکستان کے مرکزی دفتر، کمیٹی چوک مری روڈ راولپنڈی میں منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت بانی وصدر نشین شہزاد اُفق نے کی۔ نشست کے آغاز میں انہوں نے فورم کے مقصد، سالانہ کارکردگی اور آئندہ اہداف پر جامع اظہارِ خیال کیا۔ اجلاس میں فورم کی انتظامی ٹیم اور اہم اراکین۔ پروفیسر محمد نعیم جاوید، ڈاکٹر نعمان نذیر، ڈاکٹر عبدالرزاق سحر، محمد زبیر، محمد اویس اور محمد جمیل جمیل ودیگر ممبران نے شرکت کی۔ شرکائے اجلاس نے تربیتی ورکشاپ کے مختلف حصوں، ایوارڈ تقریب کے انتظامی پہلوؤں، مہمانانِ خصوصی کے انتخاب اور شرکاء کی فہرست سے متعلق اہم تجاویز پیش کیں۔ فورم کی سالانہ کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور مکمل اتفاق رائے سے طے پایا کہ 2026ء کی تربیتی ورکشاپ اور ایوارڈ تقریب کو گزشتہ برسوں کی نسبت زیادہ باوقار، مؤثر اور منظم انداز میں منعقد کیا جائے گا۔ اس موقع پر بانی وصدر نشین شہزاد اُفق نے ادارے کی تنظیمی مضبوطی، نظم وضبط اور کارکردگی میں بہتری کے لیے سالانہ عہدوں کا باقاعدہ اعلان کرتے ہوئے کہا: ادب سماج انسانیت فورم پاکستان کا مقصد صرف ادبی فروغ نہیں بلکہ سماجی شعور، انسانیت دوستی اور مثبت فکر کو آگے بڑھانا ہے۔ نئے عہدیداران اس مشن کو مزید بلندیوں تک لے جائیں گے۔ بانی نے اعلان کیا جن رواں برس عہدوں کا اعلان کیا میں۔ سرپرستِ اعلی: نسیم سحر، سرپرست: ڈاکٹر نعمان نذیر، صدر اسلام آباد: پروفیسر نعیم جاوید، صدر راولپنڈی: ڈاکٹر عبدالرزاق سحر، نائب صدر: محمد زبیر۔ جنرل سیکرٹری: محمد جمیل جمیلمعاونِ خصوصی: محمد اویس اجلاس کے اختتام پر تربیتی ورکشاپ کے شیڈول، اہم ادبی مواد، اعزازی اسناد اور ایوارڈ کمیٹی کی ذمہ داریوں کو حتمی شکل دے دی گئی۔ انتظامیہ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ 2026ء کی تقریب نہ صرف نمایاں ادبی شخصیات کو سراہنے کا ذریعہ بنے گی بلکہ نوجوان لکھاریوں اور نئے تخلیق کاروں کے لیے بھی ایک مضبوط اور پہلا معتبر پلیٹ فورم ثابت ہوگا اس فورم نے ہمیشہ بے لوث خدمات سرانجام دی ہیں۔

ضلع بھر کی موجودہ امن وامان کی صورتحال اور حالیہ دہشتگردی کے واقعات کے تناظر میں اعلی سطحی امن جرگہ منعقد ہوا

اجلاس میں ڈی پی او ہنگو خان زیب مہمند، ڈپٹی کمشنر گوہر زمان وزیر، ٹل اسکاؤٹس کے لیفٹیننٹ کرنل لنگر خان، امن کمیٹی ممبران، علاقہ مشران اور صحافیوں نے شرکت کی

ہنگو) محمد خالق اورکزئی سے) ضلع بھر کی موجودہ امن وامان کی صورتحال اور حالیہ دہشتگردی کے واقعات کے تناظر میں اعلی سطحی امن جرگہ منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈی پی او ہنگو خان زیب مہمند، ڈپٹی کمشنر گوہر زمان وزیر، ٹل اسکاؤٹس کے لیفٹیننٹ کرنل لنگر خان، امن کمیٹی ممبران، علاقہ مشران اور صحافیوں نے شرکت کی۔ اپنے خطاب میں ڈی پی او ہنگو خان زیب مہمند نے کہا کہ ضلع میں حالیہ دہشتگردی کے واقعات انتہائی افسوسناک ہیں۔ امن کا قیام صرف ریاستی اداروں نہیں بلکہ عوام، سول سوسائٹی، علما، طلبہ، سیاسی و مذہبی جماعتوں اور تاجر برادری کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ امن کمیٹیوں کے ذریعے مربوط حکمت عملی اپنائی جائے گی اور سہولت کاروں کے خلاف بلا تفریق کارروائی یقینی بنائی جائے گی۔ سیکیورٹی فورسز کی اصل طاقت عوام کی سپورٹ ہے، اور اسی یکجہتی سے دہشتگردی کا مکمل خاتمہ ممکن ہے۔ ڈی پی او نے واضح کیا کہ ہنگو پولیس ہر حالت میں دہشتگردی کے سامنے ڈٹ کر کھڑی ہے اور عوام کے تعاون سے امن کو مضبوط بنایا جائے گا

کمیونٹی کنسرن گروپ (سی سی جی) نے کرسچن سٹڈی سینٹر کے اشتراک سے ”حقوق نسواں آگاہی، ہراسگی، دیگر مسائل اور ان کا حل“ کے عنوان سے ٹی ایم اے کے کانفرنس ہال میں سیمینار کا انعقاد کیا

خواتین کو اپنے حقوق سے آگاہی اور معاشرے میں اپنے کردار سے بخوبی واقف ہونا ہوگا

راولپنڈی () کمیونٹی کنسرن گروپ (سی سی جی) نے کرسچن سٹڈی سینٹر کے اشتراک سے ”حقوق نسواں آگاہی، ہراسگی، دیگر مسائل اور ان کا حل“ کے عنوان سے ٹی ایم اے کے کانفرنس ہال میں سیمینار کا انعقاد کیا مذکورہ تقریب ”16 ڈیز آف ایکٹیویزم“ کی مناسبت سے منعقد کی گئی جس میں کمیونٹی کنسرن گروپ کے کنوینئر بشارت مسیح، سینئر صحافی شمع صدیقی، ڈسٹرکٹ وویمن پروٹیکشن افسر راولپنڈی رضوانہ بشیر، کرسچن سٹڈی سینٹر کی ترجمان ندا، ٹی ایم اے (سی بی اے) یونین کے صدر ہارون اور جنرل سیکریٹری پادری شاہد رضا، سی سی جی کے اراکین سیموئیل بشیر صائمہ اے بھٹی اور معصومہ سمیت درجنوں مرد و خواتین شریک ہوئے جبکہ رکن صوبائی اسمبلی تحسین فواد نے اپنے تحریری پیغام کے ذریعے شرکت کی پروگرام کے آغاز میں کمیونٹی کنسرن گروپ کی رکن معصومہ نے گروپ کا تعارف کرواتے ہوئے بتایا کہ سی سی جی گزشتہ تقریبا 2 سال سے خواتین اور اقلیتوں کے مسائل کے حل کے لئے کوشاں ہے اور ان کے حقوق کی آگاہی کے فرائض انجام دے رہا ہے، سینئر صحافی شمع صدیقی نے کہ کہا پاکستان اسلامی معاشرہ ہے اور قرآن و سنت کی روشنی میں بنائے گئے آئین وقوانین کی موجودگی کے باوجود عملدرآمد نہ ہونے کی وجہ سے اقلیتوں اور خواتین کے حقوق کی پامالی، حق تلفی اور تشدد جیسے واقعات کا شکار ہے اور حکمرانوں کی عدم توجہی کے سبب ان میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے اسی طرح ڈسٹرکٹ وویمن پروٹیکشن افسر رضوانہ بشیر نے خواتین کے تحفظ کے حوالے سے حکومت پنجاب کی جانب سے جاری منصوبوں پر تفصیلی روشنی ڈالی اس موقع پر کمیونٹی کنسرن گروپ کے کنوینئر بشارت مسیح نے سینٹری ورکر سمیت دیگر خواتین کے مسائل اجاگر کرتے ہوئے ان کے بہتر حل تلاش کرنے پر زور دیا انہوں نے کہا کہ خواتین کو اپنے حقوق سے آگاہی اور معاشرے میں اپنے کردار سے بخوبی واقف ہونا ہوگا آخر میں صائمہ اے بھٹی نے رکن صوبائی اسمبلی تحسین فواد کا پیغام پڑھا جس میں انہوں نے وزیر اعلی پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر خالصتا خواتین کے حوالے سے جاری کئے گئے منصوبوں مثلا ڈیجیٹل سکلز پروگرام، پروجیکٹ حفاظت، پنجاب پروٹیکشن اتھارٹی، دھی رانی اغیشیو، ورچوئل وویمن پولیس سٹیشن (میری آواز مریم نواز) سمیت دیگر منصوبوں بارے آگاہ کیا انہوں نے کہا کہ وہ پنجاب اسمبلی میں خواتین کی نمائندہ ہیں اور اپنے دائرہ اختیار میں رہتے ہوئے خواتین کی بہتری، فلاح و بہبود اور ترقی کے لئے ہر ممکن کوشش جاری رکھیں گی

خیال

کاشی چوہدری□

اپنا خیال رکھا کریں آپ کسی کی گمشدہ پسلی ہیں، کسی کی امانت ہیں، کسی کا سکون ہیں، کسی کا رزق ہیں، کسی کی دنیا ہیں، کسی کا مان ہیں، کسی کی ہونے والی ماں ہیں، پلیز خود کو دو ٹکے کے مردوں کے ہاتھوں خوار نہ کرو۔ □□ *آپ کسی کے لیے بہت خاص ہو بہت جلد وہ انسان آئے گا آپ کی زندگی میں، بس جب تک وہ نہیں آ جاتا خود کو سنبھال کے رکھو

ڈی پی او ہنگو خان زیب مہمند کی براہِ راست نگرانی میں مجرمان اشتہاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

اسی سلسلے میں ٹل پولیس نے قتل کے مقدمے میں مطلوب اشتہاری مجرم کو گرفتار کرلیا

ٹل (نمائندہ) ڈی پی او ہنگو خان زیب مہمند کی براہِ راست نگرانی میں مجرمان اشتہاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری۔ اسی سلسلے میں ٹل پولیس نے قتل کے مقدمے میں مطلوب اشتہاری مجرم کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق مورخہ 2025-09-25 کو تھانہ ٹل میں درج رجسٹرڈ ایف آئی آر کے مطابق ارشد احمد ولد گلاب نور اپنے ساتھی سفی اللہ کے ساتھ بیٹھک میں موجود تھے، جہاں دورانِ گفتگو اچانک تلخ کلامی ہوئی اور سفی اللہ ولد شالم خان نے فائرنگ کر کے ارشد احمد کو موقع پر قتل کر دیا۔ واقعے کے بعد ملزم سفی اللہ گرفتاری سے بچنے کے لیے روپوش ہو گیا تھا۔ ڈی پی او ہنگو خان زیب مہمند کی ہدایت اور براہِ راست نگرانی میں ایس ایچ او تھانہ ٹل وحید نور خان نے چھاپہ مار کارروائی کرتے ہوئے اشتہاری مجرم سفی اللہ ولد شالم خان سکنہ قادری بانڈہ میانجی خیل ٹل کو گرفتار کرلیا۔ ڈی پی او ہنگو خان زیب مہمند نے کہا کہ سنگین نوعیت کے مقدمات میں مطلوب ملزمان کسی صورت قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکیں گے۔ ہنگو پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رہیگا)

وفاقی حکومت نے ترقیاتی سکیموں میں خیبر پختونخوا کو مکمل طور پر نظر انداز کر دیا

مشیر خزانہ مزمل اسلم 43 ارب روپے کے ترقیاتی منصوبے پنجاب اور سندھ کے لئے جبکہ خیبر پختونخوا کا حصہ صرف 3.1 ارب رکھا گیا

پشاور (اشتیاق خان سے) وفاقی حکومت نے ترقیاتی سکیموں میں خیبر پختونخوا کو مکمل طور پر نظر انداز کر دیا۔ مشیر خزانہ مزمل اسلم 43 ارب روپے کے ترقیاتی منصوبے پنجاب اور سندھ کے لئے جبکہ خیبر پختونخوا کا حصہ صرف 3.1 ارب رکھا گیا ہے، مزمل اسلمو زیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کے مشیر برائے خزانہ مزمل اسلم نے وفاقی حکومت کی جانب سے ترقیاتی فنڈز کی تقسیم پر کڑی تنقید کی ہے۔ مشیر خزانہ نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت نے 43 ارب روپے کے ترقیاتی منصوبے صرف پنجاب اور سندھ کے لیے منظور کئے جبکہ خیبر پختونخوا کو مکمل طور پر نظر انداز کیا گیا ہے۔ شرم کی بات ہے کہ خیبر پختونخوا کو بلوچستان سے بھی نیچے رکھا گیا۔ مزمل اسلم نے مزید کہا ہے کہ اطلاعات کے مطابق 43 ارب روپے میں سے شیر (پی ایم ایل ن) کا حصہ 5.23 ارب روپے ہے جو پنجاب کے ممبران قومی اسمبلی کی اسکیموں کے لیے مختص کیا گیا ہے، مسلم لیگ (ن) کے زیر انتظام صوبہ کل رقم کا 54.5٪ حاصل کرے گا، اور 6.17 ارب روپے کا بڑا حصہ حکومتِ پنجاب کے ذریعے خرچ کیا جائے گا۔ جبکہ وفاقی حکومت پنجاب کے دیہی علاقوں کی بجلی فراہمی منصوبوں پر بھی 9.5 ارب روپے خرچ کرے گی۔ فیصلے کے مطابق مزید 40 کروڑ روپے ڈیفنس ڈویژن کے ذریعے خرچ کیے جائیں گے۔ مزمل اسلم نے کہا کہ سندھ کے ممبرانِ قومی اسمبلی کو 3.15 ارب روپے ملیں گے، اس میں سے 3.10 ارب روپے سندھ حکومت کے ذریعے اور باقی 3.4 ارب روپے پاکستان انفراسٹرکچر ڈیولپمنٹ کمپنی کے ذریعے خرچ ہوں گے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ خیبر پختونخوا کو صرف 3.1 ارب روپے ملیں گے اور خیبر پختونخوا کے فنڈز براہِ راست PIDC اور واپڈا کے ذریعے خرچ ہوں گے، جبکہ بلوچستان حکومت کو 3.2 ارب روپے اور اسلام آباد کو 750 ملین روپے دیے جائیں گے۔

ضلع اورکزئی میں جنگلات کے تحفظ کے نام پر دوہرا معیار عوام پر پابندی، ٹمبر مافیہ کو کھلی چھوٹ

ضلع اورکزئی میں عام عوام پر یہ سخت پابندی عائد ہے کہ وہ اپنے ذاتی پہاڑوں سے بھی گھریلو استعمال کے لیے لکڑی نہیں لا سکتے

ہنگو) محمد خالق اورکزئی) ضلع اورکزئی میں جنگلات کے تحفظ کے نام پر دوہرا معیار عوام پر پابندی، ٹمبر مافیہ کو کھلی چھوٹ! ضلع اورکزئی میں عام عوام پر یہ سخت پابندی عائد ہے کہ وہ اپنے ذاتی پہاڑوں سے بھی گھریلو استعمال کے لیے لکڑی نہیں لا سکتے۔ اگر کوئی شخص معمولی مقدار میں اپنی ضرورت کی لکڑی بھی لاتا ہے تو اسے فوراً گرفتار کر کے اس کی لکڑیاں ضبط کر لی جاتی ہیں۔ لیکن افسوسناک حقیقت یہ ہے کہ یہی قوانین بااثر شخصیات اور خاص لوگوں پر لاگو نہیں ہوتے۔ آج رات تقریباً ساڑھے سات بجے سنٹرل اورکزئی مُشتی میلہ کے قریب محکمہ جنگلات نے لکڑیوں سے لدی دو گاڑیاں پکڑیں، جو واضح طور پر غیر قانونی کٹائی اور اسمگلنگ میں ملوث تھیں۔ اب اطلاعات موصول ہو رہی ہیں کہ فارسٹ اہلکاروں پر دباؤ ڈالا جا رہا ہے کہ وہ ان دونوں گاڑیوں کو بغیر کارروائی چھوڑ دیں جو کہ قانون اور انصاف دونوں کے خلاف ہے۔ یہ صورتحال نہ صرف دوہرے معیار کا ثبوت ہے بلکہ عوام کے ساتھ کھلے عام ظلم بھی ہے۔ ہم حکومتِ خیبر پختونخوا اور متعلقہ حکام سے پُرزور مطالبہ کرتے ہیں کہ: 1. پکڑی جانے والی دونوں گاڑیوں کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے۔ 2. محکمہ جنگلات کے اہلکاروں پر دباؤ ڈالنے والوں کے خلاف بھی کارروائی ہو۔ ٹمبر مافیہ کے ساتھ ملوث افراد کے خلاف کارروائی کی جائے۔ 3. قانون سب کے لیے برابر ہو عوام پر پابندی اور خواص کو آزادی کا سلسلہ ختم کیا جائے۔ اگر ان گاڑیوں کو کسی بھی قسم کے دباؤ، سیاسی اثر یا سفارش کی بنیاد پر چھوڑا گیا تو ہم ان گاڑیوں کے نمبرز اور ویڈیوز عوام۔ کے ساتھ شیئر کریں گے، اور کل احتجاج پر بھی مجبور ہوں گے۔ فارسٹ سیکرٹری پختونخواہ ڈپٹی کمشنر کوہاٹ، وزیر اعلی پختونخواہ سیکورٹی فورسز سے مطالبہ کرتے ہیں انکے خلاف قانونی کارروائی کریں